ترجمہ اور جو تیرے جی میں ہے وہ میں نہیں جانتا۔ اور خدا تعالیٰ کی صفتیں بلاکیف ہیں یعنی بدون اسکے کہ کیونکر اور کیسی ہیں اسلیئے کہ کیفیاتِ صفات معلوم نہیں ہیں اور نہ ہوسکتی ہیں کیونکہ محدود بیحد کو حد میں نہیں لاسکتا اور بغیر احاطہ کیئے کیفیت و حقیقت نہیں جانی جاسکتی پس ازلی و ابدی صفات کی کیفیات اُنکے قدیم و دائم ہونیکے سبب کوئی مخلوق حادث جو عدمیں میں محدود ہے نہیں جان سکتا ناچار اُسکے بلاکیف ہونے پر ایمان و اعتقاد لائیگا۔ **عقیدہ**[۲۸]۔ مذکورہ بالا صفات و الفاظ کی تاویل کرکے یوں نہ کہنا چاہیئے جیسا پچھلے جو اگلوں کے مخالف ہیں کہتے ہیں کہ ید سے مراد قدرت ہے یا نعمت حق ہے اسلیئے کہ تاویل کیصورت میں صفت حق کا باطل کرنا ہے حالانکہ مثل صفت قدرت یہ بھی ایک صفت حق ہے۔ اور یہ قول اہل قدریہ اور معتزلہ کا ہے۔ اور نہ ہم اسکو مثل مخلوق کے ہاتھ کے جانتے ہیں ولیکن یدِ حق صفت حق ہے بلاکیف کہ ہم اُس ید کی کیفیت کو جو خدا کی صفت ہے نہیں پہچانتے ہیں جیسا اسکی باقی صفات کی کنہ اور حقیقۃ کی معرفت میں ہم عاجز ہیں بلکہ اس سے بڑھکر اسی طرح ذات کی معرفت سے بھی ہم عاجز ہیں لہذا اسکو بلاکیف ایک صفت حق جانتے ہیں۔ **عقیدہ**[۲۹] حقتعالے کا غضب اور اسکی رضا یہ بھی اسکی صفات میں سے دو صفتیں ہیں لیکن بلاکیف۔ **عقیدہ**[۳۰] حقتعالی نے اشیاء کو پیدا کیا بغیر مادہ کے کہ مخلوقات پر پہلے سے ہو یعنی اشیاء کے پیدا کرنے سے پہلے کوئی مادہ نہ تھا جس سے مخلوق کو بنایا بلکہ بغیر مادہ کے اشیاء کو پیدا کیا جیسا خدا تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے **خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ** یعنی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔

حالانکہ خلقتِ بعض اشیاء از مواد منافیٔ عقیدۂ سابق نیست زیرا کہ اصل مواد از مخلوق غیر موجود است۔ عقیدہ ۳۱۔ بود اللہ تعالیٰ عالم در ازل با شیاء قبل وجودِ اشیاء دراں حال کہ مقدر کردہ است اشیاء را موافق ارادۂ خود و حکم کردہ مطابق علمِ خود در اشیاء پس علم اللہ تعالیٰ قدیم است و بعض متعلقاتِ آں علم حادث است چنانچہ نص صریح دال اوست وَلَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۝ ترجمہ پوشیدہ نگردد ازو برابر ذرہ در آسمانہا و نہ در زمین و نیست خوردتر ازاں و نہ بزرگتر ازاں مگر آنکہ مکتوب است در کتابِ روشن یعنی لوح محفوظ خلاصہ از تفسیر حسینی۔ عقیدہ ۳۲ نباشد در دنیا و نہ در آخرت ہیچ موجودے حادث در جمیع احوال مگر بمشیتِ او و علم او و قضاءِ او یعنی حکم او و قدرِ او یعنی بمقدارِ تقدیرِ او و کتابتِ او در لوحِ محفوظ کہ بوصف است شیٔ اے بوصف موجودِ حادث نہ بحکم یعنی نوشتہ است حقتعالیٰ در جمیع اشیاء

ترجمہ تو اس کلیہ میں مادہ بھی داخل ہے اور مادہ کا خالق بھی وہی ہے پس ابتداء ہر چیز کی بے مادہ ہے۔ حالانکہ پیدائش بعض چیزوں کی بعض مادوں سے پہلے عقیدہ کی نفی نہیں کرتی کیونکہ اصل مواد مخلوق کا غیر موجود ہے۔ عقیدہ ۳۱ خدا تعالیٰ جانتا تھا اشیاء کو ازل میں اشیاء کے وجود کے پہلے اس حال میں کہ مقدر کیا ہے اشیاء کو اپنے ارادہ کے موافق اور حکم کیا مطابق اپنے علم کے اشیاء میں۔ پس علم خدا تعالیٰ کا قدیم ہے اور اس علم کے بعض متعلقات حادث ہیں جیسا نص صریح اسکی دال ہے کہ سورۂ سبا میں ہے وَلَا یَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ الخ یعنی اور اس سے چھپا نہیں رہتا کچھ ذرہ برابر آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہیں ہے اس سے خردتر اور نہ اس سے بزرگتر مگر یہ کہ لکھا ہوا ہے کتاب روشن میں یعنی لوح محفوظ میں۔ یہ خلاصہ ہے تفسیر حسینی کا۔ عقیدہ ۳۲ نہیں رہتا ہے یا ہوتا ہے دنیا میں اور نہ آخرت میں کوئی موجود حادث تمام احوال میں مگر اس کی مشیت اور اس کے علم اور اس کی قضا سے یعنی اسکے حکم سے۔ اور اسکے قدر سے کہ موافق مقدار اسکے اندازہ کرنے کے ہے۔ اور اس کے لکھدینے کے ہے لوح محفوظ میں جو موافق وصف موجود حادث کے ہے۔ نہ موافق حکم کے۔ یعنی حق تعالیٰ نے ساری اشیاء کے حال میں یہ بات لکھ رکھی ہے کہ

بانیکہ خواہد شد چنیں و چنیں موافق قضاء نہ بر وجہ امر زیرا کہ اگر می کرد امر ہماں وقت بوجود می آمد۔ و قضاء و قدر یعنی حکم اجمالی و تفصیلی او ست۔ و مشیتہ ارادہ حق تعالیٰ کہ متعلق بآں است شئ یعنی موجود حادث حادث ہم صفتِ حق تعالیٰ است در ازل بلا کیف عقیدہ ۳۳ میداند حق تعالیٰ معدوم را در حالتِ عدمِ آں معدوم و میداند کہ آں معدوم وقت موجود شدن بکدام حال پیدا خواہد شد۔ عقیدہ ۳۴ میداند اللہ تعالیٰ موجود را در حالتِ وجودِ او و میداند کہ بکدام نہج خواہد بود فناءِ او۔ عقیدہ ۳۵ میداند حقتعالیٰ قائم را در حالتِ قیامِ او پس ہرگاہ می نشیند قائم میداند حق تعالیٰ او را قاعد در حالِ نشستنِ او از غیر تغیر شدنِ علم او در ازل یعنی علمِ حق تعالیٰ از نشستن و برخاستن و حیات و ممات و صلوٰۃ و صوم و سائر مقامِ موجود تغیر نمی یابد بایں نہج کہ در ازل نبودہ باشد حالا حادث شدہ باشد بایں قسم شئ یعنی بایں قسم اختلاف احوال مذکورہ بالا و لیکن تغیر و اختلاف احوال از قیام و قعود

ترجمہ کہ اس طرح اور اس طرح قضا کے موافق ہوگا نہ امر کی وجہ پر کیونکہ اگر امر تا تو اسی وقت وجود میں آجاتا۔ اور قضا اور قدر اُسکے حکم میں اجمالی اور تفصیلی اور مشیت کہ حقتعالیٰ کا ارادہ جو موجود حادث کو متعلق ہے یہ صفت حقتعالیٰ کی ہے ازلی بلا کیف عقیدہ ۳۳ حقتعالیٰ جانتا ہے معدوم کو اُس معدوم کے نہ ہونیکی حالت میں اور جانتا ہے کہ وہ معدوم موجود ہونیکے وقت کس حال میں پیدا ہوگا عقیدہ ۳۴ خدا تعالیٰ جانتا ہے موجود کو اُسکے ہونیکی حالت میں اور جانتا ہے کہ کس طریق سے فنا ہوگا۔

عقیدہ ۳۵ حق تعالیٰ جانتا ہے قائم کو اُس کے کھڑے ہونے کی حالت میں پھر جب بیٹھتا ہے وہ قائم تو حق تعالیٰ اُسکو قاعد جانتا ہے اُس کے بیٹھنے کی حالت میں بغیر تغیر ہونے اُس کے علم کے ازل میں یعنی علم ازلی حق تعالیٰ کا موجود کے بیٹھنے اور اُٹھنے اور زندہ ہونے اور مرنے اور نماز اور روزہ سے اور اُسکی ساری جگہ سے تغیر نہیں پاتا ہے اس طرح کہ ازل میں تو نہ ہوا ہووے اب احوال مذکورہ بالا کے اس قسم کے اختلاف کے سبب حادث ہوا ہو۔ اور لیکن تغیر اور اختلاف احوال کا بسبب قیام اور قعود

و امثالِ آں از افعال پیدا می شود در مخلوقین + عقیدہ ۳۶ - پیدا کرد حق تعالےٰ خلق را سادہ از آثار کفر و انوار ایمان بایں کہ گردانید ایشاں را قابل اینکہ از ایشاں عصیان و احسان ش عبادت بحضور دل م واقع شود بعد ازاں خطاب کرد حق تعالیٰ ایشاں را در وقت تکلیف ش اینوقت در شرع بلوغ است کہ تقدیر کردند ش علماء بہ پانزدہ ۱۵ سال م بعبادت و امر کرد ایشاں را بایمان و طاعت و منع کرد ایشاں را از کفر و معصیۃ پس ہر کہ کفر کرد کفر کرد بہ فعلِ خود و اختیارِ خود و انکارِ خود و اصرارِ خود بر جہل و استکبارِ خود بخذلانِ اللہ تعالیٰ یعنی بترک نصرت اللہ تعالیٰ او را و ہر کہ ایمان آورد بفعلِ خود و انقیادِ خود و اقرار بزبانِ خود و تصدیق بجنان س بفتح جیم بمعنی دل م خود موافق امر اللہ تعالیٰ از توفیقِ اللہ تعالیٰ آزادیاری اللہ تعالیٰ او را بمقتضائے فضلِ خود کما قال اللہ تعالیٰ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ ترجمہ تحقیق اللہ تعالیٰ ہر آئینہ صاحب فضل است بر آدمیان +

ترجمہ اور اس جیسے افعال کے مخلوقات میں پیدا ہوتا ہے۔ عقیدہ ۳۶ پیدا کیا حق تعالیٰ نے خلق کو سادہ آثارِ کفر اور انوار ایمان سے یعنی بے رنگ کفر و ایمان اسطرح کہ انکو قابل اسکے بنا یا کہ انسے عصیان اور احسان واقع ہووے یعنی نافرمانی اور عبادت جو حضور دل سے ہو۔ بعد اسکے خطاب کیا حق تعالیٰ نے انکو تکلیف کے وقت میں عبادت کے ساتھ۔ اور وقت تکلیف کا شرع میں بلوغ ہے جس کا اندازہ علمانے پندرہ ۱۵ برس کیا ہے - اور حکم کیا انکو ایمان اور طاعت کا اور منع کیا انکو کفر و معصیت سے - پھر جس نے کفر کیا کفر کیا اپنے فعل سے اور اپنے اختیار سے اور اپنے انکار اور اپنے اصرار سے اور اپنے جہل و استکبار پر یعنی نادانی اور غرور پر خدا تعالیٰ کے خذلان سے یعنی اُسکے لیے خدا تعالیٰ کی نصرت و مدد کے ترک یعنی چھوٹ جانے سے - اور جو کوئی ایمان لایا ایمان لایا اپنے فعل سے اور اپنے تابعدار اور مقید ہونے سے اور اپنی زبان پر اقرار کرنے اور اپنے دل سے تصدیق کرنے یعنی سچ ماننے سے موافق حکم خدا تعالیٰ کے خدا تعالیٰ کی توفیق اور اُسکی مدد سے اُسکے لیے اپنے فضل کے موافق جیسا فرمایا خدا تعالیٰ نے اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ یعنی یقینی خدا تعالیٰ البتہ صاحب فضل ہے لوگوں پر +

عقیدہ ۳۷ - بیرون آورد ذریت حضرت آدم علیہ السلام را تا روز قیامۃ پس یعنی ہر قدر
کہ تا روز قیامۃ پیدا شدنی است ہر طبقہ بعد طبقہ از صلب حضرت آدمؑ اولاً بعد از آن
از اختلاف اصلاب فرزندان و ترائب بنات آدمؑ کہ بعض آں سپید بودند و بعض آں سیاہ
و انتشار ساخت بسوئی یمین و یسار آدمؑ بعد از آں خطاب کرد ذریات آدمؑ
را بقول اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ یعنی آیا نیستم پروردگار شما و امر کرد ایشاں را
بایمان و احسان و منع کرد ایشاں را از کفر و عصیان پس اقرار کردند حق تعالیٰ
جل شانہ را بربوبیۃ و ذاتہائے خود را بعبودیۃ از قول بلیٰ از روئی ایمان حقیقی یا حکمی فہم
یُوْلَدُوْنَ عَلٰی تِلْكَ الْفِطْرَۃِ ترجمہ پس آنہا پیدا کردہ میشوند بریں
آفرینش ٭ عقیدہ ۳۸ شخصے کہ کفر آورد بعد ایمانِ میثاقے تبدیل کرد و تغیر
ساخت ایمان فطری را بکفر و کسی کہ ایمان آورد و تصدیق کرد در اظہارِ ایمان
باین روش کہ ایمان لسانی را مطابق تصدیقِ جنانی ساخت ثابت ماند بریں
خود کہ اصل فطرت بود و مستمر شد بر اقرار خود کہ بقولِ لفظِ بلیٰ بود۔

ترجمہ۔ عقیدہ ۳۷۔ باہر لایا خدا تعالیٰ اولاد حضرت آدم علیہ السلام کو دن قیامت تک یعنی
جسقدر کہ دن قیامۃ تک پیدا ہونیوالے ہیں طبقہ کے بعد طبقہ اول حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے
بعد اُس کے اُن کے فرزندوں کی پشتوں اور بیٹیوں کے سینوں سے کہ بعض اُن کے سپید تھے اور بعض
اُن کے سیاہ۔ اور آدم علیہ السلام کے دہنے اور بائیں انکو پھیلا کر اسکے بعد ذریت آدم علیہ السلام
سے خطاب کیا اس قول سے اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ یعنی کیا میں نہیں ہوں تمھارا پروردگار۔ اسکو
روز میثاق کہتے ہیں۔ اور حکم کیا انکو ایمان اور احسان کا اور انکو کفر و عصیان سے منع کیا۔ پس سب نے
حق تعالیٰ جل شانہ کے رب ہونے پر اقرار کیا ایمان میثاقی کا اور اپنی ذاتوں کے لیے عبودیت
یعنی بندہ ہونے پر قول بلیٰ یعنی ہاں سے۔ یہ اقرار ایمانِ میثاقی ایمان حقیقی کی راہ سے تھا
یا حکمی کی فہم یُوْلَدُوْنَ عَلٰی تِلْكَ الْفِطْرَۃِ یعنی پس وے پیدا کیے جاتے ہیں اسی پیدائش
پر۔ عقیدہ ۳۸۔ جس شخص نے بعد ایمان میثاقی کے کفر اختیار کیا تو اُس نے ایمان فطری کو کفر سے بدلدیا
اور تغیر کر دیا۔ اور جو کوئی کہ ایمان لایا اور اُس نے تصدیق کی ایمان کے ظاہر کرنے میں اس طریقہ سے کہ زبانی ایمانکو دلکی
تصدیق کے مطابق کر لیا وہ اپنے دین پر جو اصل فطرۃ کا تھا ثابت رہا اور اپنے اقرار پر جو لفظ بلیٰ کے قول سے تھا جاری رہا

عقیدہ ۳۹ جبر نہ کردہ است ہیچکس را از خلق خود بر کفر و نہ بر ایمان و پیدا نہ کردہ است اللہ تعالیٰ ایشان را مومن و نہ کافر بلکہ پیدا کردہ است ایشان را اشخاص **عقیدہ ۴۰** ایمان و کفر فعل عبد است یعنی باعتبار اختیار ایشان نہ بر وجہ اضطرار **عقیدہ ۴۱** می داند اللہ تعالیٰ شخصی را کہ کفر میکند کافر در حالتِ کفر و ہرگاہ ایمان می آرد بعد از ارتکابِ کفر میداند اللہ تعالیٰ او را مومن در حالِ ایمانِ او از غیر تغیر علمِ او تعالیٰ و صفتِ او تعالیٰ **ش** یعنی غضب و رضا چنین است در شرح فقہ اکبر ملا علی۔ **م** یعنی از کفر بندہ و ایمانِ بندہ علمِ حق تعالیٰ متغیر نمی شود و نہ صفتِ او تعالیٰ **ش** یعنی غضب و رضا۔ **م**۔

عقیدہ ۴۲ جمیع افعالِ عباد از کفر و ایمان و طاعۃ و عصیان کسب ایشان است بر سبیلِ حقیقۃ و نیست بطریق مجاز و نہ بر سبیلِ اکراہ و غلبہ بلکہ اختیارِ ایشان است در فعلِ ایشان باعتبارِ اختلاف و میلان ذاتہائے ایشان **لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ** ترجمہ برائے آں باشد آنچہ کسب کرد از نیکوئیہا و بر وے باشد آنچہ کسب کرد

ترجمہ۔ عقیدہ ۳۹ خدا تعالیٰ نے جبر نہیں کیا ہے کسی کے لیے اپنی مخلوق سے کفر پر اور نہ ایمان پر اور نہ انکو مومن پیدا کیا ہے اور نہ کافر بلکہ پیدا کیا ہے انکو اشخاص۔ **عقیدہ ۴۰** ایمان و کفر بندہ کا فعل ہے یعنی باعتبار ان کے اختیار کے نہ اضطرار کی وجہ پر۔ **عقیدہ ۴۱** خدا تعالیٰ اُس شخص کو جو کفر کرتا ہے کافر جانتا ہے کفر کی حالت میں۔ اور جب کفر اختیار کرنیکے بعد ایمان لاتا ہے تو خدا تعالیٰ اُسکو مومن جانتا ہے اُسکے ایمان کے حال میں بغیر متغیر ہونے خدا تعالیٰ کے علم کے اور خدا تعالیٰ کی صفت کے یعنی صفتِ غضب و رضا کے۔ شرح فقہ اکبر ملا علی قاری میں اسی طرح ہے۔ یعنی بندہ کے کفر و ایمان سے حقتعالیٰ کا علم متغیر نہیں ہوتا ہے اور نہ اُسکی صفتِ غضب و رضا۔ **عقیدہ ۴۲**۔ بندوں کے تمام افعال خواہ کفر و ایمان کے ہوں خواہ طاعت اور عصیان یعنی بندگی اور نافرمانی کے حقیقت کی راہ سے یہ اُنھیں کا کسب ہے۔ اور مجاز کے طریق پر نہیں ہے اور نہ زبردستی اور غلبہ کی راہ سے ہے بلکہ اُن کے فعل میں انکا اختیار ہے اُن کے اختلاف کے اعتبار سے اور اُن کی ذاتوں کے اسطرف میلان کرنے سے **لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ** یعنی جو کچھ نیکیاں انھوں نے کسب کیں وہ انھیں کے لیے ہونگی اور جو کچھ کوشش کر کے انھوں نے

بجہد او بدیہا عقیدہ ۴۳ اللہ تعالیٰ خالقِ افعالِ عباد است موافق ارادہ خود
کما قال اللہ تعالیٰ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ و فعلِ عباد نیز داخل در تحت شی است
عقیدہ ۴۴ تمام افعالِ عباد از خیر و شر کسبِ ایشاں بارادہ و علمِ حق تعالیٰ و قضائے
حقتعالیٰ است عقیدہ ۴۵ طاعۃ بتمامہا ش از فرض و واجب و مندوب ہ قلیل و کثیر
ثابت است از امرِ اللہ تعالیٰ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ ترجمہ فرمان
برید اللہ تعالیٰ را و فرمان برید رسول را صلعم ٭ و سبب محبتِ حق تعالیٰ است
اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ترجمہ تحقیق اللہ تعالیٰ دوست می دارد پرہیزگاران
را ٭ و از رضائے حق تعالیٰ است لقولہ تعالیٰ فی حق المؤمنین رَضِیَ
اللّٰہُ عَنْھُمْ ترجمہ خوشنود شد اللہ تعالیٰ از ایشاں ٭ و علم و مشیتہ و قضا (اے سبب رضای حقتعالیٰ است ۱۲)
و تقدیرِ حق تعالیٰ است و معصیتہ بتمامہا ش از کفر و شرک و کبیرہ و صغیرہ
ہم از علمِ حق تعالیٰ و قضائی حق تعالیٰ و تقدیر حق تعالیٰ است و مشیتہ حق تعالیٰ
و نیستند سببِ محبتِ حق تعالیٰ چنانچہ آیت قرآن مجید مشعر است اِنَّ اللّٰہَ لَا

ترجمہ برائیاں کامیں انکا بوجھ انھیں پر رہیگا۔ عقیدہ ۴۳ بندوں کے فعلونکو خدا تعالیٰ پیدا
کرتا ہے اپنے ارادہ کے موافق جیساکہ خدا تعالیٰ نے فرمایا خالق کلشیٔ یعنی ہر چیز کا خالق ہے اور
تحت شے میں بندونکے فعل بھی داخل ہیں تو ان کا خالق بھی وہی ہے۔ یس اسی نے پیدا کیے اور وہی پیدا کرتا ہے
عقیدہ ۴۴۔ بندوں کے تمام فعل نیکی اور بدی کے اونھیں نے کمائے ہوے ہیں حقتعالیٰ کے
ارادہ اور علم سے اور حق تعالیٰ کی قضا سے عقیدہ ۴۵ فرماں برداری تمام قسم کی
فرض اور واجب اور نفل و مستحب تھوڑی اور بہت ثابت ہے خدا تعالیٰ کے حکم سے
اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول یعنی تابعداری کرو خدائے تعالیٰ کی اور تابعداری
کرو رسول صلعم کی۔ اور یہ تابعداری سبب ہے خدائے تعالیٰ کے لیے محبت کی۔ اِنَّ
اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ہ یعنی یقیناً خدا تعالیٰ دوست رکھتا ہے پرہیزگارونکو۔ اور یہی سبب ہے
خدا تعالیٰ کی خوشنودی کی بسبب فرمانے خدا تعالیٰ کے مومنین کے حق میں رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ یعنی خوشنود ہو گیا خدا تعالیٰ
انسے۔ اور یہ خدا تعالیٰ کے علم اور مشیت اور قضا اور تقدیر سے ہے اور نافرمانی بھی ہر قسم کی یعنی کفر اور شرک اور کبیرہ اور صغیرہ خدا
تعالیٰ کے علم اور قضا اور تقدیر اور مشیت سے ہے لیکن سبب محبت خدا تعالیٰ کی نہیں ہے جیسا آیت قرآن مجید کی آگاہ کر رہی ہے

يُحِبُّ الْكَافِرِيْنَ ۝ ترجمہ تحقیق اللہ تعالیٰ دوست نمیدارد کافران را ۔ و نیستند
معاصی برضاءِ حق تعالیٰ لقوله تعالیٰ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ سورہ زمر
رکوع ۱ و نہ بامرِ او تعالیٰ چنانچہ در کلام مجید واقع است اِنَّ اللّٰهَ لَا يَأْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ
ترجمہ تحقیق اللہ تعالیٰ حکم نمی فرماید بہ بیحیائی ۔ عقیدہ ۴۶ جمیع انبیاء علیہم
السلام پاک اند از صغائر و کبائر و قبائح مانندِ قتل و زنیٰ و لواطت و سرقہ و قذفِ
محصنہ و سحر و فرار از جہاد و ظلم بر عباد و قصد فساد در بلادش عمداً و سہواً از
کبائر نہ سہواً از صغائر بعد تشرف بہ نبوت نہ قبل و معصوم اند از کفر قبل از نبوت
و ایں ہمہ بالاجماع است خلاصہ از شرح فقہ اکبر ملا علی م

عقیدہ ۴۷ ۔ تحقیق بود از بعض انبیاء علیہم السلام قبل از ظہور نبوت یا بعد
مناقب رسالت زلات و خطیئات ۔ عقیدہ ۴۸ محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ابن عبد اللہ ابن عبد المطلب ابن ہاشم

ترجمہ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِيْنَ ۝ یعنی یقینی خدا تعالیٰ کافروں کو دوست نہیں رکھتا ہے ۔ اور
معصیتیں خدا تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی سے نہیں ہیں بسبب فرمانے خدا تعالیٰ کے سورۂ زمر میں
اول رکوع میں وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ یعنی خدا تعالیٰ اپنے بندوں کے لیے کفر کو پسند نہیں کرتا ہے
اور نہ یہ خدا تعالیٰ کے حکم سے ہیں جیسا کلام مجید میں واقع ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يَأْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ
یعنی خدا تعالیٰ بے حیائی کے لیے حکم نہیں دیتا ہے عقیدہ ۴۶ تمام انبیاء علیہم السلام صغیرہ
اور کبیرہ گناہوں اور برائیوں سے پاک ہیں جیسے قتل اور زنا اور لواطت اور چوری ۔ اور پارسا
عورتوں پر بہتان باندھنے ۔ اور جادو اور جہاد سے بھاگنے ۔ اور بندوں پر ظلم کرنے ۔ اور شہروں
میں فساد پھیلانے سے انہیں کبیرہ گناہوں سے جانکر اور بھولکر دونوں طرح گناہ کرنے سے انبیاء پاک
ہیں ۔ اور صغیرہ سے جانکر پاک ہیں نہ بھولکر نبوت سے بزرگی حاصل کرنے کے بعد یعنی نبی ہونیکے بعد نہ
اس سے پہلے ۔ اور معصوم ہیں انبیاء کفر سے نبی ہونیکے پہلے بھی ۔ اور یہ سب مسائل بالاجماع ثابت ہیں
اور یہی خلاصہ ہے شرح فقہ اکبر ملا علی قاری کا ۔ عقیدہ ۴۷ بیشک ہوئے ہیں بعض انبیاء علیہم السلام سے زلات
یعنی لغزشیں اور خطیئات یعنی خطائیں نبوۃ ظاہر ہونے سے پہلے یا مناقب رسالت کے بعد یعنی رسالت کے اوصاف حمیدہ کے بعد
عقیدہ ۴۸ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابن عبد اللہ ابن عبد المطلب ابن ہاشم

بن منافؔ بن قصیؔ بن کلابؔ بن مرّہؔ بن کعبؔ بن لوئیؔ بن غالبؔ بن فہرؔ بن مالکؔ بن نضرؔ بن کنانہؔ بن خزیمہؔ بن مدرکہؔ بن الیاسؔ بن مضرؔ بن نزار بن معدؔ بن عدنان **شش** ودریں قدر بہ نسب آنحضرت صلعم اختلاف نیست۔ و روایت کردہ شد از آنحضرت صلعم کہ منسوب فرمود نفس مبارک خود را تا نزار بن معد بن عدنان از شرح فقہ اکبر ملّا علی۔ **م** خاتم الانبیاء است و حبیب اللہ تعالیٰ و بندۂ خاص حضرت جل و علیٰ و رسول اللہ تعالیٰ و تبارک و عبادت نہ کردہ است صنم را و شریک نہ کردہ است باللہ تعالیٰ کسے را گاہے نہ قبل از نبوت نہ بعد از نبوت و نہ مرتکب شدہ است صغیرہ و کبیرہ را **س** نہ قبل از نبوت نہ بعد **م**

عقیدہ ۴۹۔ افضل الناس بعد وجود مبارک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و علی آلہ وسلم حضرت ابوبکر صدیق بن قحافہ است رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ایشاں حضرت عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ایشاں حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد ایشاں حضرت مرتضیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ ابن ابی طالب۔

ترجمہ ابن عبد مناف ابن قصیؔ ابن کلاب ابن مرّہ ابن کعب ابن لوئی ابن غالب ابن فہر ابن مالک ابن نضر ابن کنانہ ابن خزیمہ ابن مدرکہ ابن الیاس ابن مضر ابن نزار ابن معد ابن عدنان جنکا نسب شریف یہ ہے۔ خاتم انبیاء ہیں یعنی ختم کرنیوالے نبیوں کے کہ نبوت آپ پر ختم ہے کوئی نبی بعد آپ کے نہیں ہو سکتا۔ اور آپ حبیب خدا تعالیٰ ہیں۔ اور حضرت جل و علی کے بندۂ خاص ہیں۔ اور خدا تعالیٰ و تبارک کے رسول ہیں۔ بت کو آپ نے کبھی نہیں پوجا۔ اور نہ خدا تعالیٰ کے ساتھ کسیکو شریک کیا کبھی نہ پہلے نبوت کے نہ بعد نبوت کے۔ اور نہ صغیرہ اور کبیرہ کبھی گناہ کیا نبوت سے پہلے اور بعد۔ اسقدر نسب شریف مذکورہ بالا میں کہ معہ آنحضرت صلعم ۲۲ بائیس پشتیں ہوتی ہیں اختلاف نہیں ہے۔ اور آنحضرت صلعم سے مروی ہے کہ آپنے منسوب فرمایا اپنی نفس مبارک کو نزار ابن معد ابن عدنان تک کو شرح فقہ اکبر ملا علی میں ہے۔ **عقیدہ** ۴۹ آدمیوں میں سب سے بزرگ بعد وجود مبارک حضرت رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ وسلم کے حضرت ابوبکر صدیق بن قحافہ ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ بعد ان کے حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ بعد ان کے حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالےٰ عنہ۔ بعد ان کے حضرت مرتضیٰ علی کرم اللہ تعالےٰ وجہہ ابن ابی طالب ہیں ✦

عقیدہ - بعد خلفاء اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم باقی دوام بر تبعیت حق اند چنانچہ بودند در زمانِ ماضی یعنی حضور جناب نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم تغیرِ حالِ ایشاں و نقصان در کمالِ ایشاں ش نقصان عطف است بر تغیر یعنی بے نقصان ص پس بوقوعِ مشاجرات وغیرہا تغیرے بحال و نقصانے درکمال واقع نشد **عقیدہ ۱۵** دوست میداریم ما اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم را ش آل نیز شامل اصحاب است م و زشت نمیگوئیم کسے را از ایشاں بخلاف روافض و خوارج لقولہ تعالیٰ وَالسَّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ترجمہ پیشی کنندگانِ پیشینان کہ از ہجرت کنندگان اند از مکہ بمدینہ و از مددگاران کہ اہل مکہ را مدد کردند و آنانکہ متابعت کردند سابقان را در ایمان و طاعۃ مراد ند سائر صحابہ خوشنود شد خدا تعالیٰ از ایشاں بقبولِ طاعۃ ایشاں و خوشنود شدند ایشاں از خدا تعالیٰ بانچہ یافتند از نعیم دینیہ و دنیویہ خلاصہ از تفسیر حسینی

ترجمہ - عقیدہ بعد چاروں خلیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے باقی اصحاب حضور صلعم کے ہمیشہ حق کی پیروی پر ہیں جیسا گذشتہ زمانہ یعنی حضور جناب نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیٰ آلہ وسلم میں تھے بغیر تغیر ہونے انکی حال کے اور بدون نقصان کے انکے کمال میں۔ پس مشاجرات وغیرہ معرکوں کے واقع ہونیکے سبب کچھ تغیر انکے حال میں اور کچھ نقصان انکے کمال میں نہیں واقع ہوا۔ **عقیدہ ۱۵** ہم اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو دوست رکھتے ہیں اور آل بھی شامل اصحاب میں ہیں۔ اور ہم ان میں سے کسی کو برا نہیں کہتے ہیں۔ بخلاف رافضیوں اور خارجیوں کے کہ اول اصحاب کی جناب میں اور دوم آل کے حضور میں گستاخ و بے ادب ہیں۔ اور ان کی دوستی اس فرمان خدا تعالیٰ کے سبب ہے وَالسَّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ جو لوگ سبقت لیجانے والے ہیں آگے رہنے والے مہاجرین جو مکہ سے ہجرت کرنے والے ہیں مدینہ کو اور انصار یعنی مدد کرنے والے جنھوں نے اہل مکہ کی جو مہاجر ہو کر آئے تھے مدد کی۔ اور جنھوں نے آگے رہنے والوں کی متابعت اور پیروی کی ایمان اور طاعت میں کہ مراد تمام صحابہ ہیں راضی ہو گیا خدا تعالیٰ انسے انکی طاعت کو قبول فرماکر۔ اور راضی ہو گئے وے خدا تعالیٰ سے اس چیز پر جو دینی اور دنیوی نعمتیں انھوں نے پائیں۔ یہ خلاصہ ہے تفسیر حسینی کا۔

ولقولہ علیہ السلام لا تسبوا اصحابی ترجمہ برائے فرمودن علیہ السلام
زشت نہ گوئید اصحاب مرا ۔ عقیدہ ۵۲ یاد میکنیم ہر یکے را از اصحاب رضی اللہ
تعالیٰ عنہم بخیر اگرچہ صادر شد از بعض ایشاں آنچہ در صورت شر است بنا بر حسن ظن
با ایشاں لقولہ علیہ السلام خیر القرون قرنی ترجمہ بہترین ہر قرنے
کہ گذشت و گزرد قرن من است ۔ و لقولہ علیہ السلام اذا ذکر
اصحابی فاسکتوا ترجمہ و برائے فرمودن پیغمبر علیہ السلام ہرگاہ ذکر کردہ شوند
اصحاب من پس خاموش باشید ش ازیں حدیث شریف اشارت است کہ در
معاملات صحابہ از ہمچو مشاجرات وغیرہا حذر کنید و نیز از نکوہش و افراط و تفریط
بخود رائی م ۔ عقیدہ ۵۳ ۔ تکفیر نمیکنیم ہیچ مسلمانے را از ذنوب اگرچہ مرتکب
کبیرہ باشد مادام کہ معتقد حلت معصیتی کہ حرمت آں شئ بدلیل قطعی ثابت نشدہ باشد
نیست چنانکہ خوارج میکنند ش اے تکفیر میکنند مرتکب کبیرہ را از شرح فقہ اکبر
ملا علی ۔ م عقیدہ ۵۴ زائل نمی شود از مسلم بسبب ارتکاب کبیرہ اسم ایمان

ترجمہ ۔ اور ان کی دوستی بسبب فرمانے اس ارشاد حضور علیہ السلام کے ہے لا تسبوا اصحابی
یعنی میرے اصحاب کو برا نہ کہو ۔ عقیدہ ۵۲ ہم اصحاب رضی اللہ عنہم میں سے ہر ایک کو خیر سے یاد کرتے ہیں انہی
حسن ظن کے سبب اگرچہ بعض سے انکے وہ چیز جو شر کی صورت میں ہو صادر ہو گئی بسبب فرمانے حضور علیہ السلام کے خیر
القرون قرنی یعنی ہر قرن نہ زمانہ کہ گذرا اور گذرتا ہے انہیں سب سے اچھا میرا زمانہ ہے ۔ اور بسبب فرمانے حضور
علیہ السلام کے اذا ذکر اصحابی فاسکتوا یعنی جب میرے اصحاب ذکر کیے جاویں تو چپ رہو ۔ اس
حدیث شریف سے اشارت ہے کہ صحابہ کے معاملات میں مانند مشاجرات وغیرہ معرکوں کے جو ان میں
وقوع میں آئے پرہیز کرو ۔ اور ملامت اور خود رائی سے افراط و تفریط یعنی زیادتی اور کمی کرنے سے
بھی انکی نسبت میں بچو ۔ عقیدہ ۵۳ ۔ کسی مسلمان کی گناہوں کے سبب ہم تکفیر نہیں کرتے
ہیں اگرچہ گناہ کبیرہ اس سے ہوا ہووے جب تک اس گناہ کے حلال ہونے کا جس کا حرام ہونا
دلیل قطعی سے ثابت ہو چکا ہو معتقد نہیں ہے جیسا خوارج گناہ کبیرہ کرنے والے کی تکفیر
کرتے ہیں اسی طرح شرح فقہ اکبر ملا علی قاری میں ہے ۔ عقیدہ ۵۴ مسلمان سے گناہ کبیرہ
ہو جانیکے سبب اسم ایمان یعنی وصف ایمان زائل نہیں ہوتا ہے ۔

ش اے وصفِ ایمان از شرح فقہ اکبر ملا علی ق چنانچہ معتزلہ گویند مش کہ
مرتکبِ کبیرہ بیروں شود از ایمان و نہ در آید در کفر پس ثابت میکنند مرتبہ میان
کفر و ایمان بآنکہ اتفاق دارند بر اینکہ صاحب کبیرہ ہمیشہ در دوزخ ماند از شرح فقہ
اکبر ملا علی ق بلکہ نام میداریم مرتکبِ کبیرہ را مومن از روے حقیقۃ نہ از روی
مجاز۔ عقیدہ ۵۵۔ نمیگوئیم کہ ضرر نمیکند مومن را گناہ بعد حاصل شدن ایمان
و مومن گنہگار داخل نخواہد شد در دوزخ ش چنانکہ مُرجیہ و ملاحدہ و اباحتیہ
گفتہ اند از شرح فقہ اکبر ملا علی ق عقیدہ ۵۶۔ مسح بر خفین ثابت است از
سُنتہ برائے مقیم یک روز و یک شب و برائے مسافر سہ شبانروز۔ عقیدہ ۵۷
تراویح در شبہائے ماہ رمضان سُنت است۔ عقیدہ ۵۸۔ نماز عقب صالح
و طالح از مومن جائز است۔ عقیدہ ۵۹۔ مومن گنہگار ہمیشہ در دوزخ نخواہد
ماند اگرچہ فاسق باشد در الحال کہ مردہ باشد بحُسن خاتمہ عقیدہ ۶۰ ما قائل
نیستیم بانکہ بتحقیق حسناتِ ما مقبول اند و سیّاتِ ما مغفور مانند قول مُرجیہ

ترجمہ جیسا معتزلہ کہتے ہیں کہ گناہ کبیرہ کرنیوالا ایمان سے باہر ہو جاتا ہے اور نہ کفر میں داخل ہوتا ہے
پس وے درمیان ایمان اور کفر کے ایک مرتبہ ثابت کرتے ہیں۔ باوجود اسکے انکا اسبات پر اتفاق ہے کہ صاحب
کبیرہ ہمیشہ دوزخ میں رہتا ہے چنانچہ شرح فقہ اکبر ملا علی قاری میں اسی طرح ہے۔ بلکہ گناہ کبیرہ کرنیوالے کا نام ہم
مومن رکھتے ہیں حقیقت کی راہ سے نہ مجاز کی رو سے۔ عقیدہ ۵۵ ہم نہیں کہتے ہیں کہ مومن کو بعد ایمان حاصل
ہونیکے گناہ ضرر نہیں کرتا ہے اور مومن گنہگار دوزخ میں داخل نہ ہوگا جیسا کہ فرقہ مُرجیہ اور ملاحدہ اور
اباحتیہ نے کہا ہے۔ اسی طرح شرح فقہ اکبر ملا علی قاری میں ہے عقیدہ ۵۶ مسح موزوں پر
سُنت سے ثابت ہے مقیم کے لیے ایک دن اور رات اور مسافر کے لیے تین رات دن۔
عقیدہ ۵۷ تراویح ماہ رمضان کی راتوں میں سُنت ہے۔ عقیدہ ۵۸ مومن نیک
بخت اور گنہگار دونوں کے پیچھے نماز جائز ہے۔ عقیدہ ۵۹۔ مومن گنہگار ہمیشہ دوزخ
میں نہیں رہے گا اگرچہ فاسق ہووے مگر اُس وقت کہ اچھے خاتمہ کے ساتھ مرا ہووے۔
عقیدہ ۶۰ ہم اس بات کے قائل نہیں ہیں کہ ہماری نیکیاں یقینی مقبول ہیں اور بُرائیاں
بخشدی گئی ہیں مانند قول مُرجیہ کے۔

لیکن میگوییم کسیکه عمل خواہد کرد حسنه بشرائط مصححہ آں حسنہ دراں حال که خالی باشد از عیوب مفسدۂ ظاہری و معانی مبطلۂ باطنی چوں کفر و عجب و ریا تا آنکه خارج شود از دنیا ضائع نخواہد شد ش اے ایں عمل حسنه م الله تعالیٰ در قرآن مجید میفرماید اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ٥ ترجمه تحقیق الله تعالیٰ ضائع نمیکند اجر عابدانِ حاضر دل × بلکه قبول خواہد کرد از عباد آں عمل را حقتعالیٰ به فضل و کرم خود و ثواب براں خواہد داد عباد را بمقتضائے وعدۂ خود۔

عقیدہ [۶۱] ۔ کسیکه کرد سیئات را سوائے شرک و کفر و توبه نه کرد تا آنکه مُرد مومن غیر تائب پس او متعلق بارادۂ حق سبحانه و تعالیٰ است اگر خواہد عذاب کند بعدلِ خود مقدار استحقاق عقابِ آں یعنی خلود در نار نباشد و اگر خواہد عفو کند بفضل و کرم خود۔ عقیدہ [۶۲] ۔ ریا ہرگاہ که واقع شود در عملے از اعمال پس باطل خواہد شد اجر آں عمل بلکه ثابت نخواہد شد ش اے آں عمل م و ہمچنیں عُجب ضائع کنندہ عمل است ش از اقتصار بر ریا و عجب از سائر آثام اشعار است

ترجمہ لیکن ہم کہتے ہیں جو کوئی نیک عمل کریگا اُس نیکی کی صحیح شرطوں کے ساتھ اسطرح سے کہ وہ نیک عمل اُن عیبوں سے جو ظاہر عمل میں فساد پیدا کرتے ہیں اور اُن باتوں سے جو باطن میں عمل کو باطل کرنیوالی ہیں خالی ہووے جیسے کفر اور عجب یعنی خود پسندی اور ریا یعنی لوگوں کے دکھلانے کو وہ عمل ہو یہانتک کہ وہ عامل دنیا سے خارج ہووے۔ یہ عمل نیک اُسکا ضائع نہ ہوگا۔ خدا تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ٥ بیشک خدا تعالیٰ حاضر دل عابدوں کا اجر ضائع نہیں کرتا ہے۔ بلکہ حقتعالیٰ اپنے فضل کرم سے بندوں سے ایسے عمل کو قبول فرمائے گا اور اُسپر بندوں کو اپنے وعدہ کے موافق ثواب دیگا۔

عقیدہ [۶۱] جس شخص نے سوائے شرک اور کفر کے اَور بُرے کام کیے اور توبہ نہ کی یہانتک کہ مومن مرا بے توبہ کیے ہوئے پس وہ حق سبحانہ و تعالیٰ کے ارادہ میں متعلق ہے اگر چاہے عذاب کرے اپنے عدل سے اُس کی سزا کے استحقاق کے اندازہ پر مطلب یہ ہے کہ دوزخ میں ہمیشہ نہ رہے گا۔ اور اگر چاہے اپنے فضل و کرم سے معاف فرما دے۔ عقیدہ [۶۲] ۔ جب کسی عمل میں اعمال سے ریا واقع ہو جائے گی تو اُس عمل کا اجر باطل ہو جائے گا بلکہ وہ عمل ثابت نہ رہے گا اور اسی طرح عجب عمل ضائع کر دیتا ہے۔ ریا اور عجب پر اقتصار کرنے سے تمام گناہوں کی نسبت آگہی اور اشعار ہے

بانکہ دیگر سیئات ابطالِ حسنات نمیکنند از شرح فقہ اکبر ملا علی ؒ عقیدہ ۶۳ معجزات از انبیاء علیہم السلام وکرامات از اولیاء رضی اللہ تعالیٰ عنہم ثابت گردیدہ است از کتاب وسنت۔ عقیدہ ۶۴۔ خرق ش دریدن یعنی خلاف عادت ہم عادت کہ ظاہر شود از اعدائے حق تعالیٰ مثل ابلیس در طیٔ ارض و فرعون در روانیٔ نیل و دجال در کشتن و زندہ کردن وچنیں روایت کردہ شدہ است در اخبار کہ بودند بعضی خوارق از ایشاں پس نام نمی نہیم آں خوارق را المعجزات زیراکہ معجزات مختص بانبیاء علیہم السلام اند ونہ بکرامات زیراکہ کرامات مختص باصفیا اند لیکن نام میداریم الخوارق را از قضاءِ حاجات مر اعدارا از روے استدراج مَکْرٌ بِهِمْ فِي الدُّنْيَا وَعُقُوْبَةٌ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ترجمہ فریب است باآنہا در دنیا وعذاب است برائے آنہا در آخرت ہو کما قال اللہ تعالیٰ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ترجمہ زود باشد کہ بگیریم ایشاں را پایہ پایہ یعنی اندک اندک و بہلاکت نزدیک گردانیم از انجا کہ ندانند

ترجمہ: اثبات کا کہ دوسرے گناہ نیکیوں کو باطل نہیں کرتے ہیں جیسا شرح فقہ اکبر ملا علی قاری میں ہے۔ عقیدہ ۶۳ معجزے انبیاء علیہم السلام کے اور کرامتیں اولیاء رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ثابت ہو چکی ہیں کتاب اور سنت سے۔ عقیدہ ۶۴۔ خرق عادت۔ خرق کے معنی لغت میں پھٹنے کے ہیں اور مراد یہاں خلاف عادت کی ہیں جو حق تعالیٰ کے دشمنوں سے ظاہر ہوتی ہیں مانند ابلیس کے زمین کے طے کرنے میں اور فرعون کے دریائے نیل جاری کرنے میں اور دجال کے مار ڈالنے اور جلانے میں اور اسی طرح اخبار میں یعنی حدیثوں میں مروی ہے کہ ان سے بعض خوارق ہوئے ہیں۔ پس ہم ان خوارق کو معجزات کے نام سے نہیں پکارتے ہیں کیونکہ معجزات انبیاء علیہم السلام کے ساتھ خاص ہو گئے ہیں۔ نہ ان کا نام ہم کرامات رکھتے ہیں کیونکہ کرامات اصفیا یعنی برگزیدہ اور پرہیزگار لوگوں کے ساتھ خاص ہو گئے ہیں۔ لیکن ہم ان خوارق کو استدراج کہکر پکارتے ہیں اور یہ دشمنانِ خدا کے لیے انکی حاجتیں پوری کرکے خدا تعالیٰ کا انکو ڈھیل میں ڈال رکھنا ہے گویا مَکْرٌ بِهِمْ فِي الدُّنْيَا وَعُقُوْبَةٌ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ دنیا میں ان کے ساتھ فریب ہے اور آخرت میں ان کے لیے عذاب ہے کما قال اللہ تعالیٰ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ جیسا فرمایا خدا تعالیٰ نے عنقریب ہم انکو آہستہ آہستہ یعنی تھوڑا تھوڑا کرکے پکڑے لیتے ہیں اور ہلاکت سے نزدیک کیے دیتے ہیں ایسے ڈھنگ سے کہ وہ نجان سکیں گے

یعنی ہرگاہ کہ گناہے میکنند نعمۃ مرایشاں را زیادت میگردانیم تا در طغیان و عصیان
می افزایند از تفسیر حسینی ۔ پس در غفلت می افتند و فریفتہ می شوند باں ش
اے قضاء حاجات کہ از روئے استدراج است م و می پندارند آنرا انعام
واحسان و زیادہ میشوند از روئے عصیان اگر باشند فجّار و از روئے کفر اگر باشند
کفار ۔ عقیدہ ۶۵ ہست اللہ تعالیٰ خالق پیش از پیدا کردن مخلوق و ہست
رازق پیش از رزق دادن ش باشد کہ تکرار فرمود امام علیہ الرحمۃ ایں مطلب را
برائے آگہی اینکہ واجب است بریں اعتقاد از شرح فقہ اکبر ملا علی م ۔
عقیدہ ۶۶ مومنان خواہند دید حق تعالیٰ را در جنت بچشم سر بلا تشبیہ و
بلا کیف و کمیّۃ ۔ عقیدہ ۶۷ نخواہد شد میانِ حق تعالیٰ و خَلق مسافت یعنی
نہ در غایت از قرب و نہ در نہایت از بُعد و نہ بوصفِ اتصال و نہ بنعتِ
انفصال و نہ بحلول ش در آمدن در چیزے م و اتحاد ش یک شدن م
عقیدہ ۶۸ ۔ و ایمان اقرار بزبان است و تصدیق بجَنان ✦

ترجمہ یعنی وے جب کوئی گناہ کرتے ہیں ہم اُسوقت خاص اُن کے لیے نعمت بڑھا دیتے ہیں تو وہ
طغیان اور نافرمانی میں اور بڑھ جاتے ہیں ۔ یہ خلاصہ ہے تفسیر حسینی کا ۔ پھر وہ غفلت میں پڑ جاتے ہیں ۔ اور اُن
حاجت روائیوں پر جو بطور استدراج ہیں فریفتہ ہو جاتے ہیں ۔ اور انکو انعام اور احسان سمجھتے ہیں اگر بدکار
ہوتے ہیں نافرمانی اور گناہ زیادہ کرتے ہیں ۔ اگر کافر ہوتے ہیں کفر میں بڑھ جاتے ہیں عقیدہ ۶۵ خدا تعالیٰ
خالق ہے مخلوق پیدا کرنے سے پہلے ۔ اور رازق ہے رزق دینے سے پہلے ۔ شاید امام علیہ الرحمۃ نے فقط
اثبات کی آگہی کے لیے اس مطلب کو مکرر فرمایا کہ اسپر ایمان واجب ہے جیسا شرح فقہ اکبر ملا علی قاری میں ہے
عقیدہ ۶۶ مومن حق تعالیٰ کو جنت میں سر کی آنکھوں سے دیکھیں گے بغیر تشبیہ اور بغیر کیف ، اور کمیت
کے کیونکہ خدا تعالیٰ شَبہ اور صورت ہونے اور کیفیت یعنی کیسا اور کس طرح اور کیونکر ہونے سے اور
مقدار اور اندازہ ہونے سے پاک ہے ۔ عقیدہ ۶۷ حقتعالیٰ اور خلق کے درمیان مسافت یعنی فاصلہ ہوگا
نہ نہایت نزدیک ہونیکی صورت میں اور نہ نہایت دور ہونیکی حالت میں ۔ اور نہ اتصال یعنی نزدیک ہونیکی و صفت سے ۔ اور نہ
انفصال یعنی جدا ہونیکی صفت کے ساتھ ۔ اور نہ حلول کی صورت میں یعنی کسی چیز میں داخل ہو جانا جسکو گھس جانا کہتے ہیں اور نہ
اتحاد یعنی ایک ہو جانیکے طریق پر جسمیں دوئی کا اطلاق نہ ہو عقیدہ ۶۸ ایمان نام ہے زبان سے اقرار کرنیکا اور دل سے تصدیق
یعنی سچ ماننے کا ✦

عقیدہ ۶۹ ایمانِ اہلِ ایمان از ملائکہ و اہلِ جنت و اہلِ زمین از انبیاء و اولیاء وسائر مومنین زیادت ونقصان نمی پذیرد عقیدہ ۷۰ ۔ جمیع مومنین مستوی اند در اصلِ ایمانِ توحید و متفاضل اند در اعمال۔ عقیدہ ۷۱ ۔ اسلام تسلیم ش اے قبولِ باطن م و انقیادِ ش فرمانبریِ ظاہر م امر و نہیِ اللہ تعالیٰ را میگویند پس در طریقِ لُغت اسلام و ایمان فرق است لیکن در شریعت یافتہ نمی شود ایمان بغیرِ اسلام پس ایمان و اسلام مانند شے است کہ ہرگز زیک دیگر جدا نمی شود چنانچہ پُشت باشکم۔ عقیدہ ۷۲ ۔ دریں اطلاق ش گفتن یا صند تقیید م کردہ میشود بر ایمان و اسلام و شرائع بتمامہ۔

عقیدہ ۷۳ ۔ می شناسیم حق تعالیٰ را چنانکہ حقِ معرفت است حسب مقدورِ خود و طاقتِ خود چنانچہ وصف کردہ است حق تعالیٰ نفسِ خود را بتمام صفاتِ ثبوتیہ۔ ش اے صفاتیکہ در ذاتِ اوست تعالیٰ م وسلبیہ ش اے صفاتیکہ در ذاتِ او تعالیٰ نیست م در کتابِ خود و در قرآن مجید آمدہ است

ترجمہ۔ عقیدہ ۶۹ ایمان ایمان والوں کا کم و زیادہ نہیں ہوتا ہے وے فرشتوں میں سے ہوں یا جنت والوں میں سے یا زمین والوں میں سے از قسم انبیاء ہوں خواہ اولیاء یا تمام مومنین۔ عقیدہ ۷۰ تمام ایمان والے اصل ایمان توحید میں برابر ہیں اور اعمال میں ایک دوسرے پر فضیلت رکھتے ہیں۔

عقیدہ ۷۱ ۔ اسلام خدا تعالیٰ کے امر و نہی کے تسلیم کرنے یعنی باطن یا دل سے قبول کرنے اور انقیاد یعنی ظاہر میں حکم بجا لانے کو کہتے ہیں۔ پس لُغت کے طریق سے ایمان اور اسلام میں فرق ہے لیکن شریعت میں ایمان بغیر اسلام نہیں پایا جاتا ہے۔ پس ایمان اور اسلام مانند ایک شے کے ہے کہ ایک دوسرے سے ہرگز جدا نہیں ہوتا ہے جیسے پیٹھ پیٹ سے۔ عقیدہ ۷۲ دین اطلاق کیا جاتا ہے یعنی بولا جاتا ہے یا بے قید ہوتا ہے ایمان اور اسلام اور تمام شرائع پر سب کے لیے۔ عقیدہ ۷۳ ہم حق تعالیٰ کو پہچانتے ہیں جیسا پہچاننے کا حق ہے اپنے مقدور اور اپنی طاقت کے موافق جیسا کہ وصف کیا حق تعالیٰ نے اپنے نفس کا تمام صفات ثبوتیہ اور سلبیہ کے ساتھ اپنی کتاب میں۔ ثبوتیہ وہ صفتیں ہیں جو خدائے تعالیٰ کی ذات میں موجود ہیں اور ثابت ہیں اور سلبیہ وہ صفتیں ہیں جو خدا تعالیٰ کی ذات میں موجود نہیں ہیں بلکہ اُس سے سلوب ہیں۔ اور قرآن مجید میں آیا ہے

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ترجمہ نیست مثل او
سبحانہ چیزے وحال اینست کہ او شنوا و بینا است عقیدہ[۴] نیست قادر
کسیکہ عبادت کند اللہ تعالیٰ را چنانچہ او سبحانہ سزاوار اوست لیکن بندہ عبادت
میکند اللہ تعالیٰ را بامر او تعالیٰ چنانکہ امر فرمودہ است۔ عقیدہ[۵] تمام
مومنین مستوی اند در معرفۃ فی نفسہا و یقین در امر دین و توکل بر خدا و محبت
برائے خدا و رسول و رضا بتقدیر و قضاء و خوف از غضب و عقوبت و رجاء
برائے رضاء و مثوبت و ایمان یعنی الیقان بہ ثبوت ذات او تعالیٰ و تحقق
صفات او تعالیٰ۔ و متفاوت باشند مومنان در ماسوائے ایمان و در چیزیکہ
ذکر کردہ شد است تمامہ ش اے در غیر تصدیق و اقرار بحسب تفاوت
ابرار در قیام بارکان و اختلاف فجار در مراتب عصیان از شرح فقہ
اکبر ملا علی و تواند شد کہ از ماسوائے ایمان مراد تصفیہ و تزکیہ و تخلیہ
باطن باشد از ماسوی اللہ تعالیٰ باستقامۃ بر یقینیات م

ترجمہ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ نہیں ہے مثل اس سبحانہ کے کوئی چیز اور حال
یہ ہے کہ وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔ عقیدہ[۴] نہیں ہو کوئی قادر کہ خدا تعالیٰ کی عبادت
کرے جیسا کہ وہ سبحانہ اسکا سزاوار ہے لیکن بندہ خدا تعالیٰ کی عبادت کرتا ہے اسکے حکم سے جیسا
اسنے حکم فرمایا ہے۔ عقیدہ[۵] تمام مومنین برابر ہیں معرفت میں جو فی نفسہا ہو یعنی نفس
ہی معرفت میں۔ اور برابر ہیں یقین میں جو امر دین میں ہو۔ اور خدا پر توکل کرنے میں۔ اور
خدا اور رسول کے لیے محبت میں۔ اور تقدیر اور قضاء پر راضی ہونے میں۔ اور غضب اور عقوبت کے
خوف کرنے میں۔ اور خوشنودی اور ثواب پانیکے لیے امیدواری میں۔ اور ایمان یعنی یقین
کرنے میں ذات خدا تعالیٰ کے ثابت ہونے اور صفات خدا تعالیٰ کے متحقق ہونے پر۔ اور مومن
متفاوت ہوتے ہیں ماسوائے ایمان میں اور ان چیزوں میں جو تمام ذکر کی گئیں ہیں یعنی غیر تصدیق
و اقرار میں نیکوں کے قیام ارکان میں تفاوت کے موافق اور بدکاروں کے مراتب گناہیں اختلاف
کے موافق۔ یہ شرح فقہ اکبر ملا علی قاری سے ہے۔ اور ہو سکتا ہے کہ ماسوائے ایمان سے مراد تصفیہ اور
تزکیہ اور تخلیہ باطن کا ہو وے یعنی دل کا صاف اور پاک کرنا اور خالی کرنا غیر خدا تعالیٰ سے ہو وے قیام پانیکے لیے یقینیات پر

عقیدہ ۔ اللہ تعالیٰ فضل کنندہ است بر بعض بندگان بفضلِ خود و عذاب کنندہ است بر بعض بندگان بعدلِ خود بے زیادت بر استحقاق و گاہے عطا میکند از ثواب و اجر دو چنداں چیزیکہ مستحق ہست باں از فضلِ خود و گاہے می پوشد گناہ را از فضلِ خود بواسطۂ شفاعۃ و بلا واسطہ۔ عقیدہ شفاعۃِ جملہ انبیاء علیہم السلام و شفاعۃِ پیغمبر ما صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم برائے مؤمنین گنہگاران و برائے اہلِ کبائر از مؤمنین کہ مستوجب عقاب اند حق است۔ عقیدہ شفاعۃِ ملائکہ و علماء و اولیاء و شہداء و فقراء و اطفالِ مؤمنین صابرین علی البلوی ثابت است عقیدہ وزنِ اعمال بر ترازو کہ ہر دو کفہ خواہد داشت در روزِ قیامۃ حق است عقیدہ۔ قصاص میانِ نوعِ انسان در روز قیامۃ حق است یعنی حسناتِ ظالم بمظلوم خواہند داد بمقابلۂ ظلم اِذْ لَيْسَ هُنَاكَ الدَّرَاهِمُ وَالدَّنَانِيْرُ ترجمہ برائے اینکہ نیست اینجا درہما و دینارہا ۔ عقیدہ حسنات اگر نخواہد بود ظالم را سیئاتِ مظلومین بگردنِ ظالمین نہادن حق است۔

ترجمہ ۔ عقیدہ خدا تعالیٰ فضل کرنیوالا ہے بعض بندوں پر اپنے فضل سے۔ اور عذاب کرنیوالا ہے بعض بندوں پر اپنے عدل سے بغیر زیادتی کے استحقاق پر۔ اور کبھی عطا کرتا ہے دوگنا ثواب اور اجر اس چیز کا جسکے وہ مستحق ہیں اپنے فضل سے۔ اور کبھی چھپاتا ہے گناہ کو اپنے فضل سے بواسطہ شفاعۃ یا بلا واسطہ۔ عقیدہ شفاعت تمام انبیاء علیہم السلام کی اور شفاعۃ ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی گنہگار مومنین کے لیے اور مومنین سے گناہ کبیرہ کرنے والوں کے لیے کہ لائق سزا ہیں حق ہے۔ عقیدہ شفاعت ملائکہ اور علماء اور اولیاء اور شہداء اور فقراء اور اطفالِ مومنین صابرین کی یعنی اُن مومنین کے بچوں کی جنکے والدین نے اُنکی وفات پر صبر کیا اپنے والدین کے لیے عَلَى الْبَلْوَى ثابت ہے یعنی اس شفاعت کے ثابت ہونے پر سبکا اتفاق ہے عقیدہ اعمال کا وزن ہونا یعنی تُلنا ترازو میں جسکے دو پلڑے ہونگے قیامت کے دن حق ہے۔ عقیدہ قصاص یعنی بدلہ لینا درمیان بنی نوع انسان کے قیامت کے دن حق ہے یعنی نیکیاں ظالم کی مظلوم کو دینگے مقابلہ ظلم میں اِذْ لَيْسَ هُنَاكَ الدَّرَاهِمُ وَالدَّنَانِيْرُ اسلیے کہ وہاں درہم اور دینار نہ ہونگے کہ اُنسے انکا بدل ہو سکے۔ عقیدہ ۔ اگر ظالم کی نیکیاں نہ ہونگی تو بدلہ ظلم میں مظلوم کی بدیاں ظالموں کی گردن پر رکھنا حق ہے۔

عقیدہ ۸۲ - حوض پیغمبر صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم حق است و پل صراط حق است
عقیدہ ۸۳ - جنة و نار کہ موجود اند الیوم قبل از قیامة حق اند و فانی نخواہند شد
ش بعد دخولِ جنتیان و دوزخیان بخلاف جبریہ م - عقیدہ ۸۴ - عقاب و
ثواب اللہ تعالیٰ فانی نخواہد شد ہمیشہ ش بخلاف جبریہ م - عقیدہ ۸۵
اللہ تعالیٰ ہدایت ش راہ راست بردن م میکند سوئے ایمان وطاعة از فضلِ
خود ہر کسے را کہ میخواہد وضلالت میدہد بکفر ومعصیت از عدلِ ش ای عدل
بالحکمة م خود ہر کسے را کہ میخواہد - عقیدہ ۸۶ اضلالِ اللہ تعالیٰ عبارت از خذلان است
وتفصیلِ خذلان اینست کہ توفیق نیابد بندہ آں چیز را کہ راضی حق تعالیٰ از آں است
وآں خذلان از عدل ش اے عدل بالحکمة م است وہمچنیں عقوبتِ مخذول بر معصیت
از عدل ش اے عدل بالاستحقاق م - عقیدہ ۸۷ - نیستیم قائل اینکہ شیطان
سلب میکند ایمان را از بندہ مومن از روئے قہر وجبر لیکن میگوئیم بندہ میگذارد ایمان را باختیار
خود باغوائے شیطان یا بہوائی نفس پس ہرگاہ ترک میکند بندہ ایمان را پس سلب میکند ایمان را از آں بندہ شیطان

ترجمہ - عقیدہ ۸۲ حوض پیغمبر صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کا حق ہے اور پل صراط حق ہے -
عقیدہ ۸۳ جنت اور دوزخ جو آج موجود ہیں قیامت سے پہلے حق ہیں - اور فنا نہ ہونگی یعنی جنتیوں اور
دوزخیوں کے داخل ہونیکے بعد بخلاف جبریہ کے - عقیدہ ۸۴ عذاب اور ثواب خدا تعالیٰ کا
فنا نہ ہوگا ہمیشہ بخلاف جبریہ کے - عقیدہ ۸۵ - خدا تعالیٰ ہدایت کرتا ہے یعنی سیدھا رستہ بتلاتا ہے
ایمان اور طاعت کی طرف اپنے فضل سے جس کسیکو کہ وہ چاہتا ہے - اور گمراہ کرتا ہے کفر وگناہ کی طرف
اپنے عدل سے جو بمقتضائے حکمت ہے جس کسی کو کہ وہ چاہتا ہے - عقیدہ ۸۶ گمراہ کرنا خدا تعالیٰ کا
عبارت ہے خذلان سے - اور تفصیل خذلان کی یہ ہے کہ بندہ توفیق نہیں پاتا ہے اس چیز کی
جس سے حق تعالیٰ راضی ہے - اور یہ خذلان حکمت کی بناء پر خدا کے عدل سے ہے - اور اسی طرح مخذول کا
عذاب کیا جاتا گناہ پر عدل سے ہے جس کا وہ مستحق تھا - عقیدہ ۸۷ ہم اثبات کے قائل نہیں ہیں
کہ شیطان ایمان کو بندہ مومن سے سلب کر لیتا ہے قہر اور جبر کر کے - لیکن ہم کہتے ہیں کہ بندہ ایمان کو
اپنے اختیار سے چھوڑ دیتا ہے شیطان کے بہکانے سے یا ہوائے نفس سے - پس جب بندہ ایمان کو ترک
کر دیتا ہے تو شیطان ایمان کو اس بندہ سے سلب کر لیتا ہے ۔

عقیدہ (۸۸) سوال منکر و نکیر مَن ربُّکَ و ما دینُکَ و مَن نبیُّکَ
ترجمہ۔ کیست ربِ تو و چیست دین تو و کیست پیغمبر تو ۔ در قبر یا در مستقر
ش اے جائے قرار یعنی ہر جا کہ باشد چنانکہ غریق و حریق و خوردۂ گرگ وغیرہ
ھ حق است عقیدہ (۸۹)۔ اعادۂ روح بسوئے جسد بندہ در قبر حق است ۔
عقیدہ (۹۰)۔ ضغطۂ ش ہندی دبانا۔ ضغطۂ قبر برائے مومن مانند معانقۂ
مادرِ مشفقہ ہست از شرح فقہ اکبر ملا علی ھ قبر جمیع مومنان را حق است ۔
عقیدہ (۹۱) عذابِ قبر حق است جمیع کافران را و بعضے عصاۃ مومنین را۔
و ہمچنیں تنعیم بعض مومنین حق است عقیدہ (۹۲) تعبیرِ تمام اسماء کہ ذکر کردہ
اند آنرا علماء بزبانِ فارسی از صفاتِ حق تعالیٰ عزت اسمائہ و تعالت صفاتہ
جائز است مگر یَدٌ کہ تعبیر بدست بفارسی جائز نیست۔ عقیدہ (۹۳) جائز است
کہ گوید بروئے خدا بلا تشبیہ و بلا کیف۔ عقیدہ (۹۴)۔ نیست قرب اللہ
تعالیٰ از ارباب طاعت و بُعد اللہ تعالیٰ را از اصحاب معصیت

ترجمہ۔ عقیدہ (۸۸) سوال منکر و نکیر مَن ربُّکَ و ما دینُکَ و مَن نبیُّکَ حق ہے
یعنی کون ہے تیرا رب۔ اور کیا ہے تیرا دین۔ اور کون ہے تیرا نبی۔ قبر میں یا مستقر میں یعنی ٹھہرنے کی جگہ
جہاں کہیں کہ ہووے جیسا کہ دریا میں ڈوبا ہوا۔ اور آگ میں جلا ہوا۔ اور بھیڑیے کا کھایا ہوا وغیرہ
عقیدہ ۸۹۔ روح کا قبر میں بندہ کے جسد کی طرف عود کرنا حق ہے عقیدہ ۹۰ ضغطۂ قبر
یعنی دبانا قبر کا سب مومنین کے لئے حق ہے۔ مومنین کے لیے ضغطۂ قبر شفیق ماں کے گلے
لگا لینے کی مانند ہے شرح فقہ اکبر ملا علی قاری میں اسی طرح ہے عقیدہ ۹۱ قبر کا عذاب سب
کافروں کے لیے حق ہے اور بعض گنہگار مومنین کے لیے۔ اور اسی طرح بعض مومنین کو نعمت
دینا حق ہے عقیدہ ۹۲۔ تمام نام باری تعالیٰ کی صفات کے عزت اسمائہ و تعالت
صفاتہ یعنی غالب اور بزرگ ہیں نام اسکے اور برتر ہیں صفات اسکی۔ علماء نے جنکی تعبیر
فارسی میں بیان کی ہے وہ تعبیر اسماء کی جائز ہے مگر ید کہ تعبیر ید کی فارسی میں دست کے ساتھ
جائز نہیں ہے عقیدہ ۹۳ جائز ہے کہ کہے بروئے خدا بلا تشبیہ و بلا کیف یعنی خدا کی رو کے سامنے بغیر
تشبیہ اور بدون کیف کے ہے عقیدہ ۹۴ خدا تعالیٰ کی نزدیکی فرمانبرداروں سے اور دوری گنہگاروں سے

از طریقِ طول و قصر و مسافت و نہ بر معنی کرامت و ہوان ولیکن مطیع قریب
است از حق تعالیٰ بلاکیف و عاصی بعید است از حقتعالیٰ بلاکیف اے (یعنی خواری یا ذلت)
بوصف تنزیہ **ش** قرار دادِ امام علیہ الرحمۃ قُرب و بُعدِ حق تعالیٰ را از بندہ
و قُرب و بُعدِ بندہ را از حق تعالیٰ از بابِ متشابہاتِ بلا تاویل از شرح
فقہ اکبر ملا علی **م** **عقیدہ ۹۵** قُرب و بُعد و اقبالِ **ش** ضدِ اعراض **م**
اللہ تعالیٰ را بمناجی و ہمچنیں مجاورتِ بندہ در جنت و وقوفِ بندہ در قیامت
میان یدینِ حق تعالیٰ بلاکیف است **عقیدہ ۹۶**۔ قرآن مجید کہ نازل شدہ است
نجماً نجماً بر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی الہٖ وسلم و مکتوب است در مصاحف
ما بین دفتین کلام اللہ تعالیٰ است علیٰ ما ہو المشہور۔ **عقیدہ ۹۷**۔ آیاتِ
قرآن مجید کہ تمامہا در معنی کلام است یعنی در مقامِ مقصود است برابر است
کہ دراں ذکر رحمت اللہ تعالیٰ و مدح اولیاء اللہ تعالیٰ باشد یا ذکرِ غضب
اللہ تعالیٰ یا ذم اعداء اللہ تعالیٰ باشد مستوی اند در فضیلتِ لفظی و عظمتِ معنوی

ترجمہ۔ لمبائی اور کوتاہی اور مسافت کی راہ سے نہیں ہے اور نہ معنی کرامت یعنی بزرگی
اور ہوان یعنی خواری اور بےعزتی کی بنا پر۔ ولیکن مطیع قریب ہے حقتعالیٰ سے بلاکیف۔ اور
عاصی بعید ہے حقتعالیٰ سے بلاکیف یعنی وصفِ تنزیہ کے ساتھ وہ وصف جسمیں اُسکی پاکی ہوتی
ہو۔ امام علیہ الرحمۃ نے حقتعالیٰ کے قُرب اور بُعد کو جو بندہ سے ہے اور بندہ کے قُرب اور بُعد
کو جو حقتعالیٰ سے ہے بدون تاویل باب متشابہات سے اُسکو قرار دیا ہے۔ یہ ہے خلاصہ شرح
فقہ اکبر ملا علی قاری کا۔ **عقیدہ ۹۵** نزدیکی اور دوری اور سامنے آنا اور متوجہ ہونا خدائے
تعالیٰ کا مناجات کرنیوالے سے اور اسی طرح مجاورت یعنی پڑوس ہونا بندہ کا خدا سے جنت
میں۔ اور بندہ کا قیامت میں خدا تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہونا یہ سب بلاکیف ہے۔ **عقیدہ ۹۶**۔
قرآن مجید رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی الہٖ وسلم پر جو تھوڑا تھوڑا کرکے نازل ہوا ہے اور کتابوں میں دفتیوں کے درمیان
لکھا ہوا ہے خدا تعالیٰ کا کلام ہے علیٰ ما ہو المشہور یعنی اسی بنا پر کہ وہ مشہور ہے۔ **عقیدہ ۹۷** قرآن مجید کی آیتیں جو سب کی سب
کلام میں ہیں یعنی مقام مقصود میں ہیں یعنی اس مرتبہ میں ہیں جو ہماری مراد ہے خواہ انہیں خدائے تعالیٰ کی رحمت کا ذکر ہو خواہ
اولیاء اللہ کی مدح ہو یا خدا تعالیٰ کے غضب یا خدائے تعالیٰ کے دشمنوں کی برائی کا ذکر ہو فضیلت لفظی اور عظمت معنوی میں

ولیکن بعض آیات را فضیلۃِ ذکر و مذکور است مانند آیۃ الکرسی زیراکہ مذکور در آیۃ الکرسی جلالت و عظمۃ اللہ جلّ جلالہ وصفۃ اللہ تعالیٰ است کہ خاص بذات حق تعالیٰ است پس مجتمع شد در آیۃ الکرسی دو فضیلۃ یکی فضیلۃِ ذکر دوم فضیلۃِ مذکور و بعضی آیات را فضیلۃِ ذکر است فقط نہ فضیلتِ مذکور چنانچہ سورہ تبّت یدا و مانند ایں از احوالِ فُجّار **عقیدہ ۹۸**۔ اسماء اللہ تعالیٰ چنانچہ اللّٰہ واحَد و صفاتِ حق تعالیٰ چنانچہ لَہُ الْمُلْکُ و لَہُ الْحَمْدُ ہمہ مستوی اند در فضیلۃ و عظمۃ **ش** مطلقاً یعنی بقطع نظر از وجوہِ فضیلۃ بعض بر بعض **م** و نیست تفاوت در اطلاقِ آنہا بر ذات و صفاتِ حق تعالیٰ و ایں منافیِ عظمۃ بعضی اسماء و صفات بر بعضی اسماء و صفات نیست **ش** عظمۃً جزئیۃً یعنی مع لحاظِ وجہ فضیلۃ و عظمۃِ بعض بر بعض **م** **عقیدہ ۹۹** والدین رسول اللہ تعالیٰ صلی اللہ علیہ وسلم مُردند بر کفر **ش** دریں مسئلہ اختلافِ علماء است وجانب صحۃِ ایمان والدیہ المکرمین صلعم مرجّح بدلائل و زیادۃ فریق است **م**

ترجمہ ولیکن بعض آیتوں کو ذکر و مذکور دونوں طرح کی فضیلت ہے جیسے آیۃ الکرسی، اسلیے کہ آیۃ الکرسی میں خدائے جل جلالہٗ کی جلالت و عظمت اور اسکی اُس صفت کا مذکور ہے جو حقتعالیٰ کی ذات کے ساتھ خاص ہے۔ پس آیۃ الکرسی میں دو فضیلتیں جمع ہوگئیں ایک فضیلت ذکر کی دوسری فضیلت مذکور کی اور بعض آیتوں کو فقط فضیلتِ ذکر حاصل ہے نہ فضیلتِ مذکور جیسا سورہ تبّت یدا اور اسی جیسی اور آیتیں بدکاروں کے احوال کی نسبت۔ **عقیدہ ۹۸** خداتعالیٰ کے نام جیسے اللّٰہ اور احد اور خداتعالیٰ کی صفتیں جیسے لَہُ الْمُلْکُ اور لَہُ الْحَمْدُ یعنی اُسی کے لیے ملک ہے اور اسی کے لیے حمد ہے۔ یہ مطلق فضیلت اور عظمت میں برابر ہیں یعنی اُن وجوہ سے قطع نظر کرکے جس وجہ سے بعض کی بعض پر فضیلت ہے۔ اور ذات و صفات حق تعالیٰ پر اُن کے بولے جانے میں تفاوت نہیں ہے اور یہ مساوات منافی نہیں ہے بعض اسماء و صفات کی عظمت کی جو اُن کو بعض اسماء و صفات پر جزئی عظمت کے طریق پر ہے یعنی مع لحاظ وجہ فضیلت و عظمت بعض کے بعض پر۔ **عقیدہ ۹۹** والدین رسولِ خداتعالیٰ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوئے کفر پر۔ اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف ہے ولیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین مکرمین کے ایمان صحیح ہونیکی جانب دلیلوں سے ترجیح پائی ہوئی ہے

رسول علیہ السلام انتقال ازیں عالم برایمان کردند۔ ابوطالب عمِ حضرت رسول اللہ تعالیٰ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مرد کافر۔ حضرت قاسم وحضرت طاہر وحضرت ابراہیم بودند فرزند
رسول خدا تعالیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ **عقیدہ ۱۰۰** حضرت بیوی فاطمہ وبیوی
زینب وبیوی رقیہ وبیوی ام کلثوم بناتِ رسولِ خدا تعالیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم بودند **عقیدہ ۱۰۱** ہر وقتیکہ مشکل شود برانسان اہلِ ایمان شئی از دقائقِ
علمِ توحید پس واجب است براں انسان اینکہ اعتقاد کند چیزیرا کہ صواب است
نزد حقتعالیٰ بطریقِ اجمال ش یعنی ہرچہ صواب است نزد حقتعالیٰ ہماں مقبول ومختار است و تفصیل نکند ھم
تا دائم کہ یابد عالم راکہ عارف بحقیقۂ احوال را پس سوال کند ایمان تفصیلی بروجہ کمال وتاخیر
نکند۔ **عقیدہ ۱۰۲** ۔ خبرِ معراج حضرت غوث الثقلین محمد صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم بجسد در بیداری بسوئے آسمان حق است وثابت است
بطریقِ متعددہ پس کسیکہ رد کند آں خبررا وایمان نیارد بمقتضائے آں خبر ضال
است ومبتدع +

ترجمہ۔ رسول علیہ السلام نے انتقال اس عالم سے ایمان پر فرمایا ہے۔ ابوطالب چچا حضرت رسول
خدا تعالیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کافر مرے۔ حضرت قاسم اور حضرت طاہر اور حضرت ابراہیم
علیہم السلام رسول خدا تعالیٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرزند تھے **عقیدہ ۱۰۰** حضرت بیوی
فاطمہ اور بیوی زینب اور بیوی رقیہ اور بیوی ام کلثوم سلام اللہ علیہن رسول خدا
تعالیٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بنات یعنی صاحبزادیاں تھیں **عقیدہ ۱۰۱** جس وقت
انسان اہل ایمان پر علم توحید کی باریک باتوں میں سے کوئی شے مشکل ہو جاوے تو اس انسان پر
واجب ہے کہ ایسی چیز کا اجمالی طور پر اعتقاد کرے جو حق تعالیٰ کے نزدیک درست ہے۔ یعنی جو کچھ
حق تعالیٰ کے نزدیک درست ہے وہی میرا مقبول و مختار ہے اور تفصیل نہ کرے یہانتک کہ کسی ایسے
عالم کو پاوے جو حقیقت احوال کو پہچانتا ہو اور عارف ہو۔ پس پورے طور پر اس سے تفصیلی
ایمان پوچھ لیوے اور تاخیر نہ کرے۔ **عقیدہ ۱۰۲** خبر معراج حضرت غوث الثقلین محمد مصطفیٰ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جسد کے ساتھ حالت بیداری میں آسمان کی طرف حق ہے اور متعدد طریق سے ثابت ہے
پس جو کوئی اس خبر کو رد کریگا اور اسکے موافق ایمان نہ لائیگا گمراہ اور مبتدع یعنی بدعتی ہے کہ دین میں نئی بات پیدا کرتا ہے

عقیدہ ۱۰۳ خروجِ دجّال و یاجوج و ماجوج و طلوعِ شمس از مغرب و نزولِ عیسیٰ علیہ السّلام از آسمان و سائر علاماتِ روزِ قیامت بنا بر چیزیکہ واردست بآں اخبارِ صحیحہ بلکہ آیات صریحہ حق است و ثابت است۔

عقیدہ ۱۰۴۔ اللہ تعالیٰ ہدایت میکند ہر کس را کہ می خواہد بسوئے صراطِ مستقیم ش ختم شد عبارت فقہ اکبر از شرح ملّا علی۔ زیں پس دعا است از مترجم و صلوٰۃ از دردمند ہم

اَللّٰھُمَّ اِھْدِنَا صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا وَّدِیْنًا قَوِیْمًا
بِحُرْمَۃِ صَاحِبِ الصِّرَاطِ اٰمِیْن یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِکَ وَحَبِیْبِکَ وَعَلٰی
اَنْوَارِہٖ کَمَا تُحِبُّہٗ وَتَرْضَاہُ وَ
شَفِّعْہُ فِیْنَا وَتَرْحَمْنَا بِہٖ

ترجمہ۔ عقیدہ ۱۰۳ خروج یعنی نکلنا دجّال کا۔ اور یاجوج ماجوج کا۔ اور طلوع ہونا آفتاب کا مغرب سے اور اترنا عیسیٰ علیہ السّلام کا آسمان سے۔ اور ساری علامتیں روزِ قیامت کی حق ہیں اور ثابت ہیں اس بنا پر کہ اخبار صحیحہ حدیث کے بلکہ صاف آیتیں اسکی نسبت وارد ہیں

عقیدہ ۱۰۴۔ اللہ تعالیٰ جس کسیکو کہ چاہتا ہے سیدھے رستہ کی طرف ہدایت کرتا ہے۔ عبارت فقہ اکبر شرح ملا علی قاری کی ختم ہو گئی۔ اس کے بعد مترجم کی دعا ہے اور دردمند کی درود ہے۔

دعائے مترجم

اَللّٰھُمَّ اِھْدِنَا صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا وَّدِیْنًا قَوِیْمًا بِحُرْمَۃِ صَاحِبِ الصِّرَاطِ اٰمِیْن یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔ اےخدا ہمکو سیدھا رستہ اور مضبوط دین بتا صاحب صراط کی حرمت کہ مالک ہیں رستے کے۔ اے جہانوں کے پالنے والے قبول فرما۔ درود دردمند اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِکَ وَحَبِیْبِکَ وَعَلٰی اَنْوَارِہٖ کَمَا تُحِبُّہٗ وَتَرْضَاہُ وَشَفِّعْہُ فِیْنَا وَتَرْحَمْنَا بِہٖ خدایا رحمت اور برکت اور سلامتی ہمیشہ سے ہمیشہ تک بھیج محمد صلعم پر جو تیرے رسول اور تیرے حبیب ہیں اور انکے انوار پر جیسا تجھ کو محبوب ہے اور تو اس سے خوشنود ہے اور انکو ہمارا سفارشی کر اور

ذکر کیفیۃ الاصول العاصمۃ عن خطئیات الفھم فی الحقائق الحقۃ والکلام فیہا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ❖

نحمد اللہ ونستعینہ ونصلی علی رسولہ محمد ونستشفعہ وعلی آلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین ❖ اعلم ان الکلام فی اصول تعصمک عن خطئیات الفھم فی الحقائق الحقۃ والکلام فیہا

اصل۔ ان حقایق الاشیاء ثابتۃ ش فیہما مغایرت علی انواع الاضافۃ تامل فیہا۔ والشئ یطلق علی مالہ وجود فیہما واقعتان بنفسہما۔ وان نفینا فثابتتان لثبوت متقدم للنفی۔

ترجمہ اصول

این ذکر در بیان کیفیت اصول است کہ از خطاہای فہم در حقائق حقہ نگاہدارندہ اند و در آنہا گفتگو و کلام است

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ستایش کنیم خدای را و یاری خواہیم ازو۔ و درود خوانیم بر رسول او محمد صلعم و بدو شفاعت خواہیم۔ و بر آل او و یاران او و پیروان او تمامہا۔ بدانکہ ہر آئینہ این کلام در اصول است کہ آنہا از خطاہائے فہم در حقایق حقہ ترا نگاہدارند۔ و در آنہا بحث و کلام است **اصل**۔ ہر آئینہ حقایق اشیاء ثابت است یعنی حقیقتہائے چیزہا۔ و در این ہر دو مغایرت است بر اقسام اضافت یعنی در حقایق کہ مضاف است بسوی اشیاء مضاف الیہ در این ہر دو مغایرت موجود است۔ زیرا کہ اضافت در شیئین موجود می باشد۔ و این مغایرت بر اقسام اضافت است چنانچہ اضافت لامی بمعنی برای کہ تخصیصی ہم نسبت چون حقایق اشیاء یعنی حقیقتہا کہ برای اشیاء اند یا مخصوص باشیاء مثل اسم زید کہ برای تخصیص است و اضافت منی بمعنی از کہ بیانیہ ہم ازو است چون حقایق اشیاء یعنی حقیقتہا کہ از اشیاء اند مثل انگشتری طلا کہ در این بیان مضاف از مضاف الیہ است۔ و اضافت تحلیلی چون حقایق اشیاء ہمچو آب شیر کہ در این مضاف بمضاف الیہ تحلیل یافتہ۔ و اضافت توضیحی چون حقایق اشیاء ہمچو شہر مکہ کہ در این توضیح بمضاف الیہ است وعلی ہذا القیاس۔ پس باید کہ در اینہا فکر و تامل کن۔ و اشیاء جمع شے است و لفظ شے گفتہ شود بر چیزے کہ او را وجود باشد یعنی ہستی و بودن ازو دانستہ شود۔ پس ہر دو یعنی شے و حقیقتش بنفس خود واقع ہستند یعنی واقعی ہر دو ہستند۔ و اگر ہر دو نفی کردہ شوند پس برائی نفی ثبوتی پیش ازین ہر دو ضروری است کہ نفی بدان جاری شود ورنہ نفی بر عدم باطل است پس بنا بر ثبوت متقدم برائی نفی ہر دو ثابت تدند

ذکر کیفیۃ الاصول العاصمۃ عن خطئیات الفہم فی الحقائق الحقۃ والکلام فیہا

اصل ذکر کیفیت حقائق الاشیاء ثابتۃ

ذکر کیفیت اصول کہ از خطاہائی فہم در حقائق نگاہدارندہ اند و در آنہا بحث و کلام است

اصل ثبوت حقائق اشیاء و معانی شے احتمال وجود و عدم

والعلم بها متحقق ش فيه اشارة الى ثبوتها بل ثبوتهما بالاضافة
اذ العلم لا يتحقق بالعدم فاذا تحقق فصح الحكم م فالحقيقة
اما بمعنى الذى هو مصداق متقدم لحصول شبه لصنع شئ
فهو ثابت - واما بمعنى علة معلول كما فى قيام محتاج بمحتاج
اليه قياما حقيقيا او مجازيا وهو اظهر ش اى لا يحتاج الى
دليل م واما بمعنى ماهية شئ وهى وجود نفسه الواقع
فان تكن وهمية اى متحصلة من وهم فمعنى وهمية
اما ان لا يكون لها وجود مطلقا فالعدم مجهول فكيف حكمه
واما ان يكون لها وجود منتزعا غير مستقر بذاته فالوجود
بهذا الوجه واقع ش وان لم يكن واقعا فالعلم به ممتنع

ترجمہ جیسا فرمایا حق سبحانہ نے اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ الآیہ سورہ حجرات دوسرے رکوع میں۔ یعنی بیشک تم میں زیادہ مکرم اور بزرگ اللہ کے نزدیک وہ ہی جو زیادہ تم میں متقی ہے۔ آخر تک۔ یہیں سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ آزر مسلّم الکفر ممنوع المغفرت کی ابوت حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کی نسبت حقیقت میں صحیح نہیں آتی ہے یعنی آزر جسکا کفر مسلم ہے اور بخشا جانا ممنوع ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسبت اُس کا باپ ہونا حقیقت میں صحیح نہیں آتا ہے۔ مگر بطور مجاز کے کیونکہ حقیقی حالت میں حضرت سید الصادقین صلعم کے دعوی سے متضاد ہوگا اور باہم ایک دوسرے کے ضد ہو جاوینگے۔ پس ناچار آزر کا باپ ہونا حضرت خلیل اللہ علیہ السلام کی نسبت معنی مجازی کی طرف تاویل کیا جاویگا۔ اور یہی محقق اور مشہور ہے۔ کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے باپ تارخ ہیں۔ پس یہ دعا حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کی جو سورہ ابراہیم رکوع چھ میں ہی رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ یعنی اے رب ہمارے مجھے اور میرے ماباپ کو بخشدے بدون تاویل کے حقیقت سے دور ہے۔ یعنی والدین ہونا نسبت حضرت آدم کے کہ سزاوار رحمت ہیں اور نسبت حضرت حوا کے کہ انکی مغفرت متحقق ہے علی نبینا وعلیہما الصلوۃ والسلام۔ اور نسبت آزر کے جسکی مغفرت ممنوع ہے۔ اور یہ دور ہونا تاویل کا حقیقت سے معنی والدین کے تحقیق سے اور حضرت آدم کی نسبت قبولیت رحمت کے وجوب یعنی رحمت کے ضروری ہونے سے اور حضرت حوا رضؓ کی نسبت تحقق مغفرت یعنی بخشش کے ثابت ومتحقق ہونے سے۔ اور آزر کی نسبت بخشش کی ممانعت ظاہر ہے۔ پس یہ دعا مذکورہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اپنے والدین کی نسبت کہ سوق کلام کسی دعا اگلے لوگ کی دعا خیر میں اگلوں اور پچھلوں شامل ہیں چنانچہ الفاظ الحاق دعائے مذکورہ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ اسی کی طرف مشیر ہیں۔ وہ ویسی ہی ہو جاتی ہے جیسے حضرت نوح علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کی دعا جو سورہ نوح کے آخر رکوع میں ہے کہ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ یعنی اے میرے رب مجھکو اور میرے والدین کو بخش دے۔

بیان یہ کہ آزر مسلّم الکفر ممنوع المغفرۃ کی ابوت نسبتہ ابراہیم حقیقت میں صحیح نہیں ہے مگر مجازاً کیونکہ حقیقی باپ تارخ ہیں اور آزر چچا کہ مشہور ومحقق ہے

ش ازیں کریمہ ایمان والدین حضرت نوح علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام ثابت است پس از تشبیہ اشارت است بر خیریتِ سلف تا والدین حضرت نوح عم و نیز استغفار و تبریٔ از حضرت ابرھیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نسبت بہ تنہا آزر منسوب بہ ابوت مجازی است کما فی قولہ سبحانہ قال ربِّ اغفِر لِاَبِی الآیہ وتَبَرَّأَ مِنْهُ الآیہ نہ نسبت بوالدین پس جائے آنست کہ بفہمند و نیز لفظ ابوین عام است بحقیقت و مجاز بخلاف والدین کہ مخصوص است بحقیقت چنانکہ مستعمل است در محاورہ مشہورہ کقولہ تعالیٰ قالوا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَائِكَ الآیہ وکما اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ الآیہ

ترجمہ کہ اس آیت کریمہ سے ایمان والدین حضرت نوح علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام ثابت ہے۔ پھر اس تشبیہ سے اشارہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے سلف کے خیر ہونے کا حضرت نوح علیہ السلام کے والدین تک ہو رہا ہے۔ اور حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا مغفرت مانگنا اور اس سے تبری کرنا یعنی بیزار ہونا بھی تنہا آزر کی نسبت میں مجازی باپ ہونیکے سبب منسوب ہے۔ جیسا حق سبحانہ کے قول سورہ شعراء کے پانچویں رکوع میں ہے کہ کہا ابراہیم علیہ السلام نے ربِّ اغفِر لِاَبِی اے میرے رب میرے باپ کو بخشدے آخر تک + اور سورہ توبہ کے رکوع چودہ ۱۴ میں تَبَرَّأَ مِنْهُ الآیہ یعنی تبری کی اس سے آخر تک کہ یہ سب مضمون سورہ توبہ کے رکوع چودہ ۱۴ میں کریمہ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرَاهِيمَ لِاَبِيهِ الخ سے بخوبی لائح ہے۔ نہ نسبت والدین ہونیکے سبب کیونکہ مغفرت آپ سے تبری واقع ہوئی ہے نہ مغفرت والدین سے لہٰذا حضرت ابراہیم عم کا والدین کی نسبت تبری کرنا ثابت نہیں پس چاہیے کہ یہاں سمجھیں۔ خلاصہ مطلب یہ ہے کہ مغفرت والدین کے لیے یہ دعا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ کہ اس دعائے خیر میں دال سوق کلام سے اگلے اور پچھلے مومنین تا قیامت شامل ہیں مثل دعائے مغفرۃ والدین حضرت نوح علیہ السلام کہ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ ہے ہونی چاہیے کہ اس کریمہ سے ایمان والدین حضرت نوح علیہ السلام ثابت ہے پھر تشبیہ سے سلف کی خیریت پر نوح علیہ السلام کے والدین تک اشارہ ہے۔ اور اس دعائے مغفرت حضرت ابراہیم علیہ السلام میں والدین ہونیکی نسبت کو حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا رضی اللہ عنہا کی طرف کرنا جو سزاوار رحمت اور مستحق مغفرت ہیں۔ اور نیز آزر کی طرف نسبت کرنا جسکی مغفرت ممنوع ہے بدون تاویل ہی حقیقت سے دور ہے۔ کیونکہ والدین کے معنی کی تحقیق اور حضرت آدم کی نسبت مستجاب رحمۃ۔ اور حضرت حوا کی نسبت محقق مغفرۃ سے تاویل کا دور ہونا حقیقت سے ظاہر ہو رہا ہے۔ اور سوائے اسکے مغفرۃ مانگنا اور اس سے بیزار ہونا اور تبری کرنا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا تنہا آزر کی نسبت سے جسکو باپ ہونیکی نسبت مجازی حاصل ہے جیسا آیات ربِّ اغفِر لِی الآیہ وتبرأ منہ الآیہ سے ظاہر ہے نہ نسبت والدین ہونیکے سبب پس چاہیے کہ اس مقام میں سمجھیں۔ اور پھر لفظ ابوین معنی حقیقی اور مجازی دونوں کے لیے عام ہے بخلاف والدین کے کہ حقیقی معنی کیلئے مخصوص ہے جیسا کہ استعمال محاورہ مشہورہ میں مثل فرمانے خدا تعالیٰ کے سورہ بقر رکوع سولہ میں قَالُوا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَائِكَ الآیہ اور سورہ اعراف رکوع تین میں كَمَا اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ الآیہ یعنی انھوں نے کہا ہم تیرے خدا اور تیرے باپ دادے کے خدا کی پوجا کرتے ہیں الخ اور

والبتہ بمعنی مجاز رجوع بمعنی مصدر حقیقی دائر میان فاعل ومفعول نمیکند فکیف التاویل المذکور یارب ترحم در نصورت ایں ہر دو کریمہ رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ و رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وحدیث شریف اَنَا اَنْفَسُكُمْ وَاِنِّي نُقِلْتُ مِنْ صُلْبِ اٰدَمَ و کریمہ اَلَّذِيْ يَرٰىكَ مؤید ہمدگر است حدیث سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى صلعم عَنْ اَبَوَيْهِ فَقَالَ سَئَلْتُهُمَا رَبِّي فَيُعْطِيْنِي فِيْهِمَا وَاِنِّي لَقَائِمٌ يَوْمَئِذٍ اَلْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الحدیث سوال کردن حضرت صلعم نفس ابویہ المکرمین را صلعم مشیر محبت ورافت اتم وعطاہای نامعین بایشاں نیست ویعطینی بحذف مفعول ثانی وبصلہ فی مشیر توسع واشتراک بما بہ العطا است حدیث اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ الْحَجُوْنَ حَزِيْنًا فَقَامَ بِهٖ مَاشَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ رَجَعَ مَسْرُوْرًا قَالَ سَئَلْتُ رَبِّيْ فَاَحْيٰى لِيْ اُمِّيْ فَاٰمَنَتْ بِيْ ثُمَّ رَدَّهَا حدیث قد رُوِيَ عَنْ بَعْضِ الصَّحَابَةِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَاٰمِنَةَ بِنْتَ وَهْبٍ

ترجمہ اور البتہ معنی مجاز ایسے معنی مصدر حقیقی کی طرف جو فاعل ومفعول میں دائر ہیں رجوع نہیں کرتے ہیں تو تاویل مذکور کیونکر جائز ہے۔ اے رب رحم کر۔ اس صورت میں دونو آیت کریمہ رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ اور رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ۔ اور حدیث شریف اَنَا اَنْفَسُكُمْ نَسَبًا وَصِهْرًا الخ اور اِنِّي نُقِلْتُ مِنْ صُلْبِ اٰدَمَ الخ اور کریمہ اَلَّذِيْ يَرٰىكَ الخ آپس میں ایکدوسرے کی تائید کر رہے ہیں۔ حدیث یعنی پوچھے گئے رسول اللہ تعالیٰ صلعم آپکے ماں باپ کی نسبت پس فرمایا آپنے کہ میں نے ان دونوں کے لیے میرے رب سے سوال کیا تو مجکو ان دونو کی بابت میرا رب بخشش فرما دے گا اور حال یہ ہے کہ میں بیشک ضرور قیام کرنے والا ہوں اس دن مقام محمود میں۔

اس حدیث میں حضور صلعم کا اپنے خاص والدین مکرمین کے لیے سوال کرنا اللہ سے محبت اور پوری رافت کا اشارہ کرتا ہے اور ان کے ساتھ غیر معین بخششوں کا۔ اور لفظ یعطینی جسکا مفعول ثانی محذوف ہے بنا بر حذف توسع مفعول کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اور اپنے صلہ فی سے مشیر ہے ما بہ العطا کے اشتراک کا یعنی ایسی چیز کا جو بخشش کی ہے یا جسکے ساتھ بخشش ہے وہ آپکے والدین دونوکے درمیان مشترک ہے حدیث یعنی تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم مقام حجون میں اترے غمگین ہوتے اور جب تک خدانے چاہا اسکے پاس کھڑے رہے پھر خوش ہوتے لوٹے اور فرمایا میں نے میرے رب سے سوال کیا تو میرے لیے میری ماں کو زندہ کیا اور مجپر ایمان لائیں پھر اللہ نے انکو لوٹا دیا حدیث یعنی تحقیق بعض صحابہ سے مروی ہے کہ عبد اللہ بن عبد المطلب اور آمنہ بنت وہب

تفسیر حدیث سئل رسول اللہ صلعم عن ابویہ فقال سئلتہما ربی الخ

تفسیر حدیث شریف جسمیں حضور کے والدین کی نسبت آپکا سوال ہے اور ان کے لیے اعطاء حق کا مژدہ۔

حدیث ایمان لانا والدین رسول اللہ صلعم کا زندہ ہوکر

حدیث اسلام والدین رسول اللہ صلعم زندہ ہوکر دونوکا بروایت بعض اصحاب رض

وَالِدَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اسلما لاَنَّ اللّٰہَ اَحْیَاھُمَا لَہٗ فَاٰمَنَا

اِیں روایات جامع مطالب دیگر روایات در جانب اِثباتِ ایمان و ایمان محمّد بر نبوت حضرت صلعم است + **اصل** تقدمِ دخولِ جنت نتواند شد بمنعِ خروج مگر تقدم دخولِ نار بخروج لازم پس رفعِ تعارض مثبتِ ایمان است **اصل** بعد ثبوت اخبارِ نبوی صلعم و آثار قولی و فعلی و حالی والدیہ المکرمین صلعم چنانکہ معروف و مشہور است اخبارِ دخول نار بخروج لازم تواند شد پس ازیں دخولِ نار دلیلی بر لزومِ خلود بنفیِ ایمان نتواند شد فتمّ الکلام فی اثبات المرام **اصل** بی ثبوتِ عصیانِ امرِ مرسل عذاب نمی شاید بعدمِ حجّت فرمود سبحانہ کریمہ وَمَا کُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰی نَبْعَثَ رَسُوْلًا + اگر رسولی دریں عالم نرسد بضرورت در آخرت خواہد رسید

ترجمہ والدین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونو اسلام لائے کیونکہ اللہ نے اُن دونوں کو آپکے لیے زندہ کردیا اور وے دونو ایمان لائے۔ یہ روایتیں دوسری اور ایسی روایتوں کے مطالب کی جامع ہیں جو آپ کی والدین کے اثبات ایمان اور آپ کی نبوت پر ایمان تازہ لانیکے ثبوت کی جانب ہیں۔ **قاعدہ** دخول جنت کا تقدم منع خروج کے سبب نہیں ہوسکتا ہے مگر تقدم دخولِ دوزخ خروج کے ساتھ لازم ہے پس رفع تعارض ایمان کا مثبت ہے۔ یعنی جنت میں داخل ہوکر وہاں سے نکلنے کی منع ہونیکے سبب جنت میں داخل ہونیکی پیشگی نہیں ہوسکتی البتہ دوزخمیں داخل ہونیکی پیشگی وہاں سے نکلنے کے ساتھ لازم ہے۔ پس جب اس آیت شریف مَا کَانَ لِلنَّبِیِّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَنْ یَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِکِیْنَ الخ کا نزول حضور صلعم کے والدین مکرمین کی نسبت اتحاد حقیقت کے منع استغفار ضروری میں اشتراک دونوں کا باہم ہوسکتا ہے اور ایک کی تخصیص دوسرے کی تعمیم میں مندرج ہوسکتی ہے۔ اور آپ کی والدہ کی نسبت نازل ہونا اس آیت کا صحیح نہیں آتا۔ پس یہ رفع تعارض حضور کے والدین کے ایمان کا ثبوت دیرہا ہے اور اذن زیارت مزید براں + **قاعدہ** اخبار نبوی صلعم اور آپکے والدین مکرمین کے قولی اور فعلی اور حالی آثار جیسا معروف و مشہور ہیں ثابت ہونیکے بعد دوزخ کے دخول کی خبریں خروج کے ساتھ لازم ہونی چاہییں۔ پس اس دخول نار سے لزوم خلود پر مع نفی ایمان کے کوئی دلیل نہیں ہوسکتی یعنی یہ دوزخمیں داخل ہونا دوزخمیں ہمیشہ رہنے کو لازم نہیں کرتا اور نہ ایمان کی نفی کرتا ہے۔ پس کلام مقصود کے اثبات میں پورا ہوا اور حضور صلعم کے والدین کے ایمان کا ثبوت ہوگیا +

قاعدہ بغیر ثبوت حکم مرسل کی نافرمانی کے عذاب نہیں لائق ہوتا ہے کیونکہ حجت موجود نہیں بلکہ معدوم ہے فرمایا حق سبحانہ نے سورہ بنی اسرائیل رکوع ۲ میں کریمہ وَمَا کُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰی نَبْعَثَ رَسُوْلًا یعنی اور ہم نہیں عذاب کرنوالے ہیں جبتک کہ ہم کسی رسول کو نہ بعث کرلیں گے یعنی نہ بھیج لیں گے۔ اگر اس عالم میں کوئی رسول نہ پہونچے گا تو لامحالہ ضرورت کے سبب آخرت میں پہونچے گا۔

وحضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مروی است فرمود صلی اللہ علیہ وسلم حدیث اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیٰمَۃِ جَمَعَ اللّٰہُ اَہْلَ الْفَتْرَتِ وَالْمَعْتُوہِ وَالْاَصَمِّ وَالْاَبْکَمِ وَالشُّیُوخِ الَّذِیْنَ لَمْ یُدْرِکُوا الْاِسْلَامَ ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَیْھِمْ رَسُوْلًا اَنْ اُدْخُلُوا النَّارَ فَیَقُوْلُوْنَ کَیْفَ نَدْخُلُھَا وَلَمْ یَاْتِنَا رَسُوْلٌ قَالَ وَاَیْمُ اللّٰہِ لَوْ دَخَلُوْھَا لَکَانَتْ عَلَیْھِمْ بَرْدًا وَّسَلَامًا ثُمَّ یُرْسِلُ اِلَیْھِمْ اَنْ اَطِیْعُوْا فَیُطِیْعُہٗ مَنْ کَانَ یُرِیْدُ اَنْ یُّطِیْعَہٗ قَالَ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ فَاقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ وَمَا کُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰی نَبْعَثَ رَسُوْلًا پس غیر مدرک امرِ مرسل وجوبِ عذاب واعتبارِ حالتِ یاس نباشد بخلاف مُدرک پس عذری در احیا و ایمان بحکمِ اعجاز وعدمِ اعتبارِ حالتِ یاس نتواند شد **اصل**[۴] اقل مدتِ تاہل در زمانِ فترت بست[۲۵] وپنج سال است وحال آنکہ حضرت عبداللہ ہژدہ[۱۸] سالہ وحضرت آمنہ بست[۲۰] سالہ وفات فرمودند رضی اللہ تعالیٰ عنہما پس کجا است رفع عذر حالتِ فترت ٭ وایں دو اصل
لاحق است بدو اصل سابق

ترجمہ جیسا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے **حدیث** یعنی جب قیامت کا دن ہوگا اہلِ فترت یعنی کم عقل اور دیوانہ یعنی مجنون اور بہرہ اور گونگے اور ایسے بوڑھوں کو جنھوں نے اسلام نہیں پایا جمع کرے گا پھر انکی طرف قاصد بھیجے گا تاکہ وے دوزخ میں داخل ہوں تو وے کہیں گے ہماری پاس تو رسول آیا ہی نہیں ہم دوزخ میں کیونکر داخل ہو سکتے ہیں فرمایا قسم خدا کی اگر وے دوزخ میں داخل ہو جاتے تو انپر دوزخ سرد اور سلامت ہو جاتی۔ پھر اُن کی طرف رسول بھیجے گا کہ وے اطاعت کریں تو رسول کی وہی اطاعت کرے گا جس کسی کا ارادہ اطاعت کرنے کا تھا۔ فرمایا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پس پڑھو اگر تم چاہو تو یہ آیت وَمَا کُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتّٰی نَبْعَثَ رَسُوْلًا ٭ یعنی اور ہم عذاب کرنے والے نہیں ہیں جب تک ہم کسی رسول کو نہ بھیج لیں گے۔ پس امر مرسل کے غیر مدرک پر یعنی جسنے امر مرسل نہ حاصل کیا ہو اسپر عذاب واجب نہیں اور نہ اسکی حالت یاس کا یعنی وقت موت کا اعتبار ہے بخلاف اسکے جسنے امر مرسل حاصل کر لیا ہو پس بحکم اعجاز زندہ کرنے اور ایمان میں کوئی عذر نہیں اور عدم اعتبار حالت یاس بھی نہیں ہو سکتا ہے۔

قاعدہ زمانہ فترت میں تاہل کی اقل مدت پچیس[۲۵] سال ہیں۔ اور حال یہ ہے کہ حضرت عبداللہ نے اٹھارہ برس کی اور حضرت آمنہ نے بیس[۲۰] برس کی عمر میں وفات پائی رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ پس حالت فترت کا بھی رفع عذر نہیں ہے یعنی عذر فترت قائم ہے اور یہ دونوں قاعدے اول کے دونوں قاعدوں کے ساتھ لاحق ہیں۔ یعنی چلنے والے ہیں ٭

اصل در اوائلِ اسلام حضرت سیدِ انام علیہ الصلوٰۃ والسلام از استغفارِ مومنِ مقروض ممنوع بودند لما جاء فی الحدیث نفسُ المؤمنِ معلّقةٌ بدَینہ حتّیٰ یقضی۔ پس منعِ استغفار دلالتی قطعی بر کفر ندارد بل درینجا جانب دیگر بتقابلِ اخبار اقرب است و این اصل جوابِ فاضل بر سوالِ فاضل است **حاصل** بملاحظۂ اصلین سابقین ناچار خبرِ نار و بکاءِ حضرت صلعم و منعِ استغفار ماوّل بوجہ من الوجوہ غیرِ کفر است واللہ تعالیٰ اعلم بحقیقتہٖ و بملاحظہ اصلین زاہقین اقرب تاویلات اخبارِ نار قبل از اطلاع حالِ اہلِ فترت است چنانکہ در حالِ اطفالِ مشرکین فرمودہ بودند کہ با در و پدرِ خویشان در آتش ہستند و بعد نزولِ کریمہ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ اُخْرٰی فرمودند در جنت ہستند و اخبارِ ایمان پس از ان پس منعِ استغفار پس احیاء، و الّا ارتفاعِ تعارض و تاویلِ تخالف نتواند شد و بعض ماتَ ابویہ بالکفر حوالت بقائلش تواند شد **حکم** در صورتِ اختلافِ روایات

ترجمہ قاعدہ ۔ ابتدائے اسلام میں حضرت سیدِ انام علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مومنِ مقروض یعنی قرضدار کے استغفار کی ممانعت تھی کیونکہ حدیث میں آیا ہے کہ مومن کا نفس اپنے قرضہ میں معلّق ہے یہانتک کہ وہ ادا ہو۔ پس استغفار کی ممانعت کوئی دلالت قطعی کفر پر نہیں رکھتی ہے بلکہ یہاں اخبار ایمان و کفر کا مقابلہ کرنے میں دوسری جانب یعنی ایمان کی اقرب ہو۔ اور یہ قاعدہ سوال فاضل پر جواب فاضل ہے۔

حاصل ۔ اول کے دونو قاعدوں کے لحاظ کرنے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ خبرِ دوزخ اور حضرت صلعم کا گریہ فرمانا اور استغفار کی ممانعت ۔ ناچار کسی ایسی وجہ کے ساتھ وجوہ میں سے تاویل کیے جاویں کہ نسبت کفر نہ رکھتی ہو واللہ تعالیٰ اعلم بحقیقتہٖ اور خدا تعالیٰ اسکی حقیقت سے بہتر داناہے ۔ اور پچھلے دونو زاہق یعنی مٹنے والے قاعدوں کے ملاحظہ سے یہ حاصل ہوا کہ قریب تر تاویل اخبارِ نار کی یہ ہو سکتی ہے کہ یہ خبر اہل فترت کے حال کی اطلاع کے پہلے کی ہے۔ جیسا کہ اطفال مشرکین کے حال میں فرمایا تھا کہ وے اپنے اپنے ما باپوں کے ساتھ دوزخی ہیں ۔ اور بعد نزول کریمہ کے جو سورۂ فاطر کے تیسرے رکوع میں ہے لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ اُخْرٰی یعنی نہیں بوجھ اٹھاویگا بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ۔ آپنے فرمایا جنت میں ہیں ۔ اور ایمان کی حدیثیں اسکے بعد کی۔ پھر ممانعت استغفار کی۔ پھر زندہ کرنا۔ نہیں تو تعارض رفع نہ ہو سکے گا اور نہ تخالف کی تاویل ہو سکے گی۔ اور ماتَ ابویہ بالکفر اسکے قائل کے حوالہ ہونے چاہئیں جس نے کہا کہ آپکے والدین کفر میں مرے

حکم خیال کرنیکا مقام ہے کہ اختلاف روایات کی صورت میں۔

باختیارِ جانبِ ایمان چہ جدل و اعتساف است و باختیارِ جانب کفر چہ عدل و انصاف خود بفرمایند عدل و محبت و ادبِ عظمت حضرت حبیب الرحمن صلعم ہمیں اعتساف و انصاف را خواہر با آنکہ حکم فقہ حنفی میدانند قال فی الدر المختار لا یفتی بتکفیر مسلم کان فی کفرہ خلاف ولو کان ذٰلک روایۃ ضعیفۃ و نیز عجب است کہ باوجود وقائع کثیرہ ارہاصات وقت تشرف صلب حضرت عبداللہ و بطنِ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما و وقتِ ولادت و بعدش و اخبار منامیہ انبیاء و ملائکہ علیٰ نبیّنا و علیہم الصلوٰۃ والسلام و اخبارِ احجار و اشجار و کاہنان و راہبان بظہور خاتم النبیین مسمیٰ بہ محمد و احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم از صلب حضرت عبداللہ رض و بطن حضرت آمنہ رض

ترجمہ جانب ایمان کے اختیار کرنے میں کیا جدل و اعتساف ہے یعنی کیا جھگڑا ہے اور کونسی حد سے باہر ہو جاتے ہیں۔ اور کفر کی جانب اختیار کرنے میں کونسا عدل اور انصاف حاصل ہو جاتا ہے۔ خود ہی فرمائیں کہ انصاف اور محبت اور حضرت حبیب الرحمن صلعم کی عظمت کا ادب کیا اسی اعتساف اور انصاف کا خواہاں ہے۔ باوجود اس بات کے کہ حکم فقہ حنفی جانتے ہیں کہ کہا ہے در مختار میں کہ مسلمان کی تکفیر پر فتویٰ نہیں دیا جاتا جبکہ اس کے کفر میں خلاف ہو اگرچہ یہ خلاف ایک ضعیف روایت ہو۔ اور تعجب ہے کہ حضرت عبداللہ رض کی پشت مبارک اور حضرت آمنہ رض کے بطن مبارک میں نور نبی صلعم کے تشریف لانے کے وقت۔ اور ان کی ولادت کے وقت اور اس کے بعد باوجود بہت سے واقعات ارہاصات کے یعنی وہ معجزات جو قبل ولادت اور عین ولادت اور بعد ولادت آپ سے ظہور پائے جو ارہاصات کہلاتے ہیں۔ اور انبیاء اور ملائکہ علیٰ نبیّنا و علیہم الصلوٰۃ والسلام کے اخبار منامیہ یعنی باوجود انبیاء اور ملائکہ سے خواب میں آپ کے تولد کی اطلاعیں پہنچنے کے۔ اور پتھروں اور درختوں اور کاہنوں اور راہبوں کی اطلاعیں حاصل ہونے کے کہ حضرت خاتم النبیین جنکا نام پاک محمد اور احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم ہوگا حضرت عبداللہ رض کی پشت اور حضرت بی بی آمنہ رض کے بطن سے ظہور پائیں گے

کہ ش بیان وقائع ارہاصات و اخبارم برحضرت عبد اللہ رضہ وحضرت آمنہ رضہ
رونمودند ش چنانکہ در کتب حدیث شریف در رسالۂ میلاد از ابن جوزی و سید جعفر
برزنجی وغیرہما علماء متقدمین ومتاخرین مذکور است م ایمان نیاوردند وخلقی
بہ شنیدن ایمان آوردند نہ تو نمی ترسند از ایذاء حضرت حبیب الرحمن صلعم
قال اللہ تعالیٰ اِنَّ الَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ اللّٰہَ وَ رَسُوۡلَہٗ لَعَنَہُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنۡیَا
وَ الۡاٰخِرَۃِ وَ اَعَدَّ لَہُمۡ عَذَابًا مُّہِیۡنًا ۔ باآنکہ در قصہ حضرت سُبیعہ بنت ابی لہب
میخوانند کہ از ایذاء اقرباء ایذاء خود مبارک فرمود وایذاء خود مبارک را ایذاء خدائے تبارک شعر

اے چنگ فرو بردہ بخون دل حافظ فکرت مگر از غیرت قرآن خدا نیست

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ وَعَلٰی جَمَالِہٖ
کَمَا تُحِبُّہٗ وَتَرْضَاہُ وَشَفِّعْہُ
فِیْنَا وَتَرْحَمْنَا بِہٖ

ترجمہ جیسا حدیث شریف کی کتابوں میں اور میلاد کے رسالوں میں ابن جوزی اور سید جعفر برزنجی اور
ان دو لوگوں کے سوائے علمائے متقدمین اور متاخرین سے مذکور ہے ۔ آپ کے حضرت عبد اللہ رضہ اور آپ کی والدہ
حضرت آمنہ رضہ جنپر یہ تمام واقعات اور اخبارات ظہور پائے ایمان نہ لائیں ۔ اور ایک مخلوق سنکر ایمان لائے
کیسے اچنبھے کی بات ہے ۔ کیا تجھے حضرت حبیب الرحمن صلعم کی ایذا کا خوف نہیں اور کیا وے ایذائے محبوب خدا سے
نہیں ڈرتے ہیں کہ فرمایا خدائے تعالیٰ نے سورہ احزاب کے رکوع ستہ میں اِنَّ الَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ اللّٰہَ
وَ رَسُوۡلَہٗ لَعَنَہُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَۃِ وَ اَعَدَّ لَہُمۡ عَذَابًا مُّہِیۡنًا ۔ بیشک جو لوگ
اللہ اور اسکے رسول کو ایذا دیتے ہیں اللہ نے اُن پر دنیا اور آخرت میں لعنت کی اور اُن کے لیے عذاب
سخت مقرر فرمایا ۔ باوصف اسکے کہ حضرت سُبیعہ بنت ابی لہب کے قصہ میں پڑھتے ہیں کہ آپ نے
ایذائے اقربا کو ایذائے خود مبارک فرمایا ۔ اور ایذائے ذات مبارک کو ایذائے خدائے تبارک شعر

خونِ دل حافظ سے تو ہاتھونکو رنگیں کرچکا غیرتِ قرآن حق کا تجکو اندیشہ نہیں

اللھم صل و سلم علی محمد نبی الرحمۃ وعلیٰ جمالہ کما تحبہ و ترضاہ
وشفعہ فینا و ترحمنا بہٖ

ذکر کیفیت آثار مجمع علیہا اہل سنت وجماعت رض

۲۰ ذکر کیفیت آثارِ مجمع علیہا اہلِ سنت وجماعت رض

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نحمد اللہ ونستعینہ ونصلی علی رسولہ محمد ونستشفعہ وعلی آلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین ۔ از آثار مجمع علیہا اہل سنت وجماعت رض این است مخالف این متخاصم است تعظیم اللہ تعالیٰ ومحبتہ وتعظیم الرسول صلعم ومحبتہ وتعظیم الشیخین ومحبتہما وتعظیم الختنین ومحبتہما وتعظیم السبطین ومحبتہما والمسح علی الخفین والصلوۃ علی الجنازتین والصلوۃ عقب الامامین وحکم الایمان علی الآثمین ودخول الدارین الموجودتین بما ہو فیہما الآن قال سبحانہ وجنۃ عرضہا کعرض السماء والارض اعدت للذین آمنوا باللہ ورسلہ الآیہ وفیہ دلیل علی ان الجنۃ مخلوقۃ من انوار التنزیل ۔ وفی بدء الخلق من ابن مجہ رح عن ابی ہریرۃ رض قال قلت یا رسول اللہ مم خلق الجنۃ قال من الماء قلت ما بناؤہا قال لبنۃ من ذہب ولبنۃ من فضۃ الی آخر الحدیث

ذکر بیان مسائل اجماعیہ آثار اہل سنت وجماعت رض کہ مخالف اسکا متخاصم ہے

۲۱ ترجمہ۔ بیان ذکر اہل سنت وجماعت کے اجماعی آثار کا یعنی اُن اصولوں کا جن پر سب کا اجماع ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نحمد اللہ ونستعینہ ونصلی علی رسولہ محمد ونستشفعہ وعلی آلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین ۔ اہل سنت وجماعت کے آثار جن پر سب کا اجماع ہے ہیں انکا مخالف متخاصم ہے یعنی جو اُن کی مخالفت کرے وہ خصومت کرنیوالا جھگڑالو ہے۔ اللہ تعالیٰ کی تعظیم اور اسکی محبت رسول اللہ صلعم کی تعظیم اور انکی محبت۔ شیخین یعنی حضرت صدیق اکبر و حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تعظیم اور انکی محبت۔ ختنین یعنی حضرت عثمان ذی النورین اور حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تعظیم اور انکی محبت۔ سبطین یعنی حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تعظیم اور انکی محبت۔ مسح خفین پر یعنی دونوں پیر کے موزوں پر مسح کرنا۔ صلوۃ جنازتین پر یعنی نیک و فاسق دونوں کے جنازہ کی نماز پڑھنا۔ صلوۃ عقب الامامین یعنی نیک و فاسق کے پیچھے نماز پڑھنا۔ حکم الایمان علی الآثمین یعنی کبیرہ وصغیرہ گناہ کرنے پر ایمان کا موجود رہنا۔ دخول الدارین الموجودتین بما ہو فیہما الآن یعنی جنت اور دوزخ میں داخل ہونا کہ وہ دونوں مع اُن چیزوں کے کہ انمیں ہیں فی الحال موجود ہیں۔ جیسا کہ فرمایا حق سبحانہ نے وجنۃ عرضہا کعرض السماء والارض اعدت للذین آمنوا باللہ ورسلہ الآیۃ یعنی اور جنت جس کا عرض آسمان و زمین کی چوڑائی کی مانند ہے ان لوگوں کیلئے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اسکے رسولوں پر ایمان لا چکے ہیں۔ اور اس میں اس بات کی دلیل ہے کہ جنت مخلوق ہے۔ یہ تفسیر انوار التنزیل میں ہے۔ اور کتاب بدء الخلق میں ابن مجہ سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ کہا انھوں نے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ جنت کس چیز سے بنائی گئی فرمایا پانی سے میں نے عرض کیا اسکی عمارت کس چیز کی ہے فرمایا ایک اینٹ سونے کی اور ایک اینٹ چاندی کی آخر حدیث تک

بیان تعظیم ومحبت خدا ورسول وشیخین وختنین وسبطین رضی اللہ عنہم

مسح موزوں پر نماز صالح و فاسق کے پیچھے اور انکے جنازہ کی نماز صغیرہ وکبیرہ گنہگار پر مومن کا حکم

جنت و نار فی الحال تمام اشیاء کے جو انمیں ہیں موجود ہیں بدلیل قرآن وحدیث

جنت مخلوق ہے بدلیل نص قرآنی وآثار کے

وفی الصحیح البخاری فی باب ما جاء فی صفۃ الجنۃ وانہا مخلوقۃ وقال سبحانہ
فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ اُعِدَّتْ لِلْکٰفِرِیْنَ ہ قولہ اُعِدَّتْ
لِلْکٰفِرِیْنَ ہ دلیل علی اَنَّ النَّارَ مخلوقۃ معدّۃ لہم الآن ہ من انوار التنزیل
وفی الصحیح البخاری فی باب صفۃ النار وانہا مخلوقۃ ففی الجنۃ نعیم للمؤمنین
بما ہو منہا لقولہ تعالیٰ جَنَّتَانِ ۝ ذَوَاتَا اَفْنَانٍ ۝ فِیْهِمَا عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ ۝ فِیْهِمَا
مِنْ کُلِّ فَاکِهَةٍ زَوْجٰنِ ۝ جزاء العمل لا بجرد العمل الذی یتشکل ولو کان کذا
ایضا کما ہو ثبت والرؤیۃ بالعین لقولہ صلعم یراہ المؤمنون وہم فی الجنۃ باعین
رؤسہم ✱ ولقولہ تعالیٰ وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ اِلٰی رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝ والبقاء فیہا علی
التشخص لقولہ تعالیٰ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ہ وَفِیْهَا مَا تَشْتَهِیْهِ الْاَنْفُسُ
وَتَلَذُّ الْاَعْیُنُ وَاَنْتُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ہ وَلَیَجْزِیَ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ہ

ترجمہ اور صحیح بخاری شریف کے اُس باب میں جو صفت جنت میں آیا ہے یہ کہ وہ مخلوق ہے ان الفاظ سے وانہا مخلوقۃ
اور فرمایا حق سبحانہ نے سورہ بقر کے تیسرے رکوع میں فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ اُعِدَّتْ
لِلْکٰفِرِیْنَ ہ یعنی پس بچو آگ سے جسکا ایندھن آدمی اور پتھر ہے۔ کافروں کے واسطے مقرر ہے۔ پس خدا سبحانہ کا فرمانا
اعدت للکافرین یعنی کافروں کے واسطے مقرر ہے اس بات کی دلیل ہے کہ آگ یعنی دوزخ کافروں کے لیے اسوقت طیار
پیدا کی ہوئی۔ یہ کتاب انوار التنزیل میں ہے۔ اور صحیح بخاری شریف کے باب صفت نار میں ہے کہ وہ مخلوق ہے ان
الفاظ سے وانہا مخلوقۃ۔ اور جنت میں مومنین کے لیے نعمتیں ہیں جو اسی جنت کی ہیں۔ کیونکہ فرمایا خدا
تعالیٰ نے جَنَّتَانِ ہ ذَوَاتَا اَفْنَانٍ ۝ فِیْهِمَا عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ ۝ فِیْهِمَا مِنْ کُلِّ فَاکِهَةٍ زَوْجٰنِ ۝ کہ یہ تمام آیات
سورہ رحمٰن کے تیسرے رکوع میں ہیں اور معنی انکے یہ ہیں۔ یعنی وہ دو نو باغ ہیں کہ دونو وہ گنجان شاندار درختوں کے ہیں۔ جن
دونوں میں نہریں دو دو بہ رہی ہیں۔ جن دونوں میں ہر میوہ دو دو طرح کے ہیں۔ یہ عمل کا بدلہ ہے ایسا بدلہ کہ مجرد عمل متشکل نعمت ہوجائے
اگرچہ ایسا بھی ہو جیسا کہ وہ ثابت ہے۔ اور جنت میں رویت العین ہے یعنی دیدار خدا ان آنکھوں سے ہوگا۔ کیونکہ فرمایا حضور صلعم نے یعنی
مومنین اسوقت کہ جنت میں ہونگے خدا کو اپنے سر کی آنکھوں سے دیکھینگے۔ اور اسلیے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ اِلٰی
رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝ سورہ قیامت کے اول رکوع میں یعنی بہت چہرے اس دن اپنے رب کی طرف دیکھ کر تر و تازگی پانے والے ہونگے۔ اور
بقا یعنی موجود رہنا جنت میں بحیثیت تشخص کی بنا پر ہے کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ یعنی
اور جنت میں وہ چیزیں ہیں جنکو نفس چاہتے ہیں اور آنکھیں لذت پاتی ہیں۔ اور تم اسمیں ہمیشہ رہوگے۔ اور سورہ توبہ کے رکوع پندرہ میں
لَیَجْزِیَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ہ یعنی البتہ خدا اُس چیز کا کہ وہ عمل کرتے تھے بہت اچھا بدلہ دیتا ہے +

…زخ مخلوق ہے اور فی
…ال مع ان تمام اشیاء کے
…سمیں ہیں موجود ہے

…ین کے یہ جنت میں نعمتیں ہیں
…ومیں ہیں اور یہ کہ عمل نعمت کی
…عمل ہو جاوے ضروری نہیں
…راہ ایسا بھی ہو +

…نت میں دیدار خدا ان
…نکھوں سے ہونا

…نت میں باقی رہنا مع اسی
…تشخص کے بنص آیات

لفظ وجوہ یومئذ ناضرۃ و الیٰ ربہا ناظرۃ و اولئک وہم و انتم دال است بر تشخص حاصل مشار الیہ ولفظ فیہا بظرفیۃ ولفظ خالدون بر دوام بقاء تشخص حاصل ظرف و مظروف ولفظ ما تشتہیہ الانفس بر خواست اختیاری نفوس بنعماء عام از جنۃ ولفظ ناظرۃ وتلذ الاعین بر رویت ولفظ احسن ما کانوا یعملون بر عدم لزوم تشکل عمل فکیف لزوم تشکل الاعمال بنعمائہا الذی ثبت بظنی وہو خاص واضطراری ومحدود بالعمل بنفی ما دونہ وارتفاع اعتبار التشخص الحاصل معتقد من اتبع توحید الفلسفۃ وان جزاء العمل وبقاء التشخص الحاصل ثابتان بقطعی محکم و فی النار تعذیب بما ہو منہا لقولہ تعالیٰ اولئک اعتدنا لہم عذابا الیما جزاء العمل لا بمجرد العمل الذی یتشکل ولو کان کذا ایضا کما ہو ثبت والبقاء فیہا علی حیث التشخص للکافر۔

بیان دلائل بقاء تشخص بحصول حظ نعماء جنت و دیدار خدا بچشم سر در جنت

ترجمہ آیات مذکورہ میں الفاظ وجوہ یومئذ ناضرۃ۔ اور الیٰ ربہا ناظرۃ۔ اور اولئک اور ہم اور انتم تشخص پر دلالت کرتے ہیں جو حاصل مشار الیہ ہے کہ اُنکی جانب اشارہ کیا گیا ہے۔ اور فیہا ظرفیت مکانی پر۔ اور لفظ خالدون بقائے دائمی تشخص پر جو ظرف و مظروف کا حاصل ہے۔ اور لفظ ما تشتہیہ الانفس نفسوں کی اختیاری خواہش پر جنت کی عام نعمتوں کی جانب۔ اور لفظ ناظرۃ اور تلذ الاعین چشم سے دیکھنے پر جسکو تشخص لازمی ہے۔ اور لفظ احسن ما کانوا یعملون عمل کے لازمی تشکل نہ ہونے پر یعنی یہ نہیں ہے کہ عمل کا نعمت کی صورت میں متشکل ہونا لازمی و ضروری ہے تو کیسے ہو سکتا ہے کہ اعمال کا نعمتوں کی صورت میں متشکل ہونا جسکا ثبوت ظنی ہے اور وہ تشکل اعمال بھی خاص ہی صورت کا ہے بسبب خصوصیت اعمال اور اضطراری ہے کہ عمل ہی متشکل ہو۔ اور عمل پر محدود ہے حسب حیثیت مقدار عمل۔ کہ وہ اپنے ماسوا کی نفی کو لازم ہی کرتا ہو۔ اور یہ اعتبار تشخص حاصل کہ معتبر ہے کیسے مرتفع ہو سکتا ہے جسکا ثبوت ظرف و مظروف اور ضمائر کا مشار الیہ ہونے سے حاصل ہے۔ اور انکا اعتقاد بھی غلط ہے جو توحید فلسفہ کے متبع ہیں۔ حالانکہ جزائے عمل اور بقائے تشخص حاصل یہ دونو ثابت ہیں قطعی محکم آیات سے اور دوزخ میں عذاب ہے اُس چیز کا جو دوزخ کی ہیں کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورۂ نساء کے تیسرے رکوع میں اولئک اعتدنا لہم عذابا الیما۔ یعنی یہی لوگ ہیں کہ ہمنے اُن کے لیے عذاب دردناک مقرر کر رکھا ہے۔ یہ عمل کا بدلہ ہے نہ ایسا بدلہ کہ مجرد عمل متشکل بعذاب ہو جاتے ہیں اگرچہ ایسا بھی ہو جیسا کہ وہ ثابت ہے۔ اور بقا یعنی موجود رہنا دوزخ میں کافر کے واسطے تشخص کی حیثیت کی بنا پر ہے۔

بیان یہ کہ عمل کا تشکل بنعمت ہونا لازم و ضروری نہیں اگرچہ یہ بھی ہو کہ ظنی ہے اور اول قطعی بنص کیونکہ تشکل عمل محدود و مخصوص و اضطراری ہے بنا بر خصوصیت و مقدار عمل۔

لقولہ تعالیٰ اُولٰئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ ○ وَ نَادَوْا یٰمٰلِکُ لِیَقْضِ عَلَیْنَا رَبُّکَ ؕ قَالَ اِنَّکُمْ مّٰکِثُوْنَ ○ ہمچناں بقاءِ تشخص حاصل مشارالیہ از لفظ اُولٰئِکَ وَ ھُمْ وَ نَادَوْا و عَلَیْنَا وَ اِنَّکُمْ و از لفظ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ وَ مّٰکِثُوْنَ دوام بقاءِ ظرف و مظروف واضح و اگر مرتفع شود اعتباراتِ تشخص چنانکہ گفتند چہ فرق در رویت و حجاب ثابت است فرمود سبحانہ کَلَّاۤ اِنَّھُمْ عَنْ رَّبِّھِمْ یَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ○ و فضل الانبیاء علی الاولیاء و صلوٰۃ التراویح فی لیالی رمضان المبارک عشرین رکعات و ہنوز در تقابلِ

بدعات مبتدعین آثار اہل سنۃ وجماعۃ محصور بر ہمہ کہ گفتہ شد نتواند شد

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ وَ عَلٰی جَمَالِہٖ کَمَا تُحِبُّہٗ وَ تَرْضَاہُ وَ شَفِّعْہُ فِیْنَا وَ تَرَحَّمْنَا بِہٖ ○

ترجمہ کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقر رکوع چار میں اُولٰئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ ○ یعنی یہی لوگ دوزخ والے ہیں وے اس میں ہمیشہ رہیں گے ۔ اور فرمایا سورۂ زخرف کے رکوع سات میں نَادَوْا یٰمٰلِکُ لِیَقْضِ عَلَیْنَا رَبُّکَ ؕ قَالَ اِنَّکُمْ مّٰکِثُوْنَ ○ یعنی وے پکاریں گے اے مالک کہیں فیصلہ کر چکے ہم پر تیرا رب ۔ کہے گا مالک بیشک ابھی تمہیں رہنا ہے اسی طرح بقائے تشخص حاصل مشارالیہ جس کی طرف اشارہ ہے الفاظ آیات مذکورہ اُولٰئِکَ ۔ اور ھُمْ ۔ اور نَادَوْا ۔ اور عَلَیْنَا ۔ اور اِنَّکُمْ سے ۔ اور لفظ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ ۔ اور مّٰکِثُوْنَ سے ظرف و مظروف کا بقائے دائمی واضح ہے ۔ اور اگر اعتباراتِ تشخص اٹھا دیئے جاویں جیسا کہ لوگوں نے کہا تو رویت اور حجاب میں کیا فرق ثابت رہے گا ۔ کیونکہ فرمایا حق سبحانہ نے سورۂ تطفیف پارہ عم میں کَلَّاۤ اِنَّھُمْ عَنْ رَّبِّھِمْ یَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ○ یعنی ہرگز یہ بات نہیں بیشک وے اپنے رب سے اُس دن البتہ محجوب ہوں گے ۔ اور تفضیل انبیاء کی اولیاء پر اور نماز تراویح کی رمضان المبارک کی راتوں میں بیس رکعت ۔ اور ابھی تک مبتدع لوگوں کی بدعتوں کے مقابلہ میں اہل سنت وجماعت کے آثار جو ایسے مسائل ہیں کہ اُن پر سب کا اجماع ہے صرف انہیں پر محصور نہیں ہو سکتے جو بیان میں آئے ۔ اللھم صل وسلم علی محمد نبی الرحمۃ وعلی جمالہ کما تحبہ وترضاہ وشفعہ فینا وترحمنا بہ

بیان دلائل عذاب دوزخ مع بقائے تشخص اور وجہ کچھ دوزخیں قسم عذاب سے ہے ○

بیان یہ کہ اعتبارات تشخص نہ رہنے میں رویت و حجاب کا فرق نہ رہے گا ○

بیان تفضیل انبیاء بر اولیاء

بیان نماز تراویح بیس رکعت

بیان یہ کہ بمقابلہ ابتداع مبتدعین دیگر آثار اہل سنت وجماعت ایسے اور بھی ہیں جن پر سب کا اجماع ہے اور حصر صرف مذکورہ بالا پر نہیں ہو سکتا ○

۲۱ ذکر کیفیت تعظیم و محبت شعائر اللہ تعالیٰ و شعائر الرسول صلعم وغیرہ

ذکر کیفیت تعظیم[۲۱] و محبت شعائر اللہ تعالیٰ و شعائر الرسول صلعم وغیرہ صلعم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمد اللہ و نستعینہ و نصلی علیٰ رسولہ محمد و نستشفعہ و علیٰ آلہ و اصحابہ و اتباعہ اجمعین

تعظیم و محبت قبلتین کما قال سبحانہٗ فی بیوتٍ اذن اللہ ان ترفع و یذکر فیہا اسمہٗ الآیہ و ما یتعلق بہما و کتب منزلہ بانچہ شاید۔ و تعظیم و محبت دین اللہ و آں التزام بانتظامش و حرمتش در دل است علیٰ تفاوت الحال بش مربوط است تعظیم و محبۃ حالا م فرض است یا واجب یا سنت ش انہما معطوف علیہ و معطوف خبر مبتدا است

یعنی تعظیم و محبت م و تعظیم مسجد بما یتعلق بہ من حقہ لقولہ تعالیٰ من یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب الآیہ

۲۲ ذکر بیان تعظیم و محبت شعائر خدا و رسول وغیرہ کا

ترجمہ بیان[۲۲] ذکر تعظیم و محبت اُن چیزوں کا جو خدائے تعالیٰ اور رسول صلعم اور بزرگان دین سے منسوب ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمد اللہ و نستعینہ و نصلی علیٰ رسولہ محمد و نستشفعہ و علیٰ آلہ و اصحابہ و اتباعہ اجمعین

۱ تعظیم و محبت قبلتین بدلیل کریمہ اور جو انسے متعلق ہیں۔

تعظیم و محبت قبلتین یعنی کعبہ معظم اور بیت المقدس کی جیسا فرمایا حق سبحانہ نے سورۂ نور رکوع پانچ میں فی بیوت اذن اللہ ان ترفع و یذکر فیہا اسمہ الآیہ یعنی اُن گھروں میں کہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا اُنکو بلند کرنیکا اور وہاں اُسکا نام پڑھنے کا آخر آیت تک۔ اور تعظیم و محبت اُن چیزوں کی جو اُنھیں دونوں قبلتین سے متعلق ہیں۔ اور تعظیم و محبت خدا کی طرف سے اتری ہوئی کتابوں کی جیسی ہونی چاہیے۔ اور تعظیم و محبت اللہ کے دین کی اور یہ اُسکا انتظام کے ساتھ التزام کرنا ہے اور اُسکا ادب و حرمت دل میں ہے۔ اور یہ تعظیم و محبت حسب حال متفاوت ہوگی کیونکہ کیفیت تعظیم و محبت باعتبار مراتب احکام دین فرض ہوگی یا واجب یا سنت پس اُسی ادب کے لحاظ سے جو اُسکے دل میں باعتبار مراتب احکام دین ہو اُسی مرتبت انتظامی کے ساتھ اُسکا التزام کریگا لہٰذا یہ تعظیم و محبت دین حسب حال متفاوت ہوگی۔ اور تعظیم مسجد کی مع اُس چیز کے کہ حقوق مسجد اُس سے متعلق ہیں کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورہ حج کے چوتھے رکوع میں من یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب الآیہ یعنی جو ادب کرے اللہ کی نشانی چیزوں کا سو وہ دلوں کی پرہیزگاری سے ہے تا آخر آیت

۲ تعظیم و محبت کتب منزلہ حق۔

۳ تعظیم و محبت دین خدا التزام بتفاوت مراتب۔

۵ تعظیم مسجد کا حقوق متعلقہ مسجد بنص کریمہ

وَمَنْ یُّعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللّٰہِ فَھُوَ خَیْرٌ لَّہٗ عِنْدَ رَبِّہٖ الآیہ ونہی از سوءِ ادب است لقولہ تعالیٰ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰہِ الآیہ و از نوعِ تعظیم و محبتِ شعائر تعظیم و محبتِ آثارِ انبیاء و اولیاء و تبرک باوست صلی اللہ تعالیٰ علیٰ نبینا و علیھم چنانکہ بستن حضرت یعقوبؑ پیراہن حضرت ابراہیمؑ را تبرکًا و حفظًا بر بازوی حضرت یوسف علیٰ نبینا و علیھم الصلوٰۃ والسلام در تفاسیر تواں یافت ش در تفسیر کبیر است مرویست کہ ہرگاہ حضرت ابراہیمؑ برہنہ در آتش انداختہ شد حضرت جبرئیلؑ پوشانیدنش قمیصی از حریرِ جنت و آں نقلاً بحضرت یعقوبؑ رسید حضرت یعقوبؑ در چیزی سخت نہادہ بگردن حضرت یوسفؑ آویخت م و تعظیمِ آثارِ رسول اللہ تعالیٰ صلعم و تبرک بآں فی المشکوٰۃ عن اسماء بنتِ ابی بکرٍ اخرجت جُبَّۃَ طیالسۃٍ الیٰ اَنْ قالت کان النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یلبسھا ونحن نغسلھا للمرضیٰ نستشفی بھا رواہ مسلمٌ و تعظیمِ آثارِ صحابہ و آثارِ اولیاء و تبرک

ترجمہ اور مَنْ یُّعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللّٰہِ فَھُوَ خَیْرٌ لَّہٗ عِنْدَ رَبِّہٖ الآیہ سورہ حج رکوع چہارم میں۔ یعنی جو معظم رکھے اللہ کے آداب کو تو وہ بہتر ہے اُسکے لیے اُسکے ربّ کے نزدیک تا آخر۔ اور شعائر اللہ کے ساتھ بے ادبی کی ممانعت ہے کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورۂ مائدہ کے پہلے رکوع میں یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰہِ الآیہ یعنی بے حرمت نہ کرو اللہ کے نام لگی چیزوں کو آخر تک۔ اور اقسام تعظیم و محبت شعائر میں ایک قسم انبیاء اور اولیاء کے آثار کی تعظیم و محبت ہی اور اُنسے برکت حاصل کرنا ہے درود ہو جیو اللہ کا ہمارے نبی پر اور اُنپر۔ جیسا حضرت یعقوب علیہ السلام کا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پیراہن کو حضرت یوسف علی نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بازو پر بغرض تبرک اور حفاظت باندھنا کہ تفسیروں میں معلوم کر سکتے ہو چنانچہ تفسیر کبیر میں ہی۔ روایت ہی کہ جب ابراہیم علیہ السلام برہنہ آگ میں ڈالے گئے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حریرِ جنت کی ایک قمیص آپکو پہنائی اور وہ منتقل ہو کر حضرت یعقوب علیہ السلام کو ملی۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے کسی سخت چیز میں رکھکر حضرت یوسف علیہ السلام کی گردن میں لٹکا دی۔ اور آثار رسول اللہ تعالیٰ صلعم کی تعظیم اور اُس سے برکت لینا کہ مشکوٰۃ میں حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انھوں نے ایک جبہ طیلسانی نکالا یہانتک کہ کہا بی بی اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسکو پہنتے تھے اور ہم اسکو مریضوں کے واسطے دھوتے ہیں اور اُس سے ہم شفا پاتے ہیں یا حاصل کرتے ہیں کہ حدیث کو مسلم نے روایت کیا۔ اور تعظیم آثار صحابہ اور آثار اولیاء کی اور اُن سے برکت لینا

بیانِ ممانعت بے ادبی شعائر خدا بنص

تعظیم و تبرک آثار رسول اللہ تعالیٰ صلعم بنص حدیث

باں بملاحظہ احوال اصحاب و اولیاء خود اظہر است ~~ش~~ چنانکہ داشتن حضرت خالدرض
موی سر مبارک حضرت سید عالم صلعم در کلاہ خودش و مظفر و منصور شدن ببرکت آں
و ہمچنیں بسا است و داشتن آثار پیران طریقت و تبرک باں تا ایندم در سلاسل طریقت
موجود و محمود است کہ بملاحظہ کتب سیر صحابہ و اولیاء رض معلوم تواند شد ھ وقصہ
تابوت سکینہ بر تعظیم و تبرک بشعائر دلیلی اشہر لقولہ تعالیٰ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ
إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَن يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ
مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَىٰ وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَّكُمْ
إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ه و ازاں است تعظیم و محبت مدینہ منورہ شرفہا اللہ
تعالیٰ شرفا و تعظیما لقولہ علیہ السلام المدینۃ خیر من مکۃ ولقولہ
علیہ السلام اللھم ان اخرجتنی من احب البقاع الی فاسکنی فی
احب البقاع الیک

ترجمہ کہ احوال صحابہ اور اولیاء اللہ کے ملاحظہ سے خود ظاہر تر ہے یعنی خوب اچھی طرح سے معلوم ہوتا ہے۔
جیسا حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اپنی ٹوپی میں موئے سر مبارک حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم رکھنا
اور اسکی برکت سے فتحمند اور منصور ہونا۔ اور اسی طرح بہت ہے۔ اور پیران طریقت کے آثار رکھنا اور انسے برکت
لینا اسوقت تک طریقت کے سلسلوں میں موجود ہے اور محمود ہے کہ اسکو اچھا جانتے ہیں جو کتب سیر صحابہ
اور اولیاء رضی اللہ عنہم کے ملاحظہ کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے۔ اور قصہ تابوت سکینہ کا شعائر کی تعظیم
اور انسے برکت لینا پر ایک بہت مشہور دلیل ہے کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورہ بقر کے رکوع بتیس میں
وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَن يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ
وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَىٰ وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ
لَآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ه یعنی اور فرمایا ان کے لیے نبی نے کہ بیشک نشانی اسکی سلطنت کی
یہ ہے کہ تمھارے پاس تابوت آویگا جسمیں طمانینت رحمت کی ہے تمھارے رب سے اور کچھ بچی چیزیں ہیں جو
اولاد موسیٰ اور اولاد ہارون علیہما السلام چھوڑ گئی اسکو فرشتے اٹھاتے ہیں۔ بیشک اسمیں تمھارے لیے پوری نشانی ہے
اگر تم مومن ہو۔ اور اسی قسم تعظیم شعائر میں تعظیم و محبت مدینہ منورہ کی ہے اللہ تعالیٰ اسے بہت ہی بڑھکر شرف و عزت
سے مشرف کرے کیونکہ فرمایا حضور علیہ السلام نے مدینہ بہتر ہے مکہ سے اور اس سبب کہ فرمایا حضور علیہ السلام نے کہ اے پروردگار اگر تونے مجھے ایسی جگہ سے نکالا
جو سب جگہوں میں مجھے زیادہ محبوب ہے پس تو مجھے ایسی جگہ میں سکونت دیجیو جو تجھے تمام جگہوں میں سب سے زیادہ محبوب ہے

۱۰ تعظیم محبت مدینہ منورہ و در بعض نسخ ان ملایہ است

وبسیار است اخبار فضائلِ مدینہ منورہ ولیکن اختصار گرفتم بر حسبِ مدعا و اختلاف فرمودند بعضِ
علماء بفضلِ مکہ معظمہ عظمہا اللہ تعالیٰ تعظیماً بدلیل آنکہ قال صلعم واللہِ انک لخیرُ
ارضِ اللہِ واحبُّ ارضِ اللہِ ولولا انّی اُخرِجتُ منکِ ما خرجتُ ۰ بفہم
در بندی این فضل مدینۃ الرسول صلعم جزئی من وجہٍ است نہ کلّی پس نیست نزاعی در فضل
ہمدگر برقع تعارض پس فضلِ مکہ معظمہ در حدِ او است و فضلِ مدینہ منورہ در حدِ او کرّمہا اللہ
تعالیٰ تکریماً و تفاضل ہمدگر بفضلِ کلّی ند تقابل نمیکند در باب انچہ در و است سوّ آ
تعارض و امانت طرفی از طرفین ھم و اینکہ مکہ معظمہ محل نور حجابی مسجود الیہ محمدٌ رسول اللہ
تعالیٰ است و حقیقتِ آں تعیّن ذاتی باعتبار فعّالیۃ مبدءِ الربوبیۃ است کہ سق بیان
صفت تعیّن ذاتی ھم علۃ وجود باجود صلعم کہ مش بیان صفت وجود باجود صلعم ھم
مبدء و موادِ عالم است و از مراتب الٰہیاتِ شاملۂ مسجودیۃ الٰہ مسجود لہ محمد رسول اللہ تعالیٰ صلعم

ترجمہ اور فضائل مدینہ منورہ کے اخبار بہت ہیں لیکن مینے مدعا کے موافق اختصار کرلیا۔ اور بعض علماء نے
مکہ معظمہ کی فضیلت میں اختلاف فرمایا اللہ تعالیٰ اسکی عظمت کو معظم کرے۔ اس دلیل سے کہ فرمایا حضور صلعم نے قسم خدا
کی بیشک تو البتہ بہتر ہے خدا کی زمین میں سے اور محبوب تر ہے خدا کی زمین میں سے اور اگر میں نہ نکالا جاتا تجھسے نکلتا میں
کسی دردمندی سمجھ میں مدینہ رسول صلعم کی یہ فضیلت جزئی من وجہٍ ہے نہ کلّی کیونکہ ایک وجہ خاص کے سبب جزئی
فضیلت مدینہ رسول صلعم کو حاصل ہے نہ کلّی طور پر لہذا اس فضیلت جزئی من وجہٍ سے تعارض فضیلت ٹھہرجاتی
سبب کہ دونوں میں ہوتا تھا کوئی نزاع باہمی فضیلت میں نہیں ہے۔ پس مکہ معظمہ کی فضیلت اپنی حد میں ہے اور مدینہ
منورہ کی فضیلت اپنی حد میں۔ اللہ تعالیٰ دونوں کو بزرگی میں مکرم رکھے۔ اور مقابلہ میں کلّی فضیلت کے ساتھ
ایک کو دوسرے پر بہ دردمند فضیلت نہیں دیتا ہے کیونکہ مقابلہ میں معارضہ طرفین ہے اور طرفین سے ایک کی
کی امانت۔ معلوم کر اسمیں جو کچھ ہے ۰ اور یہ کہ مکہ معظمہ محل نور حجابی ہے جو حضرت محمد رسول خدا تعالیٰ
صلعم کا مسجود الیہ ہے کہ اسی طرف سجدہ کیا گیا۔ اور حقیقت اس نور حجابی کی تعین ذاتی ہے جو باعتبار فعالیت
کہ مبالغہ فاعل ہے یعنی سب سے بڑھ کر کرنیوالا۔ مبدء ربوبیت ہے کہ جہاں سے رب ہونیکی ابتدا ہے۔ اور یہی تعین
ذاتی علت وجود حضور صلعم کی جو عالم کا مبدء اور مواد ہے علت ہے جو سبب ظہور وجود مبارک ہے۔
اور یہی تعین ذاتی کہ علتِ وجود باجود حضور صلعم ہے خدا کے خدائی مرتبوں سے ہے جو شامل مسجودیت
ہیں وہ مرتبہ ہے کہ محمد رسول خدائے تعالیٰ صلعم کا مسجود لہ ہے جسکو واسطے آپ نے سجدہ کیا ہے ۰

اختلاف فضیلت در بیان مکہ و مدینہ
و ترجیح بعض بحدیث اجل فیصلہ ۰

ش این است مربوط است از علۃ وجود باجود صلعم معطوف علیہ واز مراتب الٰہیات معطوف

م اگرچہ حقیقۃ نورِ محمد صلعم کہ مبدء تعین او ست صلعم اعلیٰ وافضل است از حقیقۃ نورِ حجابی بسبب مبدء یتش برای حقائق الٰہیات ولیکن آں نورِ حجابی از منسوبات اللہ تعالیٰ است بقیام حقیقیش باللہ تعالیٰ واین نورِ حادثی از مخلوقات اللہ تعالیٰ است بقیام مجازیش باللہ تعالیٰ وکلام در نفسِ وجودِ ایں ہر دو است نہ در حقیقۃ ایں ہر دو٭

واشتمالِ ذات مبارک صلعم بانوار حجابی کلی آوانی است پس جزئی آنی باشد وفضل نورِ حجابی کعبہ معظمہ بکلیۃ آنی است ش فضل کلی راست باحاطۃ جزئی واین تبیین حقیقۃ جواب سوال مقدر است کہ ازیں عبارت میتواں یافت م واحب البقاع بودن مکہ معظمہ بخاطر عاطر حضرت محبوب رب العالمین بوجہ نورِ حجابِ المقصود ومعبود است واحب البقاع بودن مدینہ مکرمہ بجناب رب العالمین بوجہ وجود باجود صلعم پس شرف المکان بشرف المکین خود فارق فی الفضل بیّن است ودر فضل مدینہ مکرمہ بر مکہ معظمہ تاویلِ فضلِ جزئی تواند شد بخلاف فضلِ مکہ معظمہ بوصف خیر ارض اللہ واحبُّ ارض اللہ کہ جز کلی نتواند شد

ترجمہ اگرچہ حقیقت نورِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو آپ کا مبدء تعین ہے کہ جہاں سے آپ کے تعین کی ابتدا ہوئی حقیقتِ نورِ حجابی سے اعلیٰ وافضل ہے کیونکہ مبدء ہونا حقیقت نورِ محمدی کا حقائق الٰہیات کے لیے ہے۔ ولیکن وہ نورِ حجابی خدا تعالیٰ کے منسوبات سے ہے کیونکہ اسکو خدا تعالیٰ کے ساتھ قیام حقیقی ہے اور یہ نورِ محمدی حادثی مخلوقاتِ خدا سے ہے کہ اسکو خدا تعالیٰ کے ساتھ قیام مجازی ہے۔ اور کلام ان دونو کے نفس وجود میں ہے نہ ان دونو کی حقیقت میں۔ اور اشتمال ذات مبارک حضور صلعم کا انوار حجابی کلی آوانی سے ہے پس یہ اشتمال شریف جزئی آنی ہوگا۔ اور فضیلت نورِ حجابی کعبہ معظمہ کی کلیۃ آنی کے سبب ہے۔ اور کلی کو فضل جزئی پر جزئی کا احاطہ کرنے کے سبب ہے۔ اور یہ بیان کرنا حقیقت میں جواب ہے سوال مقدر کا جو اسی عبارت سے نکلتا ہے۔ اور مکہ معظمہ کا سب جگہوں سے محبوب تر جگہ ہونا حضرت محبوب رب العلمین کی خاطر عاطر میں خدا مقصود ومعبود کا محل نورِ حجاب ہونیکے سبب سے ہے۔ اور مدینہ مکرمہ کا جناب رب العالمین میں احب البقاع ہونا بسبب فرودگاہ وجود باجود حضور صلعم ہے۔ پس شرف مکان کا مکین کے شرف کے سبب خود فارق بیّن فضل ومنزلت میں ہے جس سے علانیہ منزلت میں فرق ظاہر ہے۔ اور مدینہ مکرمہ کے فضل میں جو مکہ معظمہ پر جیسا حدیث سے ظاہر ہے فضل جزئی کی تاویل ہو سکتی ہے بخلاف فضل مکہ معظمہ کے کہ بہتر خدا کی زمین اور محبوب تر خدا کی زمین اسکا وصف ہونیکے سبب سوائے کلی کے اور فضل اسکا نہیں ہو سکتا

وبقطعِ نظر ازیں فضلِ مقصود بالانتساب اگر فضلی دیگر باشد غیر مقصود است والبتہ زمینکہ مشرف باشد بمحلِ جسدِ طیّب صلعم اشرف جملہ روی زمین و آسمان است سوائی زمینکہ محلِ نورِ حجابی است و عرشِ عظیم کہ محلِ نورِ مسجودلہ است اگر بریں بمطالب اختلاف دعویٰ شان و دلیل آں چنانکہ اختیار فرمودند و ایں دلیل در مندمیریں بہتری آں کہ اختیار کرد ان شاء اللہ تعالیٰ ۔ والبتہ عنصرِ قلب شریف حضرت صلعم افضل است از ماہیتہ عرشِ عظیم بحکمِ تبعِ عنصر بروح در مسلویاتش والبتہ عنصرِ قلبی افضل است از عنصرِ غیر قلب بر تفاوتِ حدِ خودہا در تبعِ روح بفارقِ موجودات از مسلویات مخصوصہ محمدی صلعم ۔ وقلبِ بسیط شریف حضرت صلعم افضل است فضلاً بعد فضلٍ از عرشِ عظیم بانکہ تعین عرشِ عظیم جزئی ست بائی مجہول مفید معنی تقلیل ہم است از نورِ محمد صلعم با حلِ انوارِ قدیم در آوان بلزومِ تجدد امکان خود و دران بلزومِ قرارِ تشخصِ زائد خود

ترجمہ اور قطع نظر اس فضل کے کہ انتساب میں یہی فضل مقصود ہے اگر کوئی اور فضل ہوگا وہ غیر مقصود ہے اور البتہ وہ زمین جو حضرت صلعم کے جسد طیب کے حل سے مشرف ہے یعنی وہ زمین جسنے جسد مبارک کو اُٹھا رکھا ہے تمام روی زمین اور آسمان سے اشرف ہے سوائے اُس زمین کے کہ محل نورِ حجابی ہے اور سوائے عرش عظیم کے جو نورِ مسجودلہ کا محل ہے ۔ اگر تو ہماری علماء کے اختلافی مطالب اور اُنکی دلیل جو کچھ اُنھوں نے اختیار فرمائی ہیں معلوم کریگا اور اس دردمند کی دلیل کو تو جو بہتری کہ اختیار کی ہے اُسکو انشاء اللہ تعالیٰ پہنچ جائیگا اور بیشک عنصرِ قلب شریف حضرت صلعم عرش عظیم کی ماہیت سے افضل ہے کیونکہ عنصرِ مسلوبات روح میں تابع روح کے ہے جیسے روح اعلیٰ کو روح تابع کے فوقیت و فضل ہے اسلیے کہ عنصر تابع روح ہے ۔ اور البتہ عنصرِ قلبی افضل ہے عنصر غیر قلب سے اپنے اپنے حد کے تفاوت پر جبکہ تبع و پیروی روح میں موجودات محمدی کا آپکے مخصوصہ مسلوبات سے فرق کا لحاظ کریں ۔ اور قلبِ بسیط شریف حضرت صلعم عرش عظیم سے افضل ہے فضیلت کے بعد بڑھکر فضیلت سے ۔ اسلیے کہ تعین عرش عظیم نور محمد صلعم کا ایک جزو قلیل ہے باوجود حل انوار قدیم کے متعدد آنوں میں بسبب لزوم تجدد اپنے امکان کے اور آن واحد میں بسبب لزوم قرار اپنے تشخص زائد کے ۔ کیونکہ حدوث ماہیت امکانی کیلیے حدوث لازمی ہے اور حدوث بعد فنا تعدد امکان زمان کی مستلزم ہے لہذا تعین عرش کو حل انوار قدیم کا متعدد آوان میں باعتبار تجدد خلق ماہیت ضروری ہے ۔ اور تشخص زائد کو جو ماہیت پر ایک شئے زائد علاوہ ماہیت ہے اپنے دوام بقا میں فنا نہونیکے سبب قرار لازمی ہے کہ آن و زمان واحد کا مستلزم ہے لہذا تشخص عرش کو حل انوار قدیم کا بسبب لزوم قرار آن واحد میں ہوگا ۔

وتعینِ قلب بسیط شریف کلّی ش بیائی مجہول مفید معنی تعظیم ھم است باحلِ انوارِ قدیم در آوانِ بلزوم تجدد امکانِ خود و در آن بلزوم قرار تشخصِ زائد خود و تشرف اتصاف کلّی در آوان فضیلتی دیگر است کہ عرش عظیم نصیبی جزئی ہم ازاں نیست و دریں تبیین حقیقۃ جواب خطاہا فکریست فکر سلیم در قرارِ نسب مخصوصۃ الوجہ فی محلہ باید تا از آنچہ باید برآید ش ای از آنچہ باید برآمد برآید ھم

وہمچنین است تعظیم ومحبۃ دیگر آثار ش صلعم مختلف الحقایق متحد النسبۃ المختصر **شعر**

برزمینیکہ نشانِ کفِ پای تو بود + سالہا سجدہ صاحب نظراں خواہد بود

تا آنکہ اگر بشنود کہ اثری از دست صلعم گو محقق نباشد تعظیم ومحبۃ لازم است چہ نفی آں ثابت نتواند شد وہمین است عادت سلفِ ما والا سوء ادب در تعظیم ومحبت ظاہر + ش در حال امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ مذکور است در مدینہ منورہ ہر جا کہ عمارت قدیم میدید بادب تمام می بود نظر بر آنکہ شاید آں رسولِ خدا حبیبِ کبریا صلعم وقتی دستے بآں رسانیدہ باشد ازینجا ظاہر است کہ برای تعظیم آثار صحت روایت درکار نیست صرف احتمال کافی باشد

ترجمہ اور تعینِ قلب بسیط شریف ایک بڑا کلّی ہے انوار قدیم کا آوان متعددہ میں حامل ہونیکے سبب خود کے امکان کے تجدد لازم ہونے سے اور آنِ واحد میں اپنے تشخص زائد کے قرار کے لازم ہونے سے۔ اور اتصاف کلّی کا شرف جو آوان میں ہوتا ہے ایک دوسرا فضل ہے کہ عرش عظیم کو اُس سے ایک جزئی حصہ بھی نہیں ہے۔ اور اس تبیین یعنی بیان کرنے میں حقیقت کے جواب ہے فکری خطاؤں کا پس نسبتیں کہ وجہ مخصوصہ رکھتی ہیں اُنکو اپنے اپنے محل میں ٹھہرانے میں فکر سلیم چاہیے تاکہ جو جس چیز سے کہ حاصل ہونا چاہیے حاصل ہووے۔ اور اِسی طرح تعظیم ومحبت ہے حضور صلعم کے اور دوسرے آثار کی جنکی حقیقتیں مختلف ہیں اور نسبت متحد ہے۔ مختصر یہ ہے **شعر**

جس جا نشانِ پائے مبارک ہو آپ کا + برسوں ہی سجدے اہلِ بصیرت کیا کریں

یہانتک کہ اگر سن لیوے کہ حضور صلعم کا کوئی اثر ہے گو محقق نہ ہووے تعظیم ومحبت لازم ہے کیونکہ اسکی نفی ثابت نہیں ہو سکتی۔ اور ہمارے سلف کی یہی عادت ہے۔ نہیں تو تعظیم ومحبت میں بے ادبی ظاہر ہے۔ چنانچہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے حال میں مذکور ہے کہ مدینہ منورہ میں جہاں کہیں پرانی عمارت دیکھتے تھے پورے ادب کے ساتھ ہوتے تھے یہ خیال کرکے کہ شاید کبھی اُس رسولِ خدا حبیبِ کبریا نے اُسپر دست مبارک لگایا ہووے۔ یہاں سے ظاہر ہے کہ تعظیم آثار کے لیے صحت روایت درکار نہیں صرف احتمال کافی ہے +

تعظیم آثار کے لیے احتمال کافی ہے صحت روایت درکار نہیں بدلیل عمل حضرت امام مالک رحمہ اللہ تعالے ۔

هم وا ز حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ روایت کردہ اند فرمود صلعم مَنْ زَارَ قَبْرِی بَعْدَ مَوْتِی فَکَاَنَّمَا زَارَنِی فِی حَیَاتِی وَ مَنْ لَمْ یَزُرْ قَبْرِی فَقَدْ جَفَانِی + ازیں حدیث شریف شرف بالانتساب وحضور مدینہ منورہ کہ موقوف علیہ تشرف بزیارت مرقد مبارک صلعم وحذر از جفای خاص است **ش** یعنی عدم حضور مدینہ منورہ وعدم تشرف بزیارت بابرکت حضرت صلعم هم مؤکد است وایں جفای عدم حضور مشترک بہمہ تفاوت درجات خود بمقابلہ شرائفِ حضور است پس محکوم باشد بر مرتبہ مستجمعہ قال سبحانہ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ الآیہ علی معنی القراءتین واز تشبیہ مراتب حکم قبر وآداب استنباط می تواں کرد **ش** **تنبیہ** ازینجا رد آنست کہ گفتہ شد تعظیم آثار وتبرک باں شرک است وسخن ہای نازیبا نیز العیاذ باللہ تعالیٰ منہ هم اللّٰہم صل وسلم علی محمد نبی الرحمۃ وعلی جمالہ کما تحبہ وترضاہ وشفعہ فینا وترحمنا بہٖ

ترجمہ اور حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالےٰ وجہہ سے لوگوں نے روایت کی ہے کہ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جسنے میری موت کے بعد میری قبر کی زیارت کی پس گویا میری زندگی میں میری زیارت کی اور جسنے میری قبر کی زیارت نہیں کی پس بیشک اُسنے مجھپر جفا کی۔ اس حدیث شریف سے شرف بالانتساب کی تاکید ہے یعنی نسبت ہونیکے شرف کی تاکہ معلوم ہو کہ نسبت میں کیونکر شرف حاصل ہوتا ہے۔ اور ایسی ہی مدینہ منورہ کی حاضری کی جسپر شرف حاصل ہونا موقوف ہے کہ وہ زیارتِ مرقدِ مبارک حضور صلعم ہے۔ اور جفائے خاص سے بچنے کی تاکید ہے کہ وہ مدینہ منورہ میں حاضر نہ ہونا اور حضرت صلعم کی زیارت بابرکت سے شرف حاصل نہ کرنا ہے۔ اور یہ حاضر نہ ہونے کی جفا اپنے تمام متفاوت درجوں کے ساتھ اُن شرفوں کے مقابلہ میں ہے جو حاضر ہونے میں حاصل ہوتے ہیں۔ پس اس جفا کا مرتبہ مستجمعہ پر حکم ہوگا فرمایا حق سبحانہ نے سورۂ توبہ کے آخر رکوع میں عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ الآیہ دونوں قراءتوں کے معنے کی بنا پر۔ یعنی بھاری ہے اُس رسول پر جو تمہارے نفسوں سے ہے یا تمہارے نفیس تر لوگوں سے ہے یہ کہ تم تکلیف پاؤ۔ اور حدیث مذکور میں جو تشبیہ ہے اُس سے حکم قبر اور آداب کے مرتبوں کا استنباط کر سکتے ہیں۔ **تنبیہ** یہیں سے اسبات کا رد ہوگیا جو کہا گیا کہ آثار کی تعظیم اور اُس سے برکت حاصل کرنی شرک ہے اور ایسے ہی اور نازیبا باتوں کا۔ خدا تعالےٰ اُن سے پناہ دے اللّٰہم صل وسلم علی محمد نبی الرحمۃ وعلی جمالہ کما تحبہ وترضاہ وشفعہ فینا وترحمنا بہٖ ٭

۱۲ تاکید شرف بالانتساب وحضور مدینہ بزیارت مرقد مبارک صلعم وحذر از جفا کہ عدم حضور مدینہ وعدم تشرف بزیارت بحض حدیث حضرت علی کرم اللہ وجہہ ومراتب حکم وآداب قبر ورد اقوال مخالفین بحکم تعظیم وتبرک آثار ورد سخنان نازیبا

۲۲

ذکر کیفیت صحتِ اشتراک وصفی یا اسمی باللہ سبحانہ در وجہے از وجوہ باضافۃ اللہ تعالےٰ

(ای خلق ۱۲)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمد اللہ ونستعینہ ونصلی علیٰ رسولہ محمد ونستشفعہ وعلیٰ آلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین ۔ مخلوق را از اشتراکِ وصفی یا اسمی باللہ سبحانہ در وجہی از وجوہ باضافۃ اللہ چارہ نبود و ایں بحث مطول از جاہائے خودش مبیّن است در اشتراکِ وصفی بصفتِ رأفۃ و رحمۃ اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِیْمٌ ۔ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔ در اشتراک وصفی بتخلیق فَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ۔ در اشتراک وصفی بترزیق وَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ ۔ در اشتراک وصفی بشکر

ترجمہ ۔ بیان ذکر وصفی یا اسمی اشتراک کی صحت کا اللہ سبحانہ کے ساتھ کسی وجہ میں وجہوں سے جو خدا تعالیٰ کی اضافت یعنی خلق میں ہیں یعنی یہ ذکر اس بیان میں ہے کہ مخلوق خدا تعالیٰ کا اللہ سبحانہ کے ساتھ وصفی یا اسمی اشتراک صحیح ہے خواہ اشتراک کسی وجہ میں ہو سکے وجہوں میں سے باعتبار اس نسبت کے جو خلق کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہے خدا تعالیٰ کے پیدا کرنے سے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ نحمد اللہ ونستعینہ ونصلی علیٰ رسولہ محمد ونستشفعہ وعلیٰ آلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین ۔ مخلوق کو اللہ سبحانہ کے ساتھ وصفی یا اسمی اشتراک یعنی نام یا وصف کی شرکت ہو جانے کسی وجہ میں تعلق خدا کی نسبت کے وجوہ سے چارہ نہیں ہے ۔ اور یہ بحث مطول جو بہت دراز ہے اپنے مقاموں سے بخوبی ظاہر جیسا وصفی اشتراک میں صفتِ رأفت و رحمت کے ساتھ خدائے تعالیٰ کا یہ کلام ہے جو سورۂ بقر رکوع سترہ میں ہے اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔ یعنی بیشک اللہ آدمیوں پر بڑا ہی شفیق اور مہربان ہے ۔ اور یہ کلام جو سورۂ توبہ کے آخر رکوع میں ہے لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔ یعنی یقینی آچکا ہے تمہارے پاس رسول تمہاری جنس سے یا تمہارے نفیس تر لوگوں سے ایسا کہ بہت گراں ہے اس پر کہ تم مشقت میں پڑو ۔ حریص ہے تم پر یعنی تمہاری تلاش رکھتا ہے ایمان لانے کو ۔ مومنین کے ساتھ بڑا ہی شفیق اور مہربان ہے ۔ اور وصفی اشتراک میں صفتِ تخلیق یعنی پیدا کرنے یا بنانے کی نسبت یہ کلام الٰہی جل جلالہ سورۂ مومنون کے اول رکوع میں ہے فَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ یعنی سب سے عمدہ پیدا کرنے والوں میں اللہ ہی برکت والا ۔ اور وصفی اشتراک میں صفت ترزیق یعنی روزی دینے کی بابت یہ کلام حق سبحانہ سورۂ جمعہ کی آخر آیت میں ہے وَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ ۔ یعنی اللہ روزی دینے والوں میں سب سے بہتر ہے ۔ اور وصفی اشتراک میں صفت شکر کی نسبت خدا تعالیٰ کا فرمانا اَنِ اشْکُرْ لِیْ وَلِوَالِدَیْکَ الآیہ ۔ سورۂ لقمان کے دوسرے رکوع میں یعنی شکر ...

ذکر کیفیۃ صحۃ اشتراک وصفی یا اسمی باللہ سبحانہ در وجہی از وجوہ باضافۃ اللہ تعالےٰ ۔ ۲۲

مطلب بیان اشتراک وصفی

(حاشیہ:) ... اللہ ... الآیۃ

بیان ذکر صحۃ اشتراک وصفی یا اسمی کا اللہ سبحانہ کے ساتھ وجوہ خلق خدا تعالیٰ سے کسی وجہ میں ۲۲

مطلب بیان اشتراک وصفی

اشتراک صفۃ رأفت و رحمت ۱

اشتراک صفۃ تخلیق ۲

اشتراک صفۃ ترزیق ۳

اشتراک صفت شکر ۴

وعن صہیب انّ معاذاً لما قدم من الیمن سجد للنبیّ صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا معاذ ما ھذا قال الیہود تسجد لعظمائہا وعلمائہا ورایتُ النصاری تسجد لقسیسہا وبطارقتہا قلتُ ما ھذا قالوا تحیۃ الانبیاء فقال علیہ السلام کذبوا علی انبیاءہم۔ مصرعہ تفسیر کبیر۔ ظاہر است کہ سجدہ حضرت معاذ رض تحیۃ بودہ وسکوت حضرت صلعم برآں وفرمود کہ دروغ گفتند برانبیائی خود چہ از کریمہ ماکان لبشر الخ ظاہر است وحکم شرک نفرمود۔ ازانجا کہ آنحضرت صلعم مبعوث بہ اوتیتُ بجوامع الکلم است ایں کلام بلاغت نظام کہ دریں بحث مذکور شد بحکمۃ است بنا بر موافقت مفہوم کریمہ ماکان لبشرٍ ان یؤتیہ اللہ الکتاب والحکم والنبوۃ ثم یقول للناس کونوا عبادًا لی ولکن کونوا ربانیین بما کنتم تعلمون الکتاب وبما کنتم تدرسون ٥

ترجمہ اور یہ حدیث بھی کہ روایت ہے حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب یمن سے آئے خاص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اُنھوں نے سجدہ کیا۔ تو آپ نے فرمایا ای معاذ یہ کیا ہے عرض کیا یہود اپنے بزرگوں اور عالموں کو سجدہ کرتے ہیں۔ اور میں نے نصاریٰ کو دیکھا ہے کہ اپنے پادریوں اور سرداروں کو سجدہ کرتے ہیں میں نے کہا یہ کیا ہے اُنھوں نے کہا سنت تحیۃ انبیاء ہے تو آپ نے فرمایا اُنھوں نے اپنے انبیاء پر جھوٹ کہا۔ یہ حدیث تفسیر کبیر سے نقل کی گئی۔ ظاہر ہے کہ سجدہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا تحیۃ کا تھا کہ خود اُنھوں نے قول یہود و نصاریٰ نقل کر کے حضور سرورِ عالم صلعم میں عرض کیا۔ اور حضرت صلعم کا اُس پر سکوت بھی ظاہر ہے کہ بعد وقوع فعل سوال فرمایا کہ یہ کیا ہے وقت وقوع فعل کچھ نہ فرمایا۔ اور یہ فرمایا کہ اپنے انبیاء پر اُنھوں نے جھوٹ کہا اسلیے کہ آیت کریمہ ماکان لبشرٍ الخ سے ظاہر ہے۔ کہ عنقریب معنی اُسکے مذکور ہونگے۔ اور اس سجدہ کے لیے حکم شرک نہ فرمایا۔ چونکہ آنحضرت صلعم کو آپ کی نعت وتعریف خود آپ کے زمانہ کے مطابق اُوتیتُ بجوامع الکلم ہے یعنی مجکو کلام ہائے جوامع جو جامع سے بھی بڑھ کر ہیں دیے گئے ہیں یہ کلام بلاغت نظام کہ اس بحث سجدہ میں اوپر کی حدیث مذکور ہوا حکمت پر مبنی ہے اس آیت کریمہ کے مفہوم کی موافقت پر کہ سورۂ آل عمران کے آٹھویں رکوع میں ہے مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ٥ یعنی بشر کو نہیں زیبا ہے جبکہ اللہ اُسکو کتاب اور حکم اور نبوت عطا کرے پھر وہ لوگوں کو کہے کہ میری بندگی کرنے لگو ولیکن کتاب الٰہی کی تعلیم اور اُسکی تلاوت کر کے ربانی اور خدا پرست بنجاؤ +

مع اشارت اباحت سجدہ تحیۃ و اولویتہ علیٰ تفاوت الدرجات بموافقت کریمہ فقعوا

لہٗ سٰجِدِیْنَ ہ و باید دانست در صورت تفرض باطل ثبوتِ دعوئ متخالفین رفع

تعارض با کریمہ و حدیث شریف مشکل تر خواہد بود تم الکلام فی اثبات المرام - ازیں بعد

سخن است درانچہ فقہاء رح فرمودند کما فی فتاوی الھندیۃ من سجد السلطان

علیٰ وجہ التحیۃ و قبل الارض بین یدیہ لا یکفر ولکن یأثم لارتکابہ الکبیرۃ

ھو المختار + قال ابو جعفر رح فان سجد السلطان بنیۃ العبادۃ او لم تحضرہ

النیۃ فقد کفر کذا فی جوھر الاخلاطی ولو قال للمسلم اُسجد للملک والا

قتلناک قالوا ان امرہ بذلک للعبادۃ فالافضل لہ ان لا یسجد کمن

اُکرہ علیٰ ان یکفر وکان الصبر افضلُ وان امرہ بالسجود للتحیۃ والتعظیم

لا للعبادۃ فالافضل لہ ان یسجد کذا فی فتاوی قاضی خان +

ترجمہ ساتھ ہی اس کے حدیث مذکور میں آپ کا کلام بلاغت نظام سجدہ تحیۃ کے مباح ہونے

کا اشارہ کر رہا ہے اور تفاوت درجوں کی بنا پر اُس کی اَولویت کو اس آیت کریمہ کے موافق بتلا رہا ہے کہ

فقعوا لہٗ سٰجِدِیْنَ ہ جس کے معنے اسی ذکر میں بیان فرق سجدہ عبودیت اور سجدہ تحیۃ کے تحت میں پوری

آیت کے ساتھ مرقوم ہو چکے ہیں - اور یہ بھی معلوم ہو کہ متخالفین کے ثبوت دعوے باطل کو مان لینے کی

صورت میں جو تعارض آیات کریمہ اور حدیث شریف کے ساتھ ہوگا اُس کا رفع کرنا اور دور کرنا بہت دشوار ہوگا

یہاں اثبات مقصود میں کلام تمام ہو گیا +

اب اس کے بعد گفتگو اس میں ہے جو فقہاء رحمہ اللہ نے فرمایا چنانچہ فتاوے ہندیہ[1] میں ہے جس نے

سلطان کو تحیۃ کی وجہ میں سجدہ کیا یا اُس کے سامنے زمین بوسی کی کافر نہ ہوگا ولیکن گناہ کبیرہ کرنیکے

سبب گنہگار ہوگا - اور یہی مختار ہے - ابو جعفر[2] رحمہ اللہ نے کہا - اور اگر کسی نے سلطان

کو سجدہ عبادت کی نیّت سے کیا یا اُس کو نیت یاد نہ آئی تو تحقیق اُس نے کفر کیا - جیسا کتاب جوہر

اخلاطی میں ہے - اور[3] اگر کہا کسی مسلمان کو کہ بادشاہ کو سجدہ کرو ورنہ ہم تجھکو قتل کرینگے کہا فقہا

نے کہ اگر اُس کو اس سجدہ سے عبادت کے لیے حکم کیا ہے تو اُسکو افضل یہ ہے کہ سجدہ نہ کرے جیسے کوئی

کفر کرنے پر مجبور کیا جاوے اُس حال میں صبر افضل ہے - اور اگر تحیۃ و تعظیم کے لیے سجدہ کرنے کا حکم

کیا ہے نہ عبادت کے لیے تو اُسکو سجدہ کرنا افضل ہے جیسا فتاوے قاضی خان میں ہے +

وَتقبیلُ الارضِ بین یدی العلماءِ والزھادِ فعل الجہالِ والفاعلُ والراضی اثمان کذا فی الغرائب تجوز الخدمۃ لغیر اللہ تعالیٰ بالقیام واخذ الیدین والانحناءِ ولا یجوز السجود الا للہ تعالیٰ کذا فی الغرائب باید دانست مختار ہمین است کہ سجدۂ تحیۃ کفر نیست فلا نزاع فیہ ولکن کبیرہ پس انتظار صحت وثبوت اصلی برآنست وبرقول ابو جعفر رح البتہ سجدہ بہ نیتِ عبادت کفر است نہ بنیت تحیۃ ورنہ معارض شود امر مختار را ولیکن بدون نیت مخالف انما الاعمال بالنیات ہست پس دلیلی برکفر بودنش می باید وفرضنا بوسیدن زمین پیش علماء و زہاد از افعال جہال است ولیکن بر گنہگاری فاعل وراضی دلیلے باید چہ بسا است از افعالِ جہال کہ معصیۃ نباشد وایستادن وخمیدن ودست بر دست گرفتن کہ اینہم از ارکان عبادتہاست جائز است باشد کہ بفارق نیت باشد ورنہ بنیتِ عبادت کفر است ولیکن بر استثناء سجدہ از جواز دلیلی باید آورد اکنون منکر سجدہ تحیۃ را مجال تکفیر فاعلش نماند

ترجمہ اور زمین بوسی عالموں اور زاہدوں کے روبرو جاہلوں کا فعل ہے۔ اور اسکا کرنے والا اور پسند کرنیوالا گنہگار ہے چنانچہ کتاب غرائب میں ہے۔ جائز ہے غیر خدا تعالیٰ کی خدمت کھڑے رہکر اور دونو ہاتھ باندھ کر اور جھک کر۔ اور سجدہ بجز خدائے برتر کے نہیں جائز ہے جیسا غرائب میں ہے ۔

اب سمجھنا چاہیے کہ مختار یہی ہے کہ سجدۂ تحیۃ کفر نہیں ہے پس اسمیں تو جھگڑا نہ رہا ولیکن اسکا گناہ کبیرہ ہونا سو اسکے صحیح ہونے کا اور اُسپر کوئی قاعدہ کے ثابت ہونے کا انتظار ہے یعنی صحت گناہ کبیرہ کی اور اُسکے کبیرہ ہونے پر کوئی اصل کا ثبوت کہ اسکا انتظار ہے ۔ اور ابو جعفر رحمہ اللہ کے قول کی بنا پر البتہ سجدہ عبادت کی نیت سے کفر ہے نہ تحیۃ کی نیت سے۔ ورنہ امر مختار کا معارض ہوگا۔ ولیکن بغیر نیت یہ اِنَّمَا الاَعمَالُ بِالنِّیَّاتِ کے مخالف ہے کیونکہ اعمال نیت پر مبنی ہیں پس احکام اعمال بھی نیت پر مترتب ہونگے۔ لہذا اسکے کفر ہونے پر کوئی دلیل چاہیے اور سمجھے ہم کہ عالموں اور زاہدوں کے آگے زمین بوسی جاہلوں کا فعل ہے ولیکن اُسکے کرنیوالے اور اُس سے خوش ہونیوالے کی گنہگاری پر کوئی دلیل چاہیے کیونکہ جاہلوں کے بہت سے افعال ایسے ہیں جو معصیت نہیں ہوتے ہیں اور کھڑا ہونا اور جھکنا اور ہاتھ پر ہاتھ باندھنا کہ یہ بھی ارکان عبادت میں سے ہیں جائز ہیں لیکن لائق ہے کہ فارق نیت کے ساتھ ہوویں ورنہ عبادت کی نیت سے کفر ہیں ولیکن جواز میں سے سجدہ کے استثناء پر کوئی دلیل لانی چاہیے۔ اب سجدۂ تحیۃ کے منکر کو اُسکے فاعل کی تکفیر کی مجال نہ رہی ✦

۴ زمین بوسی عالموں اور زاہدوں کے آگے جاہلوں کا فعل ہے اور اسکا فاعل وراضی دونوں گنہگار ہیں ازغرائب

۵ سوای سجدہ ہر قسم کی ... بطور عزت غیر کے لیے جا... عبادت غرائب

حاصل و مختار یہ کہ سجدہ تحیۃ ... اور اسکے گناہ کبیرہ ثابت ہونے پر کوئی اصل سے دلیل ہونا ...

حکم کفر سجدہ پر بغیر نیت کے مقتضی دلیل ہے اور مخالف حدیث انما الاعمال الخ

چونکہ ارکان عبادت فارق نیت سے غیر کے لیے جائز اور بہ نیت عبادت کفر ہ

و جانب کبیرہ منظور فیہ ہست تا دلیلی واجب التسلیم موافق اصولِ فقہ نیاردو نیافتن مباحات در افعال صحابہ رض دلیلی بر حرمت نایافتہ نتواند شد بلکہ بسا از مباحات بوقتی واجب الادا گردد و بسا واجب الترک پس سخن در نفس امر است نہ در اداء ترک و ہر چہ آوردہ شد بر اثبات کافی است حاصل اینہمہ کہ گفتہ شد این ہست کہ امر بسجدہ تحیۃ نباید و نہ بر ساجد تکفیر و تفسیق از آنکہ امر و نہی صریحی دران یافتہ نشد بل جواز بالاشارت یافتہ شد پس مباح باشد و نیز باید دانست کہ ابو رافع قرظی و سید نجرانی گفتند ای محمد میخواہید کہ بہ پرستیم شما را و اختیار سازیم شما را ربِ خود پس فرمود معاذ اللہ آنکہ بہ پرستم غیر خدای خدای تعالیٰ را و آنکہ امر کنم بغیر عبادت اللہ سبحانہ پس نہ مبعوث کردمرا اللہ تعالیٰ باین و نہ امر فرمود باین پس نازل شد این کریمہ ماکانَ لبشرٍ الخ ایں چنین در تفسیر کبیر مذکور است ہم می تواند شد کہ صحابہ کرام وغیرہم رض سجدہ تحیۃ اعلانا نیاوردہ باشند تا نگویند کہ حضرت صلعم می پرستانند خود را باخفا و آں معلوم نیست

ترجمہ رہی جانب کبیرہ وہ منظور فیہ ہے کہ ہنوز انہیں غور و بحث باقی ہے جبتک کوئی دلیل واجب التسلیم اصول فقہ کے مطابق نہ لادیں۔ اور مباحات کا افعال صحابہ رضی اللہ عنہم میں نہ ملنا نایافتہ چیز کے حرام ہونے پر کچھ دلیل نہیں ہو سکتا ہے بلکہ بہت سی مباحات کسی وقت میں واجب الادا ہو جاتے ہیں یعنی ادا کرنا انکا واجب سمجھا جاتا ہے اور بہت سی واجب الترک کہ ان مباحات کا ترک واجب سمجھا جاتا ہے پس کلام نفس امر میں ہے نہ ادا و ترک میں۔ اور جسقدر کہ اثبات پر بیان کیا گیا کافی ہے۔ حاصل اس سب کا جو کچھ کہا گیا یہ ہے کہ سجدہ تحیۃ کا حکم نہ دینا چاہیے نہ ایسا سجدہ کر لینے پر تکفیر و تفسیق کا حکم جاری کرنا چاہیے یہ کہ اسکو کافر و فاسق بنایا جاوے کیونکہ صریحی اور صاف صاف نہ انہیں حکم ہے اور نہ ممانعت پائی جاتی ہے بلکہ اشارتاً جواز پایا جاتا ہے پس مباح ہوگا۔ اور بھی سمجھنے کی بات ہے کہ تفسیر کبیر میں مذکور ہے جو ابو رافع قرظی اور سید نجرانی نے شان نزول آیت ماکان لبشر کی نسبت کہا یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپکی پرستش کریں اور آپ کو ہم اپنا رب مان لیں تو فرمایا آپنے معاذ اللہ یہ کہ میں غیر خدائے تعالیٰ کی پرستش کروں اور یہ کہ خدائے سبحانہ کی عبادت کا غیر کے لیے حکم کروں پس مجھکو اللہ تعالیٰ نے اسکے لیے پیدا نہیں کیا اور نہ ایسی بات کا حکم کیا پس یہ آیت کریمہ نازل ہوئی ماکان لبشر الخ ہو سکتا ہے کہ صحابہ کرام وغیرہم رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اعلان کے طور پر سجدہ تحیۃ نہ ادا کرتے ہوں تا کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم خود کو پجاتے ہیں۔ مگر پوشیدہ طور پر اور یہ نہیں معلوم ہے کہ ایسا ہو +

واگر در اسرار درآئی یابی کہ سجدۂ تحیۃ در ضمنِ خود موصل بسجدۂ عبادت بہ تعالیٰ است مر عارف
باشد تعالیٰ را چنانکہ سجدۂ تحیۃ ملائکہ برائے حضرت آدم عم بنا بر مقصدے کہ از لِمَا خلقتُ
بِیَدَیَّ و نَفَختُ فِیہِ مِن رُّوحِی و اِنِّی جَاعِلٌ فِی الاَرضِ خلیفۃ ظاہر است
ش موصل الی اللہ تعالیٰ است م و ابلیس لعین از خودی در استکبار ماندہ محروم از معرفت
وسعادت شد نعوذ باللہ تعالیٰ من شرور انفسنا۔ وسجدۂ تحیۃ حضرت یعقوب برائے
حضرت یوسف علیٰ نبینا وعلیہما الصلوٰۃ والسلام بنا بر مقصدیست کہ در کریمہ اِنَّمَا
اَشکُو بَثِّی وَحُزنِی اِلَی اللہِ ، وَاَعلَمُ مِنَ اللہِ مَا لَا تَعلَمُونَ ٥ ای ما لی فی حبِّ
یوسف عم مستتر است ش موصل الی اللہ تعالیٰ است م چنانکہ در ضمن سجدہ طرفِ قبلہ
سجدہ طرف نور حجابی است و در ضمنش سجدہ برائے اللہ سبحانہ است و در ضمنِ مسح و تقبیل
حجرِ اسود و مصافحہ و تقبیل ید اللہ تعالیٰ پس باید دانست اگر سجدۂ تحیۃ موصل الی اللہ تعالیٰ

ترجمہ۔ اگر تو اسرار میں درآئے یعنی انمیں غور وفکر کرے تو پائیگا کہ سجدۂ تحیۃ اپنے ضمن میں خاص عارف باللہ تعالیٰ
کو کہ معرفت خدا میں وہ مخصوص ہو سجدۂ عبادت کی طرف جو خالص خدائے برتر کے لیے ہے موصل یعنی ملانیوالا ہے جیسا
کہ حضرت آدم علیہ السلام کیواسطے سجدۂ تحیۃ ملائکہ کا۔ اُس مقصد کی بنا پر جو لِمَا خلقتُ بِیَدَیَّ ۔ اور نفختُ فیہ من روحی
اور اِنّی جاعلٌ فی الارض خلیفۃ سے ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ کی طرف موصل ہے۔ یعنی آیات مذکورہ یہ ہیں یعنے
اُسکے لیے جسکو میں نے اپنے ہاتھ سے بنایا سجدہ کا کون مانع ہوا۔ میں نے اسمیں میری کچھ روح پھونکدی ہے میں تحقیق زمین
میں خلیفہ بنانے والا ہوں۔ اور ابلیس لعین خودی سے غرور و استکبار میں رہگیا معرفت اور سعادت سے محروم ہوگیا۔
نعوذ باللہ تعالیٰ من شرور انفسنا یعنی ہمارے نفسوں کی شرارتوں سے ہم خدائے برتر کی پناہ مانگتے ہیں۔
اور سجدۂ تحیۃ حضرت یعقوب کا حضرت یوسف علیٰ نبینا وعلیہما الصلوٰۃ والسلام کے واسطے اُسی مراد کی بنا پر ہے
کہ اس آیت کریمہ انما اشکو بثّی وحزنی الی اللہ ، واعلم من اللہ ما لا تعلمون میں کہ سورہ
یوسف کے دسویں رکوع میں ہے۔ پوشیدہ ہے ای ما لی فی حبِّ یوسف عم یہ موصل اللہ کیطرف ہے
جیسا ترجمہ کریمہ میں ملاحظہ ہو۔ یعنی میں تو اپنے احوال اور غم کا شکوہ اللہ ہی سے کرتا ہوں نہ غیر سے۔ مراد یہ کہ
جو کچھ حب یوسف میں مجھپر اسکے غم و حال وارد ہیں اور جس بپتا میں گرفتار ہوں میں ہی جانتا ہوں تمھیں کیا معلوم
تم جانتے ہی نہیں۔ اور یہ موصل اللہ کیطرف اسیطرح ہے جیسا کہ سمت قبلہ سجدہ کرنیکے ضمن میں سجدہ نور حجابی کی طرف ہے
اور اُسکے ضمن میں سجدہ اللہ سبحانہ کیواسطے ہے۔ اور حجر اسود کے چھونے اور چومنے کے ضمن میں خداوند تعالیٰ کے ید مبارک کا
مصافحہ اور چومنا ہے۔ پس سمجھنا چاہیئے کہ اگر سجدۂ تحیۃ موصل خدائے تعالیٰ کی طرف

بیان یہ کہ سجدۂ تحیۃ موصل بسجدۂ عبادت ہے اہل معرفت کے نزدیک ...
مقصد سجدۂ تحیۃ حضرت یعقوب کا حضرت یوسف علیہما السلام کے لیے کہ موصل الی اللہ ہے
سمت قبلہ و نور حجابی میں خدا کا سجدہ اور ضمن حجر اسود میں خدا کا مصافحہ و تقبیل

نباشد اثم است چنانکہ قیام لقولہ صلعم لا تقوموا کما تقوم الاعاجم یعظم بعضہم
بعضاً **ش** شرح این حدیث شریف در ذکرِ کیفیۃ زیارتِ القبور در ذکر قیام مرقوم است
م و تواند شد کہ قولِ فقہا رح در حرمتِ سجدۂ تحیۃ برین مراد باشد زین پس اینکہ با اعتقاد
جوازش ترکِ عملش بوجہ غیر کہ جوازِ سجدۂ تحیۃ نداند و بر ساجد حکم کفر کند یا گمان سجدۂ عبودیۃ
بردہ روا فہمد و نیز اختلاف اولیٰ تر است کما ہو معمول العلماء و حکم کفر و شرک بر عامل
بیم کفر بر حاکم بسببِ اختلاف مدعا دارد و آنچہ از قول فقہا رح یافتہ می شود شاید
کہ برائے حفظِ نادان باشد اکنون سخن است در کیفیۃ طواف قال سبحانہ ولیطوفوا
بالبیتِ العتیق وقال سبحانہ انّ الصفا والمروۃ من شعائر اللہ فمن حج
البیت او اعتمر فلا جناح علیہ ان یطوف بہما ومن تطوع خیرا فان اللہ شاکر
علیم الآیۃ

مطلب در کیفیۃ طواف تفسیر کریمہ ولیطوفوا الخ و ان الصفا والمروۃ الخ

ترجمہ نہ ہو گا گناہ ہے جیسا کہ قیام بنا بر فرمانے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تم مت کھڑے
ہو جیسا کہ عجمی لوگ کہ بعض اُنکے بعض کی تعظیم کرتے ہیں۔ اس حدیث شریف کی شرح ذکر کیفیۃ قبور
کے ذکر قیام میں مرقوم ہے۔ اور ہو سکتا ہے کہ فقہا رحمہم اللہ کا قول سجدۂ تحیۃ کے حرام ہونے میں اسی مراد
پر ہو۔ اس کے بعد یہ بات ہے کہ باوجود اعتقاد سجدۂ تحیۃ کے جائز ہونے کے اسکا ترکِ عمل اولیٰ
تر ہے یعنی بہت مناسب اسوجہ سے کہ غیر جو سجدۂ تحیۃ کا جواز نہیں جانتا ہو ایسا نہ ہو کہ اس سجدہ کرنے
والے پر وہ حکم کفر لگا دیوے یا وہ اسپر سجدۂ عبودیت کا گمان بیجا کر اسکو غیر کے لیے روا سمجھے۔ اور
پھر اس مسئلہ میں اختلاف ہونیکے سبب بھی باوجود اس کے اعتقاد جواز کے اس عمل کا ترک بہت مناسب
ہے چنانچہ یہی معمول علمار کا ہے۔ اور اس سجدۂ تحیۃ کے کرنیوالے پر کفر و شرک کا حکم دینا اُسکے حکم کرنیوالے
پر مدعا کے اختلاف کے سبب کفر کا اندیشہ رکھتا ہے۔ اور وہ جو کچھ فقہا رحمہ اللہ کے قول سے معلوم ہوتا
ہے شاید کہ وہ نادان کی حفاظت کے لیے ہو۔ اب گفتگو ہے کیفیۃ طواف میں فرمایا حق سبحانہ نے سورہ
حج کے رکوع چار میں وَلْیَطَّوَّفُوْا بِالْبَیْتِ الْعَتِیْقِ یعنی چاہیے کہ وہ اللہ کا طواف بواسطہ بیت عتیق کے
کریں۔ اور فرمایا خدائے سبحانہ نے سورہ بقر کے انیسویں ۱۹ رکوع میں اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃَ مِنْ شَعَآئِرِ
اللّٰہِ فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْہِ اَنْ یَّطَّوَّفَ بِہِمَا وَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَاِنَّ اللّٰہَ
شَاکِرٌ عَلِیْمٌ یعنی یہ کہ تحقیق صفا اور مروہ اللہ کے شعائر یعنی نشانیوں میں سے ہیں پس جسنے بیت اللہ کا حج کیا یا عمرہ ادا کیا
تو اسپر گناہ نہیں ہے یہ اُن دو کو کیوجہ سے اللہ کا طواف کرے اور جسنے شوق سے کچھ نیکی کی تو بیشک اللہ شاکر یعنی قدردان ہے

اِطَّوُّفَ بروزن اِفَّعُّلَ گرد گردیدن بخاصیتہ باب مفید تاکید فعل است و بہما شامل مفعولیۃ است نہ مفعول فیہ بمعنی بینہما بدلالۃ شمول بالبیت العتیق بمفعولیۃ نہ مفعول باید دانست لغۃ طواف در محل جر بمعنی موضوع **مش** اے گرد گردیدن **م** نتواند شد پس ایں طواف اگر از تعبد بہ تعالیٰ است برای غیر اللہ تعالیٰ شرک فی العبادت است پس طواف بیت عتیق **مش** کہ غیر اللہ تعالیٰ است **م** ہم شرک فی العبادت است و حال اینکہ اللہ تعالیٰ امر بشرک نمیفرماید و اگر از تعبد بہ تعالیٰ نیست برای غیر اللہ تعالیٰ شرک فی العبادت نہ ولیکن امر طواف عبث است و حال آنکہ اللہ تعالیٰ امر بعبث نمیفرماید پس باید دانست **اصل** بار تعدیہ برائے حصول مفعول است **مش** چنانکہ ذَهَبَ اللّٰہُ بِنُوْرِہِمْ **م** و بار تخصیص برای تخصیص مفعولی از مفعولین **مش** چنانکہ عطیتُ زیدًا بدرھمٍ **م** پس فعل متعدی بمفعولی بنا بر تعدیہ و تخصیص اصلی بار تعدیہ و تخصیص را نخواہد از ایں اصل است کہ لغت طواف **مش** کہ متعدی بمفعولی است

ترجمہ اس آیت شریف میں لفظ یَطَّوَّفَ جسکا مصدر اِطَّوُّفٌ بروزن اِفَّعُّلٌ کا اسکے معنے گرد پھرنے کے ہیں بسبب خاصیت باب تاکید فعل کو مفید ہے اور لفظ بِهِمَا مفعول فیہ بمعنی بینہما یعنی درمیان دونوں کے نہیں ہے۔ بلکہ شامل مفعولیت ہی جیسے حرف با کے سبب بیت العتیق کے ساتھ اسکا مفعولیت کو شامل ہونا دلالت کرتا ہے نہ خاص مفعول بجائے کو۔ اور سمجھنا چاہیے کہ لغت طواف کے اس محل میں سوائے معنی موضوع یعنی گرد پھرنے کے اور نہیں ہو سکتے۔ پس اگر یہ طواف خاص اللہ تعالیٰ کے لیے ہی بندگی اور عبادت ہونے میں ہے تو غیر اللہ تعالیٰ کے واسطے اسکا ہونا شرک فی العبادت ہے یعنی یہ طواف اگر خالص خدا کی ہی بندگی ہے تو غیر کے لیے شرک فی العبادت ہے خدا کا ہی طواف ہونا چاہیے نہ غیر کا۔ پس طواف خانہ کعبہ بھی کہ بظاہر غیر اللہ کا ہے شرک فی العبادت ہے۔ وحالانکہ اللہ تعالیٰ شرک کا حکم نہیں فرماتا ہے۔ اور اگر یہ طواف خالص خدا کی ہی عبادت نہیں ہے تو غیر خدا کے لیے یہ طواف شرک فی العبادت نہیں ہے۔ ولیکن طواف کا حکم عبث ہے۔ اور حال یہ ہے کہ خدائے برتر عبث کا حکم نہیں فرماتا ہے۔ اب ایک قاعدہ سمجھنا چاہیے۔ **اصل** حرف با تعدیہ کا مفعول کے حاصل ہونیکے لیے ہے جیسا ذَهَبَ اللّٰہُ بِنُوْرِہِمْ خدا انکا نور لے گیا۔ اور حرف با تخصیص کا دو میں سے ایک مفعول کے خاص کرنیکے لیے آتا ہے جیسا کہ عَطَیْتُ زَیْدًا بِدِرْھَمٍ میں نے زید کو درہم دیے۔ یعنی دینے میں تخصیص درہم کی تھی۔ پس فعل متعدی بیک مفعول چونکہ اصل میں متعدی اور مختص ہوتا ہے اپنے اصلی تعدیہ اور تخصیص کی بنا پر با تعدیہ اور تخصیص کی غرض نہیں رکھتا اور نہ انکی اسے خواہش ہوتی ہے۔ اسی قاعدہ مذکورہ کی بنا پر لغت طواف جو متعدی بیک مفعول ہے

تا مفعول آئندہ تعدیہ و تخصیص کا ... متعدی بیک مفعول

م بار تعدیہ فعل و تخصیص مفعول را نخواہد اصلاً پس صلۂ علیٰ در یطوفون علیہم و صلۂ با در لیطوفوا بالبیت العتیق معنی متفاوت دارد۔ مدخول صلۂ علیٰ بصحۃ مفعولیتش مفعول غیرش نخواہد و صلۂ با بعدم ضرورت تعدیہ فعل و تخصیص مفعول و عدم صحۃ تبعیض مفعول مقتضیٔ اخراج مدخول از مفعولیۃ و مفعول غیرش بضرورت است پس مفعول مقتضٰے بدلالۃ قرینہ اللہ سبحانہ است و صلۂ با مفید معنی سبب ایقاع فعل بواسطہ مدخول کہ شامل است مر مفعولیۃ را نہ فاعلیۃ را ش تنبیہ است ازینکہ در یمعنی مدخولش شامل فاعلیۃ ہم تواند شد چنانکہ کتبتُ بالقلم م نسبۃ بمفعول مقتضٰی است ش بریں تقدیر نظم شریف ولیطوفوا اللہ بالبیتِ العتیق خواہد شد

ترجمہ یہ بار تعدیہ فعل اور بار تخصیص مفعول کو ہرگز نہیں چاہتا ہے کیونکہ اسکے متعدی و مخصص اصلی ہونیکے سبب بار تعدیہ و تخصیص سے بے نیاز ہے۔ پس یطوفون علیہم میں صلہ حرف علیٰ کا اور لیطوفوا بالبیتِ العتیق میں صلہ حرف با کا معنی متفاوت رکھتا ہے۔ کیونکہ صلہ حرف علیٰ کا جس داخل ہوتا ہے جبکہ اس مدخول کا مفعول ہونا صحیح ہو تو وہ اپنا غیر مفعول نہیں چاہتا ہے۔ اور صلہ حرف با کا جبکہ فعل کے متعدی کرنے اور مفعول کے خاص کرنیکی اسکو ضرورت نہ ہو۔ اور نہ اسکو صحت تبعیض مفعول کی ضرورت واقع ہو تو وہ اپنے مدخول کو مفعولیت سے خارج کرے گا اور اپنے غیر مفعول کا بالضرور تقاضا کرتا ہے۔ یعنی جبکہ صلہ حرف با کو نہ فعل کے متعدی کرنے کی ضرورت ہے اور نہ مفعول کے خاص کرنیکی نہ اسکو کسی بعض مفعول کے صحت کی تو وہ اپنے مدخول کا مفعول ہونے سے خارج ہونا پسند کرتا ہے اور بضرورت اپنے غیر مفعول کی خواہش کرتا ہے۔ پس باعتبار دلالت قرینۂ حال شعائر اللہ مفعول مقتضٰی یعنی وہ مفعول جس کی خواہش اور تقاضا ہے۔ وہ اللہ سبحانہ ہے۔ اور صلۂ با ایسے معنی کو مفید ہے جو فعل کو مفعول کی نسبت واقع کرنے کے سبب کا بواسطۂ مدخول مقتضی ہو وہ مدخول کہ خاص مفعولیت کو شامل ہو نہ فاعلیت کو۔ یہ تنبیہ ہے تاکہ معلوم ہو جاوے کہ اس معنی پر صلہ با کا مدخول شامل فاعلیت بھی ہو سکتا ہے جیسا کتبتُ بالقلمِ لکھا میں نے قلم سے۔ یعنی حرف با بواسطۂ مدخول کہ جو مفعولیت کو ہی شامل ہے اپنے فعل کو جسکا یہ صلہ ہے مفعول کی نسبت واقع کرنے کے لیے سبب کا خواستگار ہے نہ وہ مدخول جو فاعلیت کو شامل ہو جیسا کتبتُ بالقلم کہ اس میں حرف با کا مدخول قلم ہے جو خاص فاعل متکلم ہی کو شامل ہے ۔

م پس ایں طواف تعبداً لِلہ سبحانہ ماموربہ است و ہمچنیں س ق بہ تقدیر اَن یَطُوفُ اللہ بِھِمَا م طواف صفا و مروہ تعبداً لِلہ سبحانہ غیر ماموربہ از مباحات و طواف متغایر سعی است ش ش کما قیل فی الدلائل الشافعیۃ انہ رُفِعَ الجناح عن الطواف بِھِمَا لا عن الطواف بینھما و عندنا الاول غیر واجب و اَمّا الثانی ھو الواجب انتہیٰ تفسیر کبیر و ایں بتقدیر اَنْ لَّا یَطَّوَّفَ بِھِمَا است م پس ایں کریمہ دلالت نمیکند بر سعی میانِ صفا و مروہ لاکن ایں سعیِ رسول اللہ تعالیٰ صلعم کما ثبت انہ علیہ السلام سعی لَمَّا دَنَا من الصَّفَا فی حجتہ و قال اِنَّ الصَّفَا وَ الْمَرْوَۃَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰہِ اَبْدَءُ بِمَا بَدَءَ اللّٰہُ بِہٖ فَبَدَءَ بِالصَّفَا فَرَقٰی عَلَیْہِ حَتّٰی رَاٰی البیتَ الحدیث امرًا من اللہ تعالیٰ باشد کما رُوِیَ عن النبی صلعم انہ قال اِنَّ اللّٰہَ کَتَبَ السَّعْیَ فَاسْعَوْا الحدیث

ترجمہ پس یہ طواف اللہ سبحانہ کی عبادت کے لیے ہی جسکا حکم کیا گیا ہے اسی طرح موافق تقدیر مذکور کے اس نظم شریف اَنْ یَطَّوَّفَ اللہ بِھِمَا کی تقدیر کی بنا پر۔ یعنی اللہ کا طواف کرنا اُن دونوں کے وسط میں ہے۔ طواف صفا اور مروہ کا اللہ سبحانہ کی عبادت کے لیے غیر ماموربہ جس کا حکم نہیں کیا گیا مباحات سے ہے۔ اور طواف متغایر ہوتا ہے سعی سے۔ جیسا کہ دلائل شافعیہ میں کہا گیا کہ گناہ اٹھا دیئے جاتے ہیں یعنی دور ہوتے ہیں طواف سے بواسطہ اُن دونوں کے نہ طواف سے درمیان اُن دونوں کے۔ اور ہمارے نزدیک اول غیر واجب ہے۔ اور دوسرا تو واجب ہی ہے۔ تمام ہوئی عبارت تفسیر کبیر کی۔ اور یہ مضمون تقدیر اَنْ لَّا یَطَّوَّفَ بِھِمَا کی صورت میں ہے۔ پس یہ آیت کریمہ درمیان صفا و مروہ سعی کرنے پر دلالت نہیں کرتی ہے۔ لیکن یہ سعی رسول اللہ تعالیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو آپ سے ثابت ہے موافق اس حدیث کے کہ بیشک حضور علیہ السلام نے سعی فرمائی جب قریب ہوئے صفا سے اپنے حج میں اور فرمائی یہ آیت کہ اِنَّ الصَّفَا وَ الْمَرْوَۃَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰہِ الخ یعنے صفا اور مروہ اللہ کے شعائر سے ہیں۔ شروع کرو تم اُس سے جس سے اللہ نے ابتدا کی یعنی کلام الٰہی کی ابتدا لفظ صفا سے ہے۔ پھر اپنی سعی کو شروع کیا مقام صفا سے اور چڑھے اُس پر یہاں تک کہ خانہ کعبہ دیکھ لیا۔ آخر حدیث تک۔ پس یہ سعی آپ کی اللہ کے حکم سے ہوگی جیسا یہ حدیث نبی صلعم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ نے سعی کو فرض کر دیا پس تم سعی کرو تا آخر حدیث

طواف صفا و مروہ سعی ہے بدلائل شافعیہ

سعی صفا و مروہ [illegible]

تسہیلاً و تبرکاً برائے امتہ بنا بر فعل حضرت ہاجرہ کما ھو المشہور **ش** الحکمۃ فی شرع ھذا السعی الحکایۃ المشھورۃ وھی اِنَّ ھاجر ام اسمٰعیل ع حین ضاق بھا الامر فی عطشھا و عطش ابنھا اسمٰعیل علیہ السلام اغاثھما اللہ تعالیٰ الیٰ ان قال ثم جعل افعالھما طاعۃ لجمیع المکلفین الی یوم القیامۃ و اٰثارھما قدوۃ للخلائق اجمعین انتھٰی تفسیر کبیر۔ و ازینجا تبرک فعل و آثار صلحا روا ست و نیز اختیار سنتہ صلحا از تطوع اولیٰ **م** باید دانست مدخول علیہ لاجناح در حکم وجوب وغیرہ ہمچنان تواند شد کہ پیش از دخولش بود و اگر ثابت نشود حکمی از پیش مباح باشد پس دخولش تامل فیہ **ش** ازیں اصل اشارت ہست باینکہ حکم طواف صفا و مروہ پیش از دخول لاجناح ثابت نیست مگر پس دخول کہ مباح باشد **م** و از مَن تطوّع خیرًا زیادت در عمل ثابت نشود بسبب عدم ثبوت حکم عمل پیش از دخول لا جناح برائے استدلال باثبات

ترجمہ پس یہ حکم اُمتہ کی آسانی کے لیے ہے اور برکت حاصل کرنے کو حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کے فعل کی بنا پر جیسا کہ مشہور ہے کہ صاحب تفسیر کبیر نے اسطرح نقل کیا۔ یعنی جو کچھ حکمت اس سعی کے اجرا میں ہے وہ حکایت مشہورہ ہے۔ اور وہ یہ کہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا ماحضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی جب انکا اپنا اور انکے صاحبزادہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی پیاس سے حال تنگ ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے اُن دونوں کی فریادرسی کی۔ یہانتک کہ کہا۔ پھر اُن دونوں کے افعال تمام مکلفین کے واسطے قیامت تک طاعت بنا دیے گئے۔ اور ان کے آثار مخلوق کے لیے پیشوا ہو گئے۔ انتہیٰ۔ اور یہیں سے صلحا یعنی نیکوں کے فعل و آثار سے برکت لینا روا ہے۔ اور نیکوں کی سنت کا اختیار کرنا بھی شوق و تطوع کی راہ سے بانسبت نوافل اولیٰ ہے۔ سمجھنا چاہیے کہ لاجناح کا مدخول علیہ یعنی جسپر لاجُناح کا لفظ داخل ہو کر گناہ کی قید سے اُسکو تخفیف ہوئی ہے حکم واجب وغیر واجب ہو نہیں ویسا ہی اُسکو ہونا چاہیے جو قبل دخول اس قید کے اُسپر حکم تھا۔ اور اگر کوئی حکم پہلے سے ثابت نہ ہوگا تو اُسکے دخول کے بعد مباح رہے گا اسمیں تامل و غور کر۔ اس قاعدہ سے اسبات کا اشارہ کہ حکم طواف صفا و مروہ کا لاجناح داخل ہونے سے پہلے ثابت نہیں ہے مگر بعد لاجناح داخل ہونیکے لہذا یہ طواف مباح ہوگا۔ اور کریمہ مذکورہ کے فقرہ مَن تطوّع خیرًا سے یعنی جس نے شوق سے کچھ نیکی کی۔ زیادت عمل میں ثابت نہیں ہوتی ہے بسبب عدم ثبوت عمل کے لاجناح اُسپر داخل ہونے سے پہلے۔ کیونکہ جب تک لاجناح کی قید عمل پر عائد نہ ہوگی عمل بیک ثابت نہ ہوگا پس زیادت عمل میں کیسے ثابت ہوگی جبکہ حکم عمل اُسپر صادق نہ ہو؟

فعل و آثار صلحا سے تبرک جائز ہے اور اختیار انکی سنت کا تطوع سے اولیٰ ہے

سعی باین کریمہ بنا بر فعل و قول رسول اللہ تعالیٰ صلعم باشد چہ یافتہ شد طواف مگر سعی بجایش و اگر بار تبعیض گرفتہ شود **مِن** در بہما بصحۃ مفعولیتش ہم طواف ہم بشمول سعی مودی تواند شد واللہ تعالیٰ اعلم باید دانست شعائر مراد است از چیز کہ آگہی دہد از مقصود کما قال سبحانہ والبدن جعلناھا لکم من شعائر اللہ الآیہ پس انبیاء اللہ تعالیٰ و اولیاء اللہ تعالیٰ خیر الشعائر اند لما قال صلعم اِذا رُؤُوا ذُکِرَ اللہ الحدیث وقال سبحانہ مَن یُعظم شعائر اللہ فانھا من تقوی القلوب الآیہ وقال سبحانہ من یعظم حرمات اللہ فھو خیر لہ عند ربہ الآیۃ ＋ پس تعظیم شان علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام خیر التقویٰ و خیر است پس تعظیم شعائر غیر اللہ تعالیٰ را است چنانچہ تعظیم تابوت سکینہ کہ می برد بتعظیم اللہ سبحانہ بہ نیت ثانی

ترجمہ اور سعی کے ثابت کرنیمیں اس آیۂ کریمہ سے دلیل اختیار کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و فعل کی بنا پر ہوتا ہے کیونکہ آپکے قول و فعل سے طواف بتایا گیا مگر بجائے طواف سعی کا اثبات ہوا۔ لہٰذا سعی کا ثبوت اس آیۂ کریمہ سے حضور صلعم کے قول و فعل کی بنا پر ہوا کہ آپنے بجائے طواف سعی فرمائی نہ اس آیۃ سے کیونکہ بجز طواف اسمیں لفظ سعی مذکور نہیں ہے اور اگر بہما میں اُسکے مفعول ہونیکی صحت پر حرف مِن تبعیض کا مانا جاوے تو طواف بھی شمول سعی میں ادا کیا جا سکتا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔ معلوم ہو کہ شعائر مراد ان چیزوں سے ہے جو مقصود کی آگہی یا اطلاع دیتے ہیں چنانچہ فرمایا حق سبحانہ نے وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاھَا لَکُمْ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰہِ الآیہ یعنی اور مکہ کی قربانی کے اونٹوں کو ہمنے تمہارے لیے اللہ کی نشانیوں میں بنا دیا۔ پس انبیاء اللہ تعالیٰ اور اولیاء اللہ تعالیٰ خیر الشعائر یعنی بہتر و عمدہ نشانیاں ہیں۔ کیونکہ فرمایا حضور صلعم نے یعنی جب وہ دیکھے جاویں یا نظر آویں خدا یاد آجاوے تا آخر حدیث۔ اور فرمایا حق سبحانہ نے مَنْ یُّعَظِّمْ شَعَائِرَ اللّٰہِ فَاِنَّھَا مِنْ تَقْوَی الْقُلُوْبِ الآیہ یعنی جو کوئی اللہ کے شعائر کی تعظیم کرے تو یہ تعظیم شعائر تقوی القلوب سے ہے یعنی دلونکی پرہیزگاری میں ہے یا یہ کہ پرہیزگار دل کے متقی لوگ ہیں شعائر اللہ میں یعنی داخل بیان شعائر اللہ میں۔ اور فرمایا حق سبحانہ نے وَمَنْ یُّعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللّٰہِ فَھُوَ خَیْرٌ لَّہٗ عِنْدَ رَبِّہٖ الآیہ یعنی جو کوئی خدا کی محترم اور حرمت دی ہوئی چیزونکی تعظیم کریگا تو وہ اُسکے لیے اُسکے ربکے نزدیک اچھی چیز ہے یا وہ اسکے واسطے بھلائی ہے اسکے رب کے نزدیک ＋ پس انبیاء اللہ تعالیٰ اور اولیاء اللہ تعالیٰ علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعظیم کہ محترم اور حرمات خدا اور خیر الشعائر ہیں خیر التقویٰ اور خیر ہے یعنی اچھی پرہیزگاری اور بھلائی ہے۔ پس جو شعائر غیر خدا کے ہیں انکی تعظیم غیر خدا تعالیٰ کے واسطے ہے جیسا تعظیم تابوت سکینہ کی نیت کرنیوالیکی نیت سے خدا سبحانہ کی تعظیم کو پہنچا دیتی ہے یہ نیت کرنیوالے کی نیت پر ہے ＋

مطلب بیان شعائر ＋

بیان شعائر و معنی شعائر ＋

انبیاء و اولیاء خیر الشعائر ہیں

تعظیم شعائر متقی لوگوں کا کام ہے ＋

تعظیم انبیاء و اولیاء الخ خیر التقوی و خیر ہے

تعظیم غیر خدا انبیاء کے شعائر کی شرک نہیں ہے بلکہ انکا اثر ثانی کی نیت پر ہے جیسے تعظیم تابوت سکینہ کو موصل تعظیم خدا کرتے ہیں

ش ورنہ اے اگر نباشد تعظیم غیر اللہ تعالیٰ بہ نیت تعظیم اللہ تعالیٰ م تعظیم غیر اللہ تعالیٰ غیر تعظیم مخصوص اللہ تعالیٰ شرک نتواند شد باید دانست کہ بیتِ عتیق مطوف است بآنکہ از شعائر اللہ تعالیٰ است بنور حجابی ربوبیۃ اللہ تعالیٰ کہ در اوست و صفا و مروہ مطوف است بآنکہ از شعائر اللہ تعالیٰ است بقدوم حضرت ہاجرہ رض کہ برو بود و ظاہر است کہ شعائر اللہ تعالیٰ غیر اللہ تعالیٰ ہستند پس طواف غیر اللہ تعالیٰ تعظیماً برای تعظیم اللہ تعالیٰ از عبادت اللہ تعالیٰ است ماموربہ باشد ہمچو طواف بیتِ عتیق یا غیر ماموربہ ہمچو طواف صفا و مروہ از انجا کہ جسد انبیاء اللہ تعالیٰ و بعض اولیاء اللہ تعالیٰ علیٰ نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام کہ محل قلب محلِ نورِ حجابی ربوبیۃ اللہ تعالیٰ است اشرف از صفا و مروہ است طوافش ہمچو طواف بیتِ عتیق است اجراً و طواف قبر شاں کہ محل جسدِ شان است ہمچو طوافِ صفا و مروہ تطوعاً خیراً +

ترجمہ ورنہ تعظیم غیر خدا کی جبکہ خدا کی تعظیم کی نیت سے نہ ہو۔ غیر خدائے تعالیٰ کی تعظیم ایسی جو تعظیم مخصوص خدا کے غیر ہو شرک نہ ہونی چاہیے۔ معلوم ہو کہ آیت کریمہ مرقومہ میں بیتِ عتیق مُطوَّف ہے یعنی طواف کیا جاتا ہے اس سبب سے کہ نور حجابی ربوبیت خدائے تعالیٰ کے سبب جو اس میں ہے شعائر خدا میں شامل ہے یعنی بیت عتیق چونکہ اسمیں خدائے تعالیٰ کی ربوبیت کا نور حجابی ہے اس سبب سے خدا کے شعائر میں داخل ہو کر طواف کیا جاتا ہے لہذا بیتِ عتیق مُطوَّف ہے۔ اور صفا اور مروہ مُطوَّف ہیں اس سبب سے کہ خدائے تعالیٰ کے شعائر میں سے ہے اسلیے کہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کے قدوم اُسپر تھے یعنی صفا و مروہ کا شعائر اللہ میں سے ہونا ببرکت قدوم حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کے ہے جو اُسپر تھے لہذا تبرکاً مطوَّف ہوا۔ اور ظاہر ہے کہ شعائر خدا تعالیٰ جو کچھ ہیں وہ غیر خدائے تعالیٰ ہیں۔ پس غیر خدائے تعالیٰ کا طواف تعظیم کے طور پر خدائے تعالیٰ کی تعظیم کی غرض سے خدا تعالیٰ کی عبادت میں داخل ہے وہ یا ماموربہ ہوگا جسکے کرنیکا حکم ہے جیسے طواف بیت عتیق یا غیر ماموربہ ہوگا جسکے کرنیکا حکم نہیں ہے جیسے صفا و مروہ کا طواف۔ چونکہ جسم شریف انبیائے خدا اور بعض اولیاء اللہ تعالیٰ علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کا کہ محل قلب ہے اور قلب محل ہے نور حجابی ربوبیت خدائے تعالیٰ کا پس صفا اور مروہ سے اشرف ہے لہذا طواف جسد شریف مثل طواف بیت عتیق کے اجر میں ہے اور اُنکا طوافِ قبر شریف جو اُنکا محلِ جسد ہے مثل طواف صفا و مروہ کی ہے بطوع خیر میں کہ حصولِ خیر کی غرض سے از راہ شوق

اصل باید دانست ثبوت شئ بشئ لزوم نفی ما ورائش نکند تا نفی صریحش نباشد ورنہ قیاس کہ از اصول اربعہ اہل سنت و جماعت مجمع علیہ است باطل باشد **مش** و آن باطل نتواند شد با جماع **م** پس اگر نہی صریح واجب التسلیم بریں مدعا آوردہ شود ازاں گزیر نیست ورنہ قیاس جواز اینچنیں طواف بر مشروعیۃ طواف بیت عتیق است چنانکہ جواز بوسۂ ہر معظم از مشروعیۃ بوسۂ حجر اسود است **مش** کما فی الدر المنظم فی ذکر کیفیۃ زیارت القبور الخ قال الحافظ ابن حجر استنبط بعضھم من مشروعیۃ تقبیل الحجر الاسود جواز تقبیل کل من یستحق التعظیم من ادمی وغیرہ **م** و ازینجا است کہ بعض فقہاء ایں طواف را در آداب زیارت قبور نہادہ اند چنانکہ در فتاوی مجمع البرکات نقلاً از مطالب المؤمنین آوردہ است ویقوم عند وجہ المیت ویضع یدہ الیمنی علی تربتہ ویقول اللھم اغفر لہ فانہ قد افتقر الیک و ان کان قبر عبد صالح ویمکنہ ان یطوف حولہ فعل ذلک ثلث مرات **م** انتہی

ترجمہ قاعدہ معلوم ہو کہ ایک شے کا ایک شے سے ثابت ہونا اُسکے ماورا کی یعنی جو اُسکے سوا ہیں نفی نہیں کرتا ہے جب تک صاف طور پر اُسکی نفی نہ ہو چکی ہو۔ ورنہ قیاس کہ اہل سنت و جماعت کے اصول اربعہ میں سے ہے اور سب کا اسپر اجماع ہے باطل ہو جائیگا۔ حالانکہ قیاس بسبب اجماع باطل نہیں ہو سکتا۔ ہاں اگر ممانعت صریحہ جس کا ماننا واجب ہے اس مدعا پر لائی جائے تو اُس سے چارہ نہ ہوگا ورنہ ایسے طواف کے جائز ہونیکا قیاس بیت عتیق کے طواف کی مشروعیت پر ہے جیسا ہر معظم کے بوسہ کا جائز ہونا حجر اسود کا بوسہ مشروع ہونیکے قیاس پر ہے۔ چنانچہ کتاب دُرِ منظم کی کیفیت زیارت قبور الخ کے بیان میں مذکور ہے۔ کہا ہے حافظ ابن حجر نے کہ بعض علماء نے ہر ایک آدمی اور غیر آدمی کے بوسہ کا جواز جو مستحق تعظیم ہے حجر اسود کا بوسہ مشروع ہونے سے لیا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ بعض فقہاء نے اس طواف کو زیارت قبور کے آداب میں رکھا ہے جیسا فتاوی مجمع البرکات میں مطالب المؤمنین سے نقل کر کے بیان کیا ہے یعنی اور میت کے چہرہ کے پاس کھڑا ہووے اور اپنا دہنا ہاتھ اُسکی تربت پر رکھے اور کہے۔ اے میرے اللہ اسکو بخش دے کیونکہ وہ یقینی اب تیری طرف محتاج ہوگیا۔ اور اگر بندۂ نیک بخت کی قبر ہو اور اسکو اُسکے گرد طواف کرنا ممکن ہے یہ تین بار کرے بس ہو گیا +

بیان جواز طواف
قبر مومن صالح ا...
اولویت مومن صا...
می کی +

ازینجا است کہ طواف برائے احیاء صالحین اولیٰ بود **ش** فی الدُّر المنظم

فی ذکر کیفیۃ زیارت القبور الخ وبین الافراطِ والتفریطِ امورٌ

مشتبہات تعارضت فیہا الادلۃ واختلفت فیہا الاقوال کالطواف

حول القبر الشریف وتقبیل سدتہ العلیۃ ووضع الخد علیہ ومس

جدرانہ والتمرغ علی اعتابہ ونحوہا فالمشددون من العلماء

حرموہا وکرہوہا سدًّا لباب الذرائع لئلا تفضی الی المحرم

والمحققون منہم اباحوہا او استحبوہا تبرکًا بجنابہ المعظم

انتہی انظر الی اخر ما فیہ فی البحث **م** اللہم صل وسلم علی

محمدٍ نبی الرحمۃ وعلی جمالہ کما

تحبہ وترضاہ وشفعہ فینا

وترحمنا بہ

ترجمہ یہیں سے ظاہر ہے کہ زندہ نیک بختوں کے لیے طواف اولیٰ ہوگا۔ اور درِ منظم میں کیفیت زیارت قبور الخ کے بیان میں لکھا ہوا ہے۔ یعنی اور افراط اور تفریط میں بہت امور مشتبہ ہیں جس میں دلیلیں متعارض ہیں اور باہم پیش آئی ہیں اور اقوال اُس میں مختلف ہیں جیسے طواف قبر شریف کے گرد۔ اور آپ کے آستانہ عالی کا چومنا۔ اور اُس پر رخسارہ رکھنا یا ملنا۔ اور آپ کی دیواروں کا مس کرنا۔ اور آپ کی چوکھٹ یا آستانہ پر لوٹنا اور ایسے اور امور۔ پس جو سخت علما ہیں اُنھوں نے تو اسکو حرام کیا اور مکروہ بتلایا تاکہ اُن ذرائع کا سدِ باب ہوجائے جو محرمات کو پہنچاتے ہیں۔ اور جو نرم علما ہیں انھوں نے اسکو مباح کیا اور مستحب ٹھہرایا ہے برکت حاصل کرنے کی بنا پر آپ کی جناب معظم سے بس تمام ہوا۔ اب اس بحث کی بابت جو کچھ اس کتاب یعنی درِ منظم کے آخر میں ہے تو خود دیکھیے۔ اللہم صل وسلم علی محمدٍ نبی الرحمۃ وعلی جمالہ کما تحبہ وترضاہ وشفعہ فینا وترحمنا بہ

بیان اختلاف علماء مشددون ومحققون کا تحریم وکراہت میں اور اباحت واستحباب میں طواف قبر شریف۔ و تقبیل آستانہ علیہ۔ اور اُسپر رخسارہ ملنا۔ دیوار کا مس کرنا۔ آستانہ پر لوٹنا وغیرہ اور حکم تحریم وکراہت بغرض احتیاط سدِ باب حرمت وکراہت ہے

۲۳

ذکر کیفیۃ جواز انتساب لغیرہ تعالیٰ لوجہہ تعالیٰ وفضل تخصیص موہوب بہ وموہوب لہ وتخصیص زمانی واصابت نفع عمل لغیر عامل بادیگر منافع

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمد اللہ ونستعینہ ونصلی علی رسولہ محمد ونستشفعہ وعلیٰ الہ واصحابہ واتباعہ اجمعین۔ انتساب لغیرہ تعالیٰ لوجہہ تعالیٰ وتخصیص منتسب بہ جائز است بریں نیت کہ ایں حیوان یا غیر حیوان برای فلانست انتسابا یا نذرا یا ایں نماز وروزہ برائے فلانست

۲۴

ترجمہ

بیان ذکر اسبات کا کہ جائز ہے خدا کی وجہ میں غیر خدا کے واسطے کسی چیز کا منسوب کرنا اور موہوب بہ کی یعنی جو بخشش کریں یا بخشیں اور موہوب لہ کی یعنی جسکو بخشیں تخصیص کی فضیلت اور وقت کی تخصیص اور غیر عامل کو عمل کا نفع پہنچانا مع دیگر فوائد کے +

مطلب یہ کہ نذر ونیاز میں کسی چیز کا کسی کے واسطے لوجہ اللہ نسبت کرنا جائز ہے۔ اور یہ کہ نذر ونیاز خاص چیز کی کرنا۔ اور وہ خاص شخص کو دینا۔ اور اسکو خاص وقت میں کرنا بھی جائز ہے۔ اور اس قسم کی نذر ونیاز کی فضیلت بھی ثابت ہے۔ اور اسی طرح کوئی عمل کرکے کسی غیر کو کہ وہ اسکا عامل نہ ہو نفع پہنچانا اور بخشنا بھی جائز ہے۔ اور سوا اس کے اور بھی کئی فائدے اسکے اسی کے متعلق اس بحث میں مذکور ہیں +

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمد اللہ ونستعینہ ونصلی علی رسولہ محمد ونستشفعہ وعلیٰ الہ واصحابہ واتباعہ اجمعین لوجہ اللہ تعالیٰ کسی چیز کا غیر خدا کے واسطے نسبت کرنا۔ اور منتسب بہ کو بھی یعنی جو چیز نسبت کی۔ اس طرح نیت کرکے خاص کرنا کہ یہ حیوان یا غیر حیوان یعنی کھانا کپڑا وغیرہ کوئی چیز ہو فلاں کی نذر کا ہے یا فلاں کے واسطے

انتسابا باہم چنیں گفتن پس در صورت نبودن ہیچو انتساب و نذر مختص باللہ سبحانہ شرک نیست و نہ منتسب بہ و منذور بہ حرام بقول سعد بن عبادہؓ فانہ قال یا رسول اللہ اِنَّ اُمَّ سعدٍ ماتت فای الصدقۃ افضل قال الماءُ فحفر بیرًا وقال ھذہٖ لاُمِّ سعدٍ رواہ ابوداؤد والنسائیؒ فی المشکوٰۃ ازینجا است کہ آب ہم با چیزے داشتن بہتر است وروی الطبرانی ودارقطنی اَنَّ رجلاً سال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال کان لی ابوانِ ابرّھما حال حیوتھما فکیف لی ببرھما بعد موتھما فقال لہ علیہ الصلوٰۃ والسلام اِنَّ مِنَ البِرِّ اَن تُصَلِّیَ لھما مع صلوٰتِکَ واَنْ تصومَ لھما مع صومک الحدیث فایُّ الصدقۃ افضل قال الماءُ مفیدِ فضل مطلق است وان تصلی لھما وان تصوم لھما مفیدِ فضلِ تخصیص منتسب بہ بحسب حال منتسب الیہ است۔

ترجمہ منسوب ہو۔ یا یہ نماز و روزہ فلاں کیواسطے منسوب ہے اور اسی قسم کا اور کہنا جائز ہی۔ پس یہ نذر اور نسبت چونکہ اُس نذر و نسبت کی جیسی نہیں ہوتی جو مختص اللہ سبحانہ کی ہوتی ہی لہذا اس صورت میں شرک نہیں ہی۔ اور نہ منتسب بہ اور منذور بہ یعنی جو چیز نسبت پائی اور نذر کی گئی حرام ہی۔ بنا بر قول حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یہ کہا حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اے اللہ کے رسول سعد کی ما بیشک مرگئی پس کونسا صدقہ افضل ہے۔ فرمایا آپنے پانی۔ تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کنوان کھودا اور کہا یہ سعد کی ما کیواسطے ہی۔ اس حدیث کو ابوداؤد اور نسائی رضی اللہ عنہما نے روایت کیا ہی جو مشکوٰۃ میں ہی۔ اور یہیں سی یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ نیاز کی چیزوں کے ساتھ پانی رکھنا بھی بسبب اسکی افضلیت کے بہتر ہی۔ اور طبرانی اور دارقطنی نے روایت کیا۔ یہ کہ تحقیق ایک مرد نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی پوچھا پس کہا میرا ما باپ تھے کہ انکی زندگی میں دونو کے ساتھ نیکی کیا کرتا تھا اب انکی موت کے بعد میرے لیئے ان دونو کے ساتھ نیکی کیونکر ہی یعنی میں انکے ساتھ نیکی کیونکر کروں۔ تو فرمایا اسکو حضور نے آپ پر صلوٰۃ وسلام ہو جیو کہ اب نیکی انکے ساتھ یہ ہے کہ تو اپنی نماز کے ساتھ ان دونو کیلیے بھی نماز پڑھ اور اپنے روزہ کے ساتھ ان دونو کیواسطے بھی روزہ رکھ۔ آخر تک حدیث کے۔ پس حدیث اول کے الفاظ فایُّ الصدقۃ افضل قال الماءُ یعنی کونسا صدقہ افضل ہے فرمایا پانی۔ پانی کی مطلق فضیلت کو مفید ہیں۔ کیونکہ اس سے پانی کی فضیلت بلا قید مطلق ثابت ہوتی ہی لہذا ہر قسم کی نیاز کے ساتھ پانی کا رکھنا بہتر ہوگا۔ اسلیے کہ تمام صدقات و خیرات میں فرمان رسول کریم سے اسکو افضلیت حاصل ہی پس ہر قسم کے صدقات کے ساتھ افضل شے کا ہونا اولیٰ ہوگا۔ اور دوسری حدیث کے الفاظ اَن تصلی لھما وان تصوم لھما سے یعنی اُن دونو کے واسطے نماز پڑھنا اور اُن دونو کیلیے روزہ رکھنا منتسب الیہ کے حال کے موافق منتسب بہ کے خاص کرنیکی فضیلت کا فائدہ بھی حاصل ہے۔ مطلب یہ کہ دوسری حدیث کے الفاظ مذکورہ سے یہ فائدہ حاصل ہوا کہ جو چیز جس کے حال کے مناسب و مرغوب ہو ایسی شخص کے واسطے اُس چیز کا نذر و نیاز و صدقات و ہدایہ میں خاص کرنا فضیلت رکھتا ہے +

پانی کے ساتھ رکھنا [illegible] فضیلت

نماز روزہ کا مردہ کو ثواب بخشنا

واین نیت وکلام در انتساب لغیر اللہ تعالیٰ کہ غیر انتساب مختص باللہ تعالیٰ است بر محاورہ است باختصار مستعمل کلام بنا بر شہرت نسبت مختص باللہ تعالیٰ و اظہار نسبۃ مجہولہ لغیر اللہ تعالیٰ ہمچو انتساب فی قولہ تعالیٰ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ ۔ و بدانکہ انتساب ونذر لغیر اللہ تعالیٰ بر مقصدی لابدمنہ مشروع و مروج است قال اللہ تعالیٰ یا ایہا الذین امنوا اذا ناجیتم الرسول فقدموا بین یدی نجوٰکم صدقۃ ذٰلک خیر لکم واطہر فان لم تجدوا فان اللہ غفور رحیم الآیہ وقال سبحانہ خذ من اموالہم صدقۃ الآیہ اینجا صدقہ بمعنی ہدیہ خاص از بہر تعظیم و تکریم رسول اللہ تعالیٰ است صلعم چہ غیرش برائے حضرت نبی معظم و مکرم صلعم ممنوع است لعظمۃ صلعم

ترجمہ اور اس طرح نیت وکلام کرکے غیر خدا کی طرف اسکو نسبت کرنا جو بغیر نسبت کیے خدا کے ساتھ خاص ہو جاتا ہے محاورۂ کلام ہے کہ اس طرح کے استعمال سے کلام مختصر ہو جاتا ہے کیونکہ خدا کے ساتھ جو نسبت خاص ہے وہ محاورہ کلام میں اختصار کلام کی غرض سے بسبب شہرت اظہار نہیں پاتی ہے نہ اسکے ظاہر کرنیکی ضرورت ہوتی ہے بخلاف نسبت غیر خدا کے کہ وہ نسبت مجہولہ ہے اسکے اظہار کی ضرورت ہوتی ہے جیسا خود کلام الٰہی میں کہ نہایت فصیح اور ابلغ الکلام ہے اس قسم کی نسبت کا بخوبی اظہار ہے دیکھو قول اللہ تعالیٰ کا سورہ حم سجدہ رکوع چھ میں مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِہٖ یعنی جس نے عمل کیا نیک تو اسی کے نفس کے واسطے ہے ۔ حالانکہ عمل نیک وہی ہے جو اللہ کے واسطے ہو نہ اپنے نفس کے واسطے پس اللہ سبحانہ کا عامل کیواسطے عمل کا مخصوص فرمانا اور اپنی نسبت خاصہ کا اظہار نہ فرمانا بسبب شہرت اور اختصار کلام کے ہے اور یہی کہ فصاحت و بلاغت ہے ۔ اور یہ بھی سمجھنے کی بات ہے کہ حسب الحکم مضمون آیات ذیل یہ نذر و نسبت کرنا غیر خدا کے واسطے ناچار مراد خاص پر مشروع ہوا ہے اور شرعاً جائز رکھا گیا اور رواج پایا ہے کیونکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورہ مجادلہ کے رکوع دوسرے میں یَا اَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِذَا نَاجَیْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیْ نَجْوٰکُمْ صَدَقَۃً ذٰلِکَ خَیْرٌ لَّکُمْ وَاَطْہَرُ فَاِنْ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ الآیہ یعنی اے ایسے لوگو کہ ایمان لائے ہو تم جب سرگوشی یا عرض حاجت و مناجات کرو تم رسول سے تو پہلے تمھارے عرض کرنیکے صدقہ یعنی ہدیہ پیش کش کرو ۔ یہی تمھارے لیے بہتر ہے اور بہت پاکیزہ طریق ہے ۔ پھر اگر نہ پاؤ ایسی چیز کے لائق تو بیشک اللہ غفور رحیم ہے ۔ اور فرمایا حق سبحانہٗ نے سورہ توبہ رکوع تیرہ میں خُذْ مِنْ اَمْوَالِہِمْ صَدَقَۃً تُطَہِّرُہُمْ وَتُزَکِّیْہِمْ بِہَا وَصَلِّ عَلَیْہِمْ اِنَّ صَلٰوتَکَ سَکَنٌ لَّہُمْ وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ یعنی لیجیے یا قبول کیجیے اے حبیب انکے مال سے جو آپکے لیے بطور ہدیہ خاص کے وجہ اللہ ہو اور اپنی عالی ہمتی اور بندگی رب کے خیال سے انکی نیت ہدیہ کے سرم کے سبب اعراض نہ کیجیے کیونکہ ممکن ہے کہ یا بعوض انکی ہدیے کے انکو ظاہر کو آپ جیسا چاہیے خوب پاک کر دوگے اور جیسا چاہیے انکے باطن کو بھی بخوبی پاک کردوگے اور آپکا احسان انپر بڑھیا سے بڑھیا ہوگا اور انپر رحمت کیجیے ۔ بیشک آپکی رحمت انکے لیے آرام ہے بسبب آپکی رافت اور نزول رحمت کے بر انتظار ہے ۔ اور حال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ شنوا اور دانا ہے ۔ یہاں مراد صدقہ سے خاص ہدیہ ہے بسبب تعظیم وتکریم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ...

مطلب نفس کرکے یا ایہا الذین امنوا اذا

اثبات نسبت کرنا کسی چیز کا غیر کی طرف

نذر و نسبت غیر خدا مشروع و لائق ... یا ایہا الذین امنوا اذا

واستدامۃ ہدیہ باستدامۃ مناجات بجناب رسول اللہ تعالیٰ صلعم بتقائی حیات وتصرف دائمش صلعم است **ش** اثبات حیات وتصرف دائمی حضرت حیات النبی صلعم بافضلیت حیات درہمیں مکتوب ازجاہا واضح است اگر بینی وفہمی میتوانی واللہ یھدی من یشاء الیٰ صراط مستقیم **م** ازینجا است کہ ہدیہ مخصوص برائی معظم ومکرم تعظیماً وتکریماً اولیٰ است پس ہر کہ حکم کرد ایں انتساب ونذر را بشرک چنان است کہ تقدیم کرد بنفس خود درترتب کفر وشرک درمقابلہ ہروجہ ثابت **ش** کفر درمقابلہ وجہ ثابت یعنی نصوص قرآن مجید وحدیث شریف چنانکہ مذکور شد بوجہ انکارش وانتسابش بشرک وشرک درمقابلہ صحۃ انتساب لغیر اللہ تعالیٰ برمقصدی لابدشہ باآنکہ خود غافل ازوست ازینجا رد آنست گفتند کہ گفتن اینکہ نماز وروزہ برائی فلان است وایں چیز برائی فلان شرک است **م** ونیز فضل تخصیص موہوب لہ وموہوب بہ

ترجمہ اور آپ کی بقائی حیات اور تصرف دائمی کے سبب ہدیہ درعرض حاجت ومناجات کی ہمیشگی بھی اسی آپ سے ثابت ہے۔ پس بسبب تعمیم مومن اور تعمیم وقت کے ہر مومن ہر وقت وزمانہ میں آپ کی حضور میں ہدیہ پیش کرکے یا حالت عذر میں بغیر ہدیہ مناجات عرض کر سکتا ہے۔ اور آپ بسبب بقائے حیات اور تصرف دائمی اس کے حاجات میں توجہ للہ امداد فرما کے اسکے لیے موجب رحمت اور باعث تسکین ہو سکتے ہیں۔ حضرت حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات کا ثبوت مع فضیلت حیات اور آپ کا دائمی تصرف اسی کتاب میں کئی جگہ واضح طور پر ہے اگر دیکھو گے اور سمجھو گے تو ممکن ہے واللہ یھدی من یشاء الیٰ صراط مستقیم یعنی اللہ ہدایت کرتا ہے جسکو چاہتا ہے سیدھے راستہ پر۔ یہ آیت سورہ توبہ کے رکوع چھٹے میں ہے۔ اور اس آیت سے یہ بھی ثابت ہوا کہ معظم ومکرم کی تعظیم وتکریم کیلئے وہ ہدیہ جو انکے لیے خاص ہو اولیٰ ہے پس جس نے اس نذر اور نسبت کرنیکو شرک کا حکم دیا تو ہر وجہ ثابت کے مقابلہ میں گویا اُسنے اپنی ہی نفس پر کفر وشرک کے ترتب ہونے میں یعنی ثابت کرنے میں تقدیم کی۔ اور کفر مقابلہ وجہ ثابت سے یہ مطلب ہے کہ جسنے ان آیات قرآن مجید اور حدیث شریف کے مقابلہ میں جو نذر وانتساب کے ثبوت میں مذکور ہو چکی ہیں نذر ونسبت کرنے سے انکار کیا اور اُنکو شرک کہا تو بوجہ انکار آیات وحدیث اور اُن کے احکام کو شرک کہنے کے سبب۔ کفر پہلے اُسکی ذات خاص پر مترتب وثابت ہوگا۔ کیونکہ غیر خدا کی طرف نسبت کرنا جب مقصد خاص شرعیہ پر آیات وغیرہ مذکورہ سے صحیح ثابت ہوا تو اس صحت کے مقابلہ کرنے میں شرک لازمی ہوگا کہ اُس سے چارہ نہیں۔ اور طرفہ یہ کہ خود ہی اسکا غافل ہوگا۔ اب جنھوں نے کہا کہ اسطرح کہنا کہ یہ نماز وروزہ فلاں کے لیے ہے اور یہ چیز فلاں کیلیے ہے۔ شرک ہے اُنکے قول کا رد بھی یہیں ہوگیا۔ اور موہوب لہ اور موہوب بہ کہ یعنی جسکے نام بخشا اور جس چیز کو بخشا۔ خاص کرنیکی فضیلت بھی

ازینجا است کہ ذبح میکرد صلعم گوسپند برائی اصابت ثواب بحضرت خدیجہ رضؓ و بزنان احباء خدیجہ رضؓ می بخشید اخرج البخاری ومسلم و ترمذی عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا الی ان قالت ربما ذبح الشاۃ ثم یقطعہا اعضاء ثم یبعثہا فی صدائق خدیجۃ الحدیث چہ دریں ورائی ثواب سرور روح حضرت خدیجہ رضؓ ہم ملحوظ بود کہ در حالتِ حیاتِ خود ہم بایشاں می بخشید و روزی نان باریک گندم از آتش بخت شدہ بر سفرہ حضرت سید عالم صلعم بود فرمودند برائی خدیجہ بخشند کہ او می پسندید و ایتاءِ ذی القربیٰ مقدم و مفید تر باستحقاق رحم دلیلے دیگر بر فضل تخصیص موہوب لہٗ است قال سبحانہ اٰتِ ذا القربیٰ حقہ والمسکین وابن السبیل الآیہ ش **تنبیہ** ازینجا رد آنست کہ گفتہ شد تخصیص موہوب بہ و موہوب لہٗ بدعت است و تعیین زمانی سنت مستحبہ است کما فی التفسیر الکبیر

ترجمہ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خاص حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ثواب پہنچانے کو بکری ذبح فرماتے تھے اور بی بی صاحبہ کی سہیلیوں کو خاص بخشش فرمایا کرتے تھے۔ اس حدیث کو بخاری ومسلم اور ترمذی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے جسکے بعض الفاظ یہ ہیں یہانتک کہ فرمایا بی بی صدیقہ رضؓ نے ربما ذبح الشاۃ ثم یقطعہا اعضاء ثم یبعثہا فی صدائق خدیجۃ الحدیث یعنی اکثر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بکری ذبح فرماتے تھے پھر جوڑ جوڑ اُسکے جدا کرتے اور وے بی بی خدیجہ رضؓ کی چاہنے والیوں کے لیے بھیجتے تا آخر حدیث۔ اسلیے کہ اسمیں علاوہ خوشنودی روح حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ عنہا کے آپ کو اسکا بھی لحاظ رہتا کہ حضرت بی بی صاحبہ اپنی حالت حیات میں بھی انھیں بخشش کیا کرتی تھیں۔ اور ایک روز گیہوں کی باریک روٹی آگ پر خوب سکی ہوئی حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دسترخوان پر تھی آپ نے فرمایا کہ خدیجہ کیلیے اسے بخشدیں۔ کیونکہ وہ اس قسم کی روٹی پسند کیا کرتی تھیں۔ اور ذوی القربیٰ کو دینا باعتبار اُن کے استحقاق رحم کے زیادہ مقدم اور مفید ہے۔ پس موہوب لہٗ کے خاص کرنے کی فضیلت پر یہ ایک اور دلیل ہے جیسا فرمایا حق سبحانہ نے سورہ بنی اسرائیل کے رکوع تیسرے میں اٰتِ ذَا الْقُرْبیٰ حَقَّہٗ وَ الْمِسْکِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ الآیہ یعنی آپ اول قرابتی کو اسکا حق دیجیے پھر مسکین کو اور مسافر کو آخر تک **تنبیہ** یہاں پر اب اس کا بھی رد ہو گیا جو کہا گیا موہوب بہ اور موہوب لہٗ کا خاص کرنا بدعت ہے اور تعیین زمانی یعنی نذر و نیاز اور زیارت اور ایصال ثواب مقرر وقت پر کرنا سنت مستحبہ ہے جیسا تفسیر کبیر میں ہے ✦

مطلب تعیین زمانی سنت مستحب است

بیان نکات وقت مقرر کا سنت مستحب ہے
نذر و نیاز و زیارت و ایصال ثواب کا بوقت معین

انّہ صلعم کان یاتی قبور الشہداء رأس کلّ حولٍ فیقول سلامٌ علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار و الخلفاء الاربعۃ ھکذا یفعلون انتہی ازینجا ایصال ثواب سالانہ ہم ظاہر است پس قریب را زیارتِ قبر اولیٰ است و متعذر زیارت را ایصالِ ثواب و حاضری سال بسال بر مقابر کہ عرس عبارت ازانست ہم ازینجا است و در مشکوٰۃ شریف است از محمد بن النعمان برفع حدیث قال صلی اللہ علیہ وسلم من زار قبر ابویہ او احدھما فی کل جمعۃٍ غفرلہ وکتب برًّا الحدیث وقال اللہ تعالیٰ واذکروا اللہ فی ایام معدودات الآیہ و روز سوم بخانہ اہل عزا رفتن و دعای خیر کردن و طعام فرستادن سنت است ازانکہ حضرت رحمۃ عالم صلعم بروز سوم بخانۂ آل جعفر رض ابن ابی طالب تشریف فرمود و فرزندان جعفر را دلداری نمود و دعای خیر کردم ایشان را و طعام فرستاد و مدارج النبوت و در کتاب فتاوی اوزجندی مؤلف ملّا علی قاری روایت است

ترجمہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم شہیدوں کے مزارات پر ہر برس کے شروع میں تشریف لے جاتے تھے اور اسطرح انکو مخاطب کرکے فرماتے کہ سَلامٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّار یعنی تمپر سلامتی ہو جو بسبب اسکے کہ تمنے صبر کیا اور اچھا ہوا آخر ٹھکانہ۔ اور چاروں خلیفہ بھی بعد آپکے ایسا ہی کرتے رہے انتہی یعنی تمام ہوئی عبارت تفسیر کبیر۔ یہیں سے سالانہ ثواب پہنچانا بھی ظاہر ہے۔ پس قریب کیلیے زیارت قبر کی اولیٰ ہے۔ اور جو زیارت کو عذر کے سبب نہ جاسکے اُسکو ثواب پہنچانا۔ اور سال بسال مقابر پر حاضر ہونا کہ یہی مراد عرس سے ہے یہیں سے ثابت ہوتا ہے۔ اور مشکوٰۃ شریف میں حضرت محمد بن نعمان رض سے ایک حدیث مرفوع ہے۔ کہ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے اپنے والدین کی قبر کی یا دونو میں سے ایک کی ہر جمعہ کے دن زیارت کی اُس کے گناہ بخشدیے جاوینگے اور وہ نیکوکار لکھدیا جاویگا آخر حدیث تک۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَاذْکُرُوا اللہَ فِیْ اَیَّامٍ مَّعْدُوْدَاتٍ الآیۃ اور یاد کرو اللہ کو کئی دن میں گنتی کے آخر آیت تک۔ اور تیجہ کے روز اہل میت کے گھر جانا اور دعائے خیر کرنا۔ اور کھانا بھیجنا سنت ہے۔ اسلیے کہ مدارج النبوۃ میں ہے کہ حضرت رحمتِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم تیجہ کے دن آل جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لیگئے اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادوں کی دلداری کی اور دعائے خیر خاص اُن کے لیے فرمائی اور کھانا بھیجا۔ اور کتاب فتاویٰ اوزجندی میں جو ملا علی قاری صاحب کی تالیف کی ہوئی روایت ہے +

زیارت قبر و ایصال ثواب و شرکت اعراس اولویت قریب کیواسطے متعذر کو

تیجہ کو میت کے گھر جانا دعا کرنا کھانا بھیجنا سنت ہے +

کان الیومُ الثالثُ عن وفاتِ ابراھیم بنِ محمدٍ صلی اللہ علیہ وسلم جاءَ ابو ذرٍّ عندَ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم معہ لبنُ الناقۃِ وخبزُ الشعیرِ فوضعہا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقرء النبی علیہ السلام الفاتحۃَ مرۃً و سورۃُ الاخلاص ثلاث مراتٍ وقرء اللّٰھم صل علی محمد انت لہا اھل وھو لہا اھلٌ فرفع یدیہ ومسح وجہہ فامر بابی ذرٍ ان یُقسِّمہا وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثوابُ ھذہ الاطعمۃ لابنی ابراھیم الحدیث

ش باختلاف بعض الفاظ در ہدیۃ الحرمین ودریں روایت از اوزجندی بست و شش مہر از اکابر علماء حرم شریف یعنی مکہ معظمہ زادھا اللہ تعالی شرفاً وتعظیماً ثبت است پس معلوم شد ازینجا است کہ روز سوم وفاتحہ خواندن بطعام پیش از خوردن ورفع یدین ومسح برو وتقسیم طعام وایصال ثواب از عبادت مالی وبدنی ہمہ سُنّت است وقال اللہ تعالی وافعلوا الخیرَ لعلکم تفلحون ۵ الآیہ

مطلب تفسیر وافعلوا الخیر الخ

ترجمہ کہ حضرت ابراھیم علیہ السلام صاحبزادہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے تیسرا دن یعنی تیجہ تھا۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ اُنکے ساتھ اونٹنی کا دودھ اور جَو کی روٹی تھی پس اُسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس رکھدیا۔ تو نبی علیہ السلام نے سورۂ فاتحہ ایکبار۔ اور سورۂ اخلاص تین بار پڑھا اور یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَھُوَ لَھَا اَھْلٌ پڑھی۔ یعنی اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسی کہ تو جس کے لائق ہے اور وہ جس کے لائق ہے۔ پھر آپ نے اپنے دونو ہاتھ اُٹھائے اور اپنے منہ پر پھیرے اور حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو حکم کیا کہ اسکو تقسیم کردے۔ اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کھانے کا ثواب میرے بیٹے ابراھیم کے لیے ہے آخر حدیث۔ اور یہی حدیث ہدیۃ الحرمین میں بعض الفاظ کے اختلاف کے ساتھ مذکور ہے۔ اور اسی روایت اوزجندی پر (حضرت مصنف کتاب ہذا فرماتے ہیں) کہ میں نے چھبیس مہریں بڑے بڑے علمائے حرم شریف یعنی مکہ معظمہ کی اللہ تعالی اُسکی شرافت اور عظمت کو زیادہ کرے۔ شمار کی ہیں۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ تیجہ کرنا اور کھانے سے پہلے کھانے پر فاتحہ دینا۔ اور دونو ہاتھ اُٹھانا۔ اور اُن کا مُنہ پر پھیرنا۔ اور کھانے کا تقسیم کرنا۔ اور کھلانا۔ اور ہر قسم کی عبادت مالی وبدنی کا ثواب پہنچانا سب سُنّت ہے۔ اور فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ حج رکوع دہم میں وافعلوا الخیر لعلکم تفلحون الآیہ یعنی اور خیر کرو شاید تمکو فلاح ملے

مطلب تفسیر وافعلوا الخیر

بعموم زمان و مخیرٌ و مخیرٌ لہ و خیر و فلاحِ مخیر و مخیرٌ لہ **ش** باید دانست کہ عموم خیر شامل است عبادتِ مالی و بدنی و روحی را و عمومِ مفعول شامل است نفسِ خود و غیرِ خود را از احیاء و اموات چہ اصابتِ خیر بہر دو ثابت **ھ** پس تعیین روز دہم و بستم وغیرہ برائے خیر کہ شامل عموم است حسن است و اخرج انس ابنِ مالکؓ قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اللیلۃ الاولیٰ عسیرۃٌ علی المیۃ فتصدقوا لہ وینبغی ان یواظبَ علی الصدقۃ للمیّت سبعۃ ایامٍ وقیل اربعین فان المیتَ یتشوّق الیٰ بیتہ الحدیث باید دانست تصدّقوا عام است از روئے مخاطب و صدقہ و متصدَّق لہ و زمان بدلالۃ عموم میّت و اربعین اولیٰ است از سبعہ و زیادت بریں ممنوع نیست کہ از تطوّع است

ترجمہ اس آیت شریف سے عموم زمان اور عموم مخیر و مخیرٌ لہ اور عموم خیر و فلاح مخیر و مخیرٌ لہ یعنی جو کچھ خیرات کریں اور جس کے لیے خیرات کریں اور خیرات کرنیوالے کا عام ہونا ہر وقت میں ثابت ہے۔ اور معلوم ہو کہ عموم خیر عبادت مالی و بدنی اور روحی کو شامل ہے۔ اور مفعول کا عموم شامل ہے اپنے نفس کو اور اپنے غیر کو خواہ زندے ہوں یا خواہ مُردے کیونکہ خیر کا پہنچانا دونوں کے واسطے ثابت ہے۔ مطلب یہ کہ اس آیت شریف میں خیر کیلیے قید وقت نہ ہونے سے بسبب عام ہونے وقت کے ہر وقت و زمانہ میں خیرات کرنا درست ہوا۔ اسی طرح جو چیز خیرات کی جاوے اور خیرات کرنیوالا جسکے لیے خیرات کی جاوے اُنکو بھی بغیر قید بالعموم ثابت ہونے سے یہ بھی سب عام ہوئی لہذا ہر قسم کی خیرات خواہ مالی ہو یا جسم سے یا روح سے ہر شخص کیواسطے خواہ کوئی ہو آپ ہو یا غیر زندہ ہو یا موتیٰ ہر وقت میں سبکو شامل ہے کیونکہ عموم زمان و مخیر و مخیرٌ لہ اور عموم خیر و فلاح اس سے بخوبی ظاہر ہے۔ اور اس خیر کے ثمرہ اور فلاح میں بھی وہی عموم موجود ہے تیسرے میت کیواسطے دسویں بیسویں وغیرہ کی تعیین یعنی ان تاریخوں کو مقرر کر کے اُنمیں خیر کرنا بسبب اسکے کہ اسی عموم میں یہ بھی شامل ہیں حسن ہے اور اچھا فعل ہے اور حدیث کے موافق ہے جیسا حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ پہلی رات میت پر بہت دشوار ہے پس اُسکے لیے صدقہ دو اور لائق ہے کہ میت کے لیے صدقہ کی مواظبت کرو یعنی صدقہ برابر جاری رکھو سات دن اور کہا گیا چالیس دن کیونکہ میت اپنے گھر کیطرف مشتاق ہوتی ہے تا آخر حدیث۔ معلوم ہو کہ اس حدیث شریف میں لفظ تصدّقوا یعنی صدقہ دو عام ہے اس راہ سے کہ مخاطب عام ہے کیونکہ مفعول اول اسکا بوجہ توسع مذکور نہیں ہوا۔ اور مفعول ثانی یعنی میت کے عام ہونے کے سبب صدقہ اور جسکو لیے صدقہ دیں اور اُسکا وقت بھی عام ہوا کیونکہ فعل تصدّقوا کہ متعدی بمفاعیل ہے انکا مذکور نہ ہونا بغرض توسع ہر ایک کے عموم پر دلیل ہے۔ پس معلوم ہوا کہ ہر شخص کو ہر میت کے لیے ہر قسم کا صدقہ ہر وقت دینا درست ہے۔ اور بہ نسبت سات کے چالیس دن تک صدقہ جاری رکھنا اولیٰ ہے۔ اور اس سے زیادہ کرنا ممنوع نہیں ہے کیونکہ یہ بھی ایک قسم کا تطوع ہے یعنی شوق عبادت زائدہ

ہر قسم کی خیرات ہر وقت کرنا درست ہے

